نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں مبعوث ہوئے انبیاء کبھی مگر واسطے فرار ہونے مخلوق کے دنیا سے مولیٰ کی طرف اور فرمایا علیہ السلام نے دنیا مردار ہے اور اس کے طالب کتے ہیں اور کتوں میں برا وہ ہے جو ٹھیر گیا اس پر اور فرمایاؑ نے دنیا سنڈاس ہے اور کتوں کے جمع ہونے کی جگہ ہے کتے پنے کی صفت میں جو کم ہوتا ہے وہ بقدر حاجت لے لیتا ہے اور پلٹ جاتا ہے اور اس کا دوستدار ہٹتا نہیں اور کسی حالت میں اس کو چھوڑتا نہیں اور معلوم ہے کہ جب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بی بیاں حضرت علیہ السلام کی حضور میں حاضر ہوئیں اور کہیں کہ پر تکلف لباس چادریں اور مقنعے بنادو ان کی شان میں یہ آیت نازل ہوئی ای نبی کہدو اپنی بیبیوں سے اگر تم دنیا کی زندگی اور اس کی زینت کو چاہتی ہو تو آؤ میں تم کو متاع طلاق دیدیتا ہوں اور چھوڑ دیتا ہوں تم کو اچھا چھوڑنا۔ نقل ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام سے پوچھے کہ اگر کوئی فاقہ پر صبر نہیں کر سکتا تو کیا کرے فرمایا ایک یا دو جیتل (ایک یا دو ٹکے) کا کسب کرے اور کھائے اور پھر فرمایا زیادہ بہتر وہ ہے کہ (دائرہ والوں سے) مانگے اور کھائے اس لئے کہ ایک جیتل کا کسب کرے گا تو دوسرے روز دو جیتل (کسب کرنے) کی خواہش ہوگی اور نیز نقل ہے کہ حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ ایک بزرگ نے بی بی رابعہؒ بصریؒ سے پوچھا کہ اگر خدا کے دوست پر ایک روز گزر جائے تو کیا کرے فرمایا کہ صبر کرے پھر پوچھا کہ دو روز گزر جائیں

اگر دو روز بگذرد چہ کند بی بی رابعہؒ فرمودند
کہ بر خدائے تعالیٰ بماند باز تا ہفت روز بی بیؒ
ہمیں جواب دادند کہ بر خدائے تعالیٰ بماند بعدہ
آں بزرگوار گفت اگر بمیرد بی بی مذکورہ
فرمودند کہ دیت بر خدائے تعالیٰ واجب
شود باز فرمودند کہ آنچہ بی بی رابعہؒ فرمودند
عزیمت است و آں مقدار کہ گفتہ شد
رخصت است۔ و نیز نقلست کہ کسے
سلطان ابراہیم ادہمؒ را سوال کرد الفقیر
اذا جاع یوما فما یصنع
قال یصبر قال السائل ولو جاع
یومین قال یصبر قال السائل
ولو جاع ثلثة ایام قد
فیصبر السائل بجوع ثلثة
ایام قاتل قال فالدیة
علی قاتله۔ بیت

مرکشتہ خلق را دیت دینار است
مرکشتہ حق را دیت دیدار است

حکایت سلطان ابراہیم ادہمؒ و بی بی رابعہؒ
از جہت عزیمت فرمودند اگر بریں عزیمت
ماندن نتواند خدائے تعالیٰ رخصت
ہم فرمودہ است قوله تعالیٰ انما
حرم علیکم المیتة والدم
ولحم الخنزیر وما اهل
به لغیر الله فمن اضطر غیر
باغ ولا عاد فلا اثم علیه

—— تو کیا کرے بی بی رابعہؒ نے فرمایا کہ
صبر کرے اسی طرح سات روز کے فاقہ کے
متعلق بی بیؒ نے یہی جواب دیا کہ صبر کرے اس کے
بعد اس بزرگ نے کہا کہ اگر مر جائے تو بی بی مذکور
نے فرمایا کہ اس کا بدلہ خدائے تعالیٰ پر واجب ہو جائے گا
اس کے بعد فرمایا کہ جو کچھ کہ بی بی رابعہؒ نے فرمایا
عالیت ہے اور وہ مقدار جو (اس نقل سے پہلے)
کہی گئی رخصت ہے اور نیز نقل ہے کہ کسی نے سلطان
ابراہیم ادہمؒ سے سوال کیا کہ فقیر جب بھوکا رہے
ایک دن تو کیا کرے کہا صبر کرے کہا سائل نے اگر
بھوکا رہے دو دن کہا صبر کرے کہا سائل نے اور اگر
بھوکا رہے تین دن کہا پس صبر کرے کہا سائل نے
بھوک تین دن کی قتل کرنے والی ہے
کہا پس خون بہا اس کے قاتل پر ہے۔

بیت

دنیا میں اگر کوئی شخص کسی کو مار ڈالا تو اس کا بدلہ دینا ہے
اور جو خدا کے لئے اپنی جان دیتا ہے اس کا بدلہ دیدار ہے

حکایت سلطان ابراہیم ادہمؒ اور بی بی رابعہؒ نے
عزیمت (عالیت) کے متعلق فرمایا ہے کہ اگر کوئی عزیمت
پر قائم نہیں رہ سکتا ہے تو خدائے تعالیٰ نے رخصت
(پر عمل کرنے کی اجازت) بھی دی ہے چنانچہ
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے بس اس نے تو حرام
کیا ہے تم پر مردار اور خون اور سور کا گوشت
اور جس پر نام پکارا جائے اللہ کے غیر کا پھر جو کوئی
ناچار ہو جائے کہ نہ عدول حکمی کرنے والا ہو اور نہ حد سے بڑھنے

ان اللہ غفور رحیم (جزء ۲۱ رکوع ۵)
پس خدائے تعالیٰ ایں چنیں فرمودہ نہ فرمود
کہ طلب حیات دنیا و میل آں کنید و یا
در خانہ طالبان حیات دینار و یدیا از ایشاں
چیزی طلبید حضرت میراںؑ فرمودند کہ
حق تعالیٰ بندہ را مراتب انبیاء و اولیاء
و مومنین و مومنات و احوال جملہ موجودات
ہمچناں معلوم کردہ است کہ چنانچہ کسی چیزے
در دست دارد و بہر طرف آں چیز را بگیرداند تا
کما حقہ بشناسد چنانچہ صرافی می کند تا واقف
شود بر تفاوت در دارت مہر نقرہ باز ملایاں
سوال کردند کہ شما کسب را حرام می گوئید
میراںؑ فرمودند کہ مومن را کسب حلال است
مومن باید و در قرآن تامل باید کرد کہ مومن
کرا می گویند باز سوال کردند کہ شما می گوئید
کہ خدائے تعالیٰ را در دنیا کہ دار فنا است
بچشم سر می تواں دید بعد ازاں حضرت میراںؑ
فرمودند کہ خدائے تعالیٰ می گوید یا بندہ می
گوید قولہ تعالیٰ ومن کان فی
ھذہ اعمیٰ فھو فی الآخرۃ
اعمیٰ واضل سبیلا (جزء ۱۵ رکوع ۸)
باز ملایاں سوال کردند کہ قرار سنت و جماعت
آنست کہ مراد ازیں آیت دیدن در آخرت
است بعد ازاں میراںؑ فرمودند کہ وعدۂ
خدائے تعالیٰ مطلق است ماہم مطلق می
گوئیم مقید نمی کنیم و سنت و جماعت ہم ناجائز

والا تو اس پر کچھ گناہ نہیں بے شک اللہ بخشنے
والا مہربان ہے۔ پس خدائے تعالیٰ نے اس طرح فرمایا
اور یہ نہیں فرمایا کہ دنیا کی زندگی کو طلب کرو اور
اس کی رغبت کرو یا دنیا کی زندگی کے طالبوں کے
گھروں کو جاؤ اور یا ان سے کوئی چیز طلب کرو اور حضرت
مہدیؑ نے فرمایا کہ حق تعالیٰ نے بندہ کو انبیاء اولیاء
مومنین اور مومنات کے مراتب اور تمام موجودات
کا احوال ایسا معلوم کیا ہے جیسا کہ ایک شخص ایک
چیز ہاتھ میں رکھتا ہے اور ہر طرف اس کو پلٹتا ہے تاکہ
اس کو اچھی طرح پہچانے جیسا کہ صراف کرتا ہے تاکہ سکہ
نقرہ کے کھرے کھوٹ سے واقف ہو جائے پھر ملاؤں
نے سوال کیا کہ آپ کسب کو حرام کہتے ہو مہدیؑ نے
فرمایا کہ مومن کے لئے کسب حلال ہے مومن چاہئے
اور قرآن میں غور کرنا چاہئے کہ مومن کس کو کہتے ہیں
پھر سوال کیا کہ آپ کہتے ہو کہ خدائے تعالیٰ کو دنیا
میں جائے فنا ہے چشم سر سے دیکھ سکتے ہیں بعد ازاں
حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ خدائے تعالیٰ
کہتا ہے یا بندہ کہتا ہے فرمان باری تعالیٰ ہے کہ
اور جو شخص اس دنیا میں اندھا ہے پس وہ آخرت
میں اندھا اور زیادہ گمراہ ہے۔ اس کے بعد ملاؤں
نے سوال کیا کہ سنت وجماعت کا اتفاق اس بات
پر ہے کہ مراد اس آیت سے آخرت میں دیکھنا ہے۔
اس کے بعد مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ خدائے
تعالیٰ کا وعدہ مطلق ہے ہم بھی مطلق
کہتے ہیں مقید نہیں کرتے اور سنت
وجماعت نے بھی دنیا میں (دیدار کو)

وناممکن در دنیا نہ گفتند کلام ایشاں را خوب
طریق فہم باید کرد کہ چہ گفتہ اند بعد ازاں سوال
کردند کہ شما آیت رحمت در جاکمتر بیان می
کنید و آیت خوف و قہر بیشتر بیان می کنید
بندہ نا امید میشود فرمودند قال النبیؐ
اخوک من حذرک ولا من
غرک۔ ملایاں گفتند کہ شما از علم خواندن
منع می کنید حضرت میرانؑ فرمودند کہ بندہ
تابع محمد رسول اللہؐ است آنچہ محمد رسول
اللہؐ منع نہ کردہ است بندہ چوں منع کند
بندہ ذکر دوام فرض می گوید بامر اللہ و بہ
حکم کتاب اللہ ہر چہ مانع ذکر است آں
ممنوع است چہ علم خواندن وچہ کسب
کردن وچہ باخلق اختلاط کردن وچہ خوردن
وخسپیدن غفلت حرام است و ہر چہ موجب
غفلت است حرام است باز ملایاں گفتند
کسان شما بے ادبی می کنند باز گفتند از استاداں
وپیراں برگشتہ اند بلکہ از ایشاں یعنی از ملایاں
بیزار شدہ اند و بر ایشاں عیب می کنند
حضرت میرانؑ فرمودند شما را مسئلہ شرعی
مگر فراموش شد در شرع چون است کسیکہ
دختر خود را بہ عنین نکاح کردہ داد حال او
پوشیدہ بود بعد از مدتی تحقیق شد کہ عنین
است در شرع تفریق کنند یا نہ کنند
ہر کہ کالای خرید بہ گمان سلامتی اگر عیب
شرعی ظاہر شود واپس میدہند یا نمی دہند

ناجائز اور ناممکن نہیں کہا ان کے کلام کو
اچھی طرح سمجھنا چاہیئے کہ کیا کہا ہے اس کے بعد سوال
کیا کہ آپ رحمت اور امید کی آیتیں بہت کم بیان
کرتے ہیں خوف اور قہر کی زائد (جس سے خدا کے) بندے
ناامید ہوتے ہیں فرمایا کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تیرا
بھائی وہ ہے جس نے تجھے ڈرایا اور نہ وہ جس نے تجھے
دھوکہ دیا۔ ملاؤں نے کہا کہ آپ علم پڑھنے سے منع کرتے
ہو حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ بندہ محمد رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تابع ہے جو کچھ کہ محمد رسول اللہؐ
نے منع نہیں کیا ہے بندہ کیوں منع کرے بندہ خدا کے
حکم سے اور خدا کی کتاب کے حکم سے ذکر دوام کو فرض
کہتا ہے جو چیز کہ ذکر کو مانع کرنے والی ہے وہ ممنوع
ہے کیا علم پڑھنا اور کیا کسب کرنا اور کیا دنیا کے لوگوں
سے دوستی کرنا اور کیا کھانا اور کیا سونا غفلت
حرام ہے اور جو چیز کہ غفلت کا سبب ہے وہ حرام
ہے پھر ملاؤں نے کہا آپ کے لوگ بے ادبی کرتے ہیں
پھر کہا کہ استادوں اور پیروں سے پھر گئے ہیں
بلکہ ان سے یعنی ملاؤں سے بیزار ہوگئے ہیں اور
ان پر عیب لگاتے ہیں حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا
کہ شاید تم شرع کا مسئلہ بھول گئے ہو شرع میں (اس کے
متعلق) کیا ہے جو شخص کہ اپنی لڑکی کو نامرد کے ساتھ نکاح
کر دیا حال اس کا پوشیدہ تھا بعد مدت کے تحقیق ہوئی
کہ نامرد ہے۔ شرع میں جدا کرتے ہیں یا نہیں جو شخص
کہ سامان اچھا ہونے کے خیال سے خرید
لیا (اس کے بعد) اگر عیب شرعی ظاہر
ہو تو واپس کرتے ہیں یا نہیں پس دین

پس مقصود دینی از مقصود دنیوی کمتر شد کہ
حاصل شود یا نہ شود پیوند نباید برید و بیزار
نباید شد و مقصود دینی از جای دیگر طلب
نباید کرد ذری طلب دینی و ز ہی طلب دیدار
خدائے تعالیٰ کہ در طلب مقصود دنیوی تفریق
و بیزاری و جدائی روا می دارند و در حصول
مقصود دینی روا نمی دارند قال ؑ رحم
اللہ علی من انصف ولعن اللہ
علی من لا ینصف قال ؑ واللہ
ان الدنیا لاھون من عروق
الخنزیر بید الجزار کما قال
سبحانہ وتعالیٰ زین للناس
حب الشھوات من النساء والبنین
الآیۃ (ج ۳ رکوع ۱۰) ثم اعلم
ان الجھنم سبع درکات کلھا
محفوفۃ بالشھوات وقال ؑ
حفت الجنۃ بالمکارہ وحفت
النار بالشھوات والشھوات
سبع درکات بکل درکۃ شھوۃ
والمرء بالشھوۃ منھا یکون
من اھل درکۃ منھا والشھوات
السبع ما عھد اللہ تعالیٰ
فی ھذہ الآیۃ اشارۃ بکل
واحد منھا الی الشھوۃ منھا
بقولہ من النساء وھی شھوۃ
الفرج والبنین وھی الشھوۃ

کا مقصود دنیا کے مقصود سے زیادہ کم ہو گیا
حاصل ہو یا نہ ہو (مرشد سے) علاقہ نہیں توڑنا چاہئے
اور بیزار نہیں ہونا چاہئے اور دینی مقصود دوسری
جائے سے طلب نہیں کرنا چاہئے کیا اچھی دین کی
طلب کیا اچھی خدائے تعالیٰ کے دیدار کی طلب کہ دنیا
کے مقصود کی طلب میں علیحدگی بیزاری اور جدائی
کو روا رکھتے ہیں اور دین کے مقصود کے حاصل
کرنے میں روا نہیں رکھتے فرمایا ؑ نے رحم کرے اللہ
اس پر جس نے انصاف کیا اور لعنت کرے
اللہ اس پر جس نے انصاف نہ کیا فرمایا علیہ السلام
نے خدا کی قسم تحقیق دنیا زیادہ ذلیل ہے
سور کی رگوں سے ہاتھ میں قصاب کے جیسا کہ
کہا خدائے پاک نے زینت دی گئی لوگوں کے لئے
محبت شہوتوں کی یعنی عورتوں کی اور بچوں
کی الخ پھر جان کہ جہنم کے سات درجے ہیں
سب درجے گھرے ہوئے ہیں شہوتوں سے
اور فرمایا علیہ السلام نے گھری ہوئی ہے جنت
سختیوں سے اور گھری ہوئی ہے دوزخ
شہوتوں سے اور شہوتوں کے سات درجے ہیں
ہر درجہ کے لئے ایک شہوت ہے جس درجہ کی شہوت
کا آدمی ہو گا اس درجہ کی دوزخ میں ڈال دیا
جائے گا اور سات شہوتیں وہ ہیں جو اس آیت
میں خدا نے مقرر کیا ہے اشارہ کرتے
ہوئے ان شہوتوں میں سے ایک ایک
شہوت کی طرف ان شہوتوں کے منجملہ
عورتوں کی شہوت یعنی فرج کی شہوت

الطبيعية الحيوانية المائلة الى الولد - والقناطير المقنطرة من الذهب وهى شهوة الحرص على جمع المال والفضة وهى شهوة الزينة بالحلى والاوانى المتخذة منهما والخيل المسومة وهى شهوة الجاه والرفعة بالركوب عليه - والانعام - وهى شهوة الفخر والخيال بالتمول بها والحرث وهى شهوة الحكم والاوامر والنواهى على الرعايا فهذه السبع شهوات حفت سبع دركات النار بها ذلك متاع الحيوة الدنيا اى متمتعات اهل الدنيا الذين ياكلون الدنيا يستمتعون بها والنار مثوى لهم - من بحر الحقايق روى عن حارث بن المغيرة البصرى رح قال قلت لابى عبد الله الحسين بن على رضى الله عنهما باى شئ يعرف الامام المهدى ع قال بالسكينة والوقار فقلت وباى شئ قال بمعرفة الحلال والحرام يحتاج الناس اليه ولا يحتاج الى احد - وعن عبد الله بن عطاء قال سالت

ہے اور بچوں کی شہوت یعنی شہوت طبیعت حیوانی کی جو مائل ہوتی ہے بچوں کی طرف اور سونے چاندی کے ڈھیروں کی شہوت اور یہ شہوت مال جمع کرنے کی حرص کا نام ہے اور چاندی کی شہوت یہ شہوت زیوروں سے آراستہ ہونے اور سونے چاندی کے برتن بنانے کی ہوتی ہے اور نشاندار گھوڑوں کی شہوت اور یہ شہوت جاہ و مرتبہ کی ہوتی ہے جو ان پر سوار ہونے سے حاصل ہوتی ہے اور چارپایوں کی شہوت یہ شہوت فخر کی اور ان سے مال پیدا کرنے کے خیال اور کھیتی کرنے کی ہوتی ہے اور یہ شہوت رعایا پر حکم کرنے اور امر و نہی کرنے کی ہوتی ہے پس یہ سات شہوتیں دوزخ کے سات درجوں کو گھیرے ہوئے ہیں یہی ہے دنیا کی زندگی کی پونجی یعنی دنیا داروں کے فائدہ کی چیزیں یہی ہیں جو دنیا کو کھا جاتے ہیں اور فائدہ اٹھاتے ہیں اس سے اور دوزخ ان کا ٹھکانہ ہے یہ بحر الحقایق سے ماخوذ ہے حارث بن مغیرہ بصری سے مروی ہے کہ کہا میں نے ابو عبد اللہ حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے کس چیز سے پہچانے جائیں گے امام مہدی علیہ السلام کہا متانت اور وقار سے پھر میں نے کہا اور کس چیز سے کہا حلال وحرام کی معرفت سے لوگ اس کے محتاج ہوں گے اور وہ کسی کا محتاج نہ ہوگا اور عبد اللہ

ابا جعفر بن محمد بن علی فقلت اذا خرج المهدی ع بای سیرة یسیر قال یهدم ما قبله کما صنع رسول الله ویستانف الاسلام جدیدا عن علی بن ابی طالب المهدی ع لا یترك البدعة الا ازالها ولا سنة الا اقامها کتب انی عقد الدرر پس گروه خود را همیں فرمود که احتیاج سوی مردمان می کنید و بر نبشته تقدیر راضی شوید کما قال النبی ع کتب الله تعم مقادیر الخلائق قبل ان یخلق السموات والارض بخمسین الف سنة وعن عبد الله بن عباس رضی الله عنهما قال کنت خلف النبی ع یوما فقال یا غلام انی اعلمك کلمات احفظ الله تجاهك اذا سالت فاسئل الله (چنانچہ نقل) واذا استعنت فاستعن بالله واعلم ان الامة لو اجتمعت علی ان ینفعك بشیء لم ینفعك الا بشیء قد کتب الله لك ولو اجتمعت علی ان یضروك بشیء لم یضروك الا بشیء قد کتب الله علیك ورفعت الاقلام

بن عطار سے مروی ہے کہا سوال کیا میں نے ابوجعفر بن محمد بن علی سے پس میں نے کہا جب نکلیں گے مہدی علیہ السلام تو کس سیرت پر چلیں گے کہا گرا دیں گے اپنے ماقبل کو جیساکہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور اسلام کو از سر نو تازہ کریں گے علی بن ابوطالب سے مروی ہے مہدی علیہ السلام کسی بدعت کو زائل کئے بغیر نہیں چھوڑیں گے اور کسی سنت کو قائم کئے بغیر نہیں چھوڑیں گے عقدالدرر میں ایسا ہی ہے پس امام علیہ السلام نے اپنے گروہ کو یہی فرمایا کہ لوگوں کے پاس اپنی حاجت مت لے جاؤ اور جو کچھ تقدیر میں لکھا ہے اس پہ راضی رہو جیساکہ فرمایا نبی ع نے اللہ تعالیٰ نے خلایق کی تقدیرات کو آسمان و زمین پیدا کرنے کے پچاس ہزار برس پہلے لکھدیا ہے اور عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہا میں ایک دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے تھا پس فرمایا اے لڑکے تحقیق میں تجھے چند باتیں سکھاتا ہوں یاد کرلے جب تو مانگے تو اللہ ہی سے مانگ (چنانچہ نقل) اور تو مدد چاہے تو خدا سے مدد چاہ اور جان کہ امت اگر جمع ہو کر یہ کوشش کرے کہ تجھے نفع پہونچائے تو تجھے اس سے بڑھ کر نفع نہیں پہونچا سکتے جتنا کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے لئے لکھدیا ہے اور اگر تجھے نقصان پہونچانا چاہیں تو اس سے زیادہ نقصان نہیں پہونچا سکتے جتنا کہ اللہ نے تیرے حصہ میں لکھدیا ہے

وجفت الصحف (رواہ احمد والترمذی)

آنچہ دلا رزق تست بیش نیابی نہ کم
خاطر خود جمع دار، ہیچ پریشاں مباش
دل قوی دار کہ در لوح قضا کلک قدر
سعدیا انچہ نوشت است ہماں خواہد شد
قلمش روز ازل بر سر من انچہ نوشت
متبدل نشود گرچہ زنم بر سر خشت
رضیت بما قسم اللہ لی
وفوضت امری الیٰ خالقی
لقد احسن اللہ فیما مضیٰ
کذالک یحسن فیما بقیٰ

پس مومناں را یقین آمد پس حبس کردند ذات خویش را از میل کردن سوی دنیا داراں از جہت معاش خود لانھم لا یتملقون عند ابناء الدنیا بکلام اللین ای لجھلۃ المعاش پس صفت گروہ مہدی ع اینست کہ از خلق خط نفس خود نجویند بلکہ بر خالق خود اعتماد کنند و ذات خویش را حبس کنند در راہ خدائے تعالیٰ قولہ تعالیٰ للفقراء الذین احصروا فی سبیل اللہ (جزء ۳ رکوع ۵) ای حبسوا انفسھم عن المیل الیٰ غیر اللہ فی مجلس من مراقبۃ اللہ ناظرون من اللہ الی اللہ وراضون بقضاء

اور قلم اٹھا لئے گئے ہیں اور صحیفے خشک ہوگئے ہیں روایت کی اس کی احمد اور ترمذی نے ای دل جتنا رزق تیری قسمت میں ہے نہ اس سے زاید پائے گا اور نہ کم اپنا دل مضبوط رکھ ذرا بھی پریشان مت ہو دل کو قوی رکھ اس لئے کہ قضا کی تختی میں تقدیر کے قلم نے اے سعدی جو کچھ لکھدیا ہے وہی ہوگا۔
اس کے قلم نے ازل میں میرے سر پر جو کچھ لکھدیا ہے اس میں کمی بیشی نہ ہوگی اگرچہ میں اپنے سر پر اینٹ ماروں اللہ تعالیٰ نے جو کچھ میرے لئے لکھدیا ہے میں اس سے راضی ہوں اور میں اپنے کاروبار اپنے خالق کے حوالہ کر دیا ہوں۔

اب تک جو کچھ ہوا اللہ نے اچھا کیا
اور جو ہوگا اچھا ہی کرے گا

پس مومنوں کو (تقدیر پر) یقین آگیا پس (انہوں نے) معاش (اپنی زندگی) کے دنیا داروں کی طرف توجہ کرنے سے اپنی ذاتوں کو قید کر لیا کیونکہ وہ ابنار دنیا کے پاس چاپلوسی نہیں کرتے نرم نرم باتوں سے معاش حاصل کرنے کے لئے۔ پس مہدی ع کے گروہ کی صفت یہ ہے کہ مخلوق سے اپنے نفس کو محظوظ نہیں کرتے بلکہ اپنے خالق پر بھروسہ کرتے ہیں اور خدائے تعالیٰ کی راہ میں اپنی ذات کو مقید کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ خیرات ان فقیروں کے لئے جو قید کئے گئے ہیں اللہ کی راہ میں۔ یعنی اپنی ذاتوں کو ایک جگہ اللہ کے مراقبہ میں بیٹھ کر غیر اللہ کی طرف توجہ کرنے سے

اللہ فی مراد اللہ صابرون فی بلاء
اللہ محتبون للہ فی مجاھدۃ انفسھم
لاینقضون عھود میثاق الازل
الی الاجل ۔ ای للذی وصفھم
اللہ تعالیٰ باحصار نفوسھم عن
التعرض الی غیر اللہ بالرمزو ا
لاشارۃ واز بعضی اصحاب مہدی عؑ نقلست
کہ فتوح حق ایشان است کہ خدائے تعالیٰ فرمودہ
است للفقراء الذین الایۃ وکسانیکہ
تکاپوی برائے رزق می کنند و تعین دارند
حق فقیران نباید خورد چراکہ فتوح حق ایشا
نست و جز فقیران کسے را نباید کہ بطلبند و
اگر مرشد حق ہمسایگی بدہند بگیرند چراکہ در دائرہ
می مانند و نیز **نقلست** کہ مریدے پیش
پیر خود عرض کرد برای عرس والد پیر فرمودند
من شمارا می گویم کہ برای ہیچ چیز تعلق می کنید
یک چیتل فقولہ تعالیٰ لایستطیعون
ضربا فی الارض (جزء ۳ رکوع ۵) ای
لایتفرقون عن مجالستھم
ومراقبتھم من قوۃ الحال
وغلبۃ الذکر علیھم واشتغالھم
بمشاھدۃ سیدھم وشدۃ
محبتھم وکثرۃ عشقھم
وتحقیق یقینھم بربھم لطلب
معاشھم وجوائجھم لانہ غلب
علیھم صحۃ التوکل وحسن الرضاء

رو کے ہوئے ہیں اللہ کو اللہ ہی سے دیکھتے ہیں اللہ
کی قضاء پر راضی ہیں اللہ کے منشاء کے موافق اللہ
کی بلا پر صابر ہیں اپنے نفس کے مجاہدہ میں اللہ کے
لئے قید ہیں مرنے تک میثاق ازل کے وعدہ کو توڑتے
نہیں یعنی غیر اللہ سے رو گردان ہونے کی وجہ
سے خدائے اشارۃً وکنایۃً احصار نفوس کے الفاظ میں
انکا وصف بیان فرمایا اور مہدی عؑ کے بعضے اصحاب رضؓ
سے منقول ہے کہ فتوح لینے کے وہ حق دار ہیں
کہ جن کے لئے خدائے تعالیٰ نے فرمایا کہ خیرات اُن فقیروں
کے لئے ہے الخ اور جو لوگ کہ رزق کے لئے دوڑ دھوپ
کرتے ہیں اور تعین رکھتے ہیں (ان کو) فقیروں کا حق
نہیں کھانا چاہیئے اس لئے کہ فتوح کے حق دار وہی
ہیں اور سوائے فقیروں کے دوسروں کو نہیں چاہیئے کہ
فتوح طلب کریں اور اگر مرشد پڑوس کا حق دیتے ہیں
تو لینا چاہیئے اس لئے کہ دائرہ میں رہتے ہیں اور نیز
نقل ہے کہ ایک مرید نے اپنے مرشد سے اپنے باپ کا
عرس کرنے کے متعلق عرض کیا پیر نے فرمایا کہ میں تم
کو کہتا ہوں کہ کسی چیز (کی تکمیل) کے لئے ایک چیتل
(بھی طلب کرنے) سے تعلق مت رکھو اللہ تعالیٰ
فرماتا ہے کہ زمین میں چل نہیں سکتے ہیں ۔ یعنی
اپنے مقام نشست اور اپنے مراقبہ کو چھوڑ کر حال قوی
ہونے اور ذکر غالب ہونے اور پیر کے مشاہدہ میں مشغول
ہونے محبت کی شدت ہونے اور عشق کی کثرت
ہونے اور اپنے رب پر لیکا یقین ہونے کی وجہ سے طلب معاش
میں اِدھر اُدھر مارے مارے نہیں پھرتے کیونکہ توکل کی
صحت رضا کا حسن اور تسلیم کی حقیقت ان پر چھا گئی ہے ۔

فی حقیقۃ التسلیم وھم کانوا یفوضون جمیع امورھم الی اللّٰہ و یسکنون بوعدہٖ قولہ تعالیٰ یحسبھم الجاھل اغنیاء من التعفف لانھم لا یتملقون عند ابناء الدنیا بکلام الدین باظھار الشفقت ولا یظھرون احوالھم لاجل الریاء والسمعۃ شفقۃ باحوالھم مع شدۃ افتقارھم الی اللّٰہ ووصف الجاھل بقلۃ المعرفۃ باحوالھم لان العالم یعرف بنور العلم والایمان قولہ تعالیٰ تعرفھم بسیماھم (جزء ۳ رکوع ۵) بشارۃ الحق فی وجوھھم وبھجۃ نور المعرفۃ فی قلوبھم لان اللّٰہ تعالیٰ لبس علیٰ وجوھھم سناء الصفات ولبس جباھھم نور جمال الذات ای تعرفھم بھذہ الصفات لانھم الاتقیاء الاخفیاء الذین لا یرکنون الی الخلق بسبب الدنیا وزینتھا ولذاتھا صابرون محتسبون فی اللّٰہ قولہ تعالیٰ لا یسئلون الناس الحافا (جزء ۳ رکوع ۵) ای لا ینظرون الی اھل الدنیا ولا یبغون خطوط انفسھم من

یہی لوگ اپنے سب کاروبار خدا کے حوالے کرتے ہیں اور اس کے وعدہ پر بھروسہ کئے ہوئے ہیں۔ اللّٰہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ان کی بے نیازی کو دیکھ کر جاہل انھیں تونگر سمجھتا ہے کیونکہ وہ ابنائے دنیا کی چاپلوسی نرم باتوں سے اور اظہار شفقت سے نہیں کرتے دکھاوے اور شہرت کے لئے اپنا اظہار حال ان کو مہربان بنانے کی خاطر نہیں کرتے باوجود اس کے کہ وہ اپنے خدا کے بہت محتاج ہوتے ہیں جاہل ان سے ناواقف ہونے کی وجہ سے ان کو تونگر سمجھتا ہے صاحب علم آدمی نور علم و ایمان سے ان کو پہچان لیتا ہے اللّٰہ تعالیٰ کا قول یہ ہے کہ تو انھیں ان کی پیشانی سے پہچان لیگا ان کے چہروں پر حق کی بشارت ہوتی ہے اور نور معرفت کی تازگی ان کے دلوں میں ہوتی ہے کیونکہ اللّٰہ تعالیٰ ان کے چہروں پر صفات کی چمک پیدا کر دیتا ہے اور ان کی پیشانیوں پر جمال ذات کا نور چمکا دیتا ہے ان صفات کو دیکھ کر تو انھیں پہچان لیتا ہے کیونکہ وہ چھپے پرہیزگار ہیں جو مخلوق کی طرف دنیا اور زینت دنیا کی خاطر مائل نہیں ہوتے صابر ہیں اور اللّٰہ کی محبت میں قید ہیں اللّٰہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ لوگوں سے اصرار کر کے سوال نہیں کرتے یعنی اہل دنیا کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتے اپنے نفسانی خواہشات کو نہیں چاہتے ہاں وہ اپنے اخوان فی اللّٰہ پر بڑی

الخلق ولکن ینظرون
الی الاخوات فی اللہ تلطفا
وتعطفا عن المیل لا الی مالوفات
الطبع والھواء پس صفت گروہ مہدیؑ
اینست کہ از خلق حظ نفس نجویند۔

فصل در توکل ۔ توکل بر خدائے تعالی کنند
کما قال سبحانہ وتعالی وعلی
اللہ فتوکلوا ان کنتم مومنین
(جزء ۶، رکوع ۸) التوکل ھو الخروج
عن قید المخلوقات کلھا بان
لاتری الا الی اللہ ولا تنظر الا
الیہ وھو العبودیۃ الخالصۃ
الحریۃ الکلیۃ ھذا ھو التوکل
التام۔ ووجہ اخری التوکل
وھو ان تفوز مرادک الی اللہ
ومن توکل علی اللہ فی مراد
ھو غیر اللہ فقد استعان
باللہ علی شرکہ قولہ تعالی
من یتق اللہ یجعل لہ
مخرجا ویرزقہ من حیث
لایحتسب (جزء ۲۸ رکوع ۱۷) یعنی این
زمان رزق ہمچنان شدہ است کہ کدام
وقت از فلاں جا خواہد آمد آنجا ہمیشہ مقید
باشد ای من توکل علیہ عن
الحول والقوۃ ولم یتوکل
علی شئی غیر اللہ تعالی یجعل لہ

نظر عنایت رکھتے ہیں ان کی نظر
اپنی خواہشات اور طبیعت کی مالوف چیزوں
پر نہیں ہوتی پس مہدی علیہ السلام
کے گروہ کی صفت یہ ہے کہ مخلوق سے
اپنے نفس کو محظوظ نہیں کرتے۔

فصل توکل کے بیان میں خدا پر توکل کرنا چاہیئے
چنانچہ خدای پاک و برتر نے فرمایا کہ اور تم اللہ ہی پر
بھروسہ کرو اگر تم مومن ہو توکل کل مخلوقات کی
قید سے نکلنے کا نام ہے اس طرح کہ تیری رویت
اللہ ہی کی طرف ہو اور تیری نظر اللہ ہی کی طرف
ہو اسی کا نام خالص غلامی پوری آزادی ہے
اسی کو توکل تام کہتے ہیں اور توکل میں ایک
دوسری وجہ بھی ہے وہ یہ کہ تیرے ہر مقصد کی
رسائی خدا کی طرف ہو اور جو آدمی خدا پر کسی
ایسے مقصد میں بھروسہ کرے جو غیر اللہ
ہو تو گویا اس نے شرک پر خدا سے مدد
چاہی اللہ تعالی کا فرمان ہے کہ جو شخص
اللہ سے ڈرتا ہے تو اللہ اس کے لئے
نجات کی سبیل پیدا کر دے گا اور اس کو
رزق پہنچائے گا ایسی جگہ سے جس کا اس
کو گمان بھی نہ ہو۔ یعنی اس زمانہ میں
رزق کی (طلب کی) حالت ایسی ہوگئی ہے
(ہم یہ خیال کرتے ہیں) کہ کون سے وقت
فلاں جگہ سے (رزق) آئے گا وہ جگہ
ہمیشہ مقید ہوگی یعنی جو آدمی اپنی طاقتوں
اور قوتوں کو چھوڑ کر خدا پر بھروسہ کرے

مخرجا عن كل ما يشق عليه
ويعصمه عن الآفات
والعوائق المانعة من
السير ويرزقه من حيث
لا يحتسب فلا يعلم من ثمه
رزقه قوله تعالى ومن يتوكل
على الله فهو حسبه (جزء ۲۸ رکوع ۱۷)
اى من اعتمد على الله وفوض
شؤنه - اما عقيدة الامن
امن الرزق فاعلم بان
الله تعالى خلق الخلق وضمن
رزقهم بنص الكتاب كقوله
تعالى الله الذى خلقكم ثم
رزقكم ثم يميتكم ثم
يحييكم (جزء ۲۱ - رکوع ۷) فذكر
اربعة اشياء ثم الناس
يصدقونه فى ثلثة ولا
يصدقونه فى الواحد لانهم
يصدقونه انه هو الذى
خلقكم ويصدقونه انه
هو الذى يميتكم ويصدقونه
انه هو الذى يحييكم فهى
بعد الموت ولا يصدقونه
فى الرزق قال ع من انقطع
الى الله كفاه كل مؤنته ورزقه
من حيث لا يحتسب

اور خدا کے سوائے کسی چیز پر بھروسہ نہ کرے
تو پیدا کرے گا اس کے لئے کوئی سبیل ہر ایسی
جگہ سے جس کو وہ دشوار سمجھتا ہوگا اور اس کو
آفتوں اور موانعات یعنی تلاش روزگار سے
بچائے گا اور اس کو ایسی جگہ سے رزق پہونچائے گا
جس کا اس کو گمان نہ ہوگا اور وہاں سے رزق
آنے کا اس کو علم نہ ہوگا اور فرمان باری ہے کہ
جو بھروسہ کرے خدا پر تو وہ کافی ہے اس کو
یعنی جس نے اللہ پر اعتماد کیا اور سونپ دیا
اپنی حالتوں کو۔ رہا عقیدہ امن کا رزق کا امن
ہے پس جان کہ اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا مخلوق
کو اور ضامن ہوا ان کے رزق کا نص کتاب
سے چنانچہ فرمان باری ہے کہ اللہ ہی ہے
جس نے تم کو پیدا کیا پھر تم کو رزق دیا پھر
تم کو مارے گا پھر تم کو زندہ کرے گا خدا کے
تعالیٰ نے چار چیزوں کا ذکر فرمایا لیکن
لوگ تین چیزوں میں تو اس کی تصدیق
کرتے ہیں اور ایک میں تصدیق نہیں
کرتے کیوں کہ لوگ اس کی تصدیق
کرتے ہیں کہ وہی ہے جس نے پیدا کیا
اور تصدیق کرتے ہیں کہ وہی ہے جو
تم کو مارے گا اور تصدیق کرتے
ہیں کہ وہی تم کو مرنے کے بعد جلائے گا
اور تصدیق نہیں کرتے اس کی
رزق کے معاملہ میں فرمایا علیہ السلام
نے جو شخص سارے دنیوی تعلقات

ومن انقطع الی الدنیا وکلہ الله الیہا۔ ای خداوند تعالیٰ بادشاہا جز تو رزق من بر ہیچکس مقید مکن آنکس کہ بر ما منت نہد و مارا شرمندہ کند و بگوید کہ ما با این کس ہمچنان موافقت کردیم و بر ما طعنہ ہا زند انچہ اورا خوش بناید ما اور ابگوئیم او در ان وقت مارا شرمندہ کند و طعنہ ہا زند و پیش ہر کسی بگوید کہ ما با این کس ہمچنان موافقت کردیم او این چنین می گوید واللہ لاعطینک وفی السماء رزقکم وما توعدون (جزء ۲۶ رکوع ۱۸) قسم یاد کرد تا کید را در وعدہ روزی ہرچہ اسباب تاکید است اول وعدہ کرد ان اللہ ھو الرزاق ذو القوۃ المتین (جزء ۲۷ رکوع ۲) باز بلفظ علیٰ تاکید کردہ است وما من دابۃ فی الارض الا علی اللہ رزقہا (جزء ۱۲ رکوع ۱) و باز وعدہ بہ مثل یاد کرد وکاین من دابۃ لا تحمل رزقہا (جزء ۲۱ رکوع ۲) باز وعدہ کرد اللہ یرزقہا وایاکم (جزء ۲۱ رکوع ۲) باز قسم موکد کرد فورب السماء والارض (جزء ۲۶ رکوع ۱۸) اقسم بہ روی حدیث قاتل اللہ اقواما یقسم لہم ربہم بنفسہ فلم یصدقوا مثل ما انکم تنطقون

منقطع کر کے اللہ کا ہو جائے تو اللہ اس کی ہر ضروری چیز کا کفیل ہو جاتا ہے اور اس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچاتا ہے جس کا اس کو گمان نہ ہو اور جو خدا سے منقطع ہو کر دنیا کا ہو جاتا ہے تو اللہ اس کو دنیا کے سپرد کر دیتا ہے۔ ای خداوند تعالیٰ ای بادشاہ میرا رزق کسی شخص پر مقید مت کر جو شخص کہ ہم پر احسان رکھتا ہے اور ہم کو شرمندہ کرتا ہے اور یہ کہتا ہے کہ ہم نے اس شخص کے ساتھ ایسی موافقت کی اور ہم پر طعنہ کرتا ہے جو بات اس کو اچھی نہیں معلوم ہوتی اگر ہم اس کو کہتے ہیں تو اس وقت وہ ہم کو شرمندہ کرتا ہے اور طعنہ کرتا ہے اور ہر ایک کے سامنے کہتا ہے کہ ہم نے اس کے ساتھ موافقت کی حالاں کہ اللہ تعالیٰ اس طرح کہتا ہے۔ خدا کی قسم البتہ میں دونگا تجھ کو (نیز فرماتا ہے) اور آسمان میں ہے تمہارا رزق اور جو کچھ تم سے وعدہ کیا جاتا ہے روزی کے وعدوں میں تاکید کے لئے قسم کو یاد کیا جس قدر تاکید کے اسباب ہیں اول وعدہ کیا کہ کچھ شک نہیں کہ اللہ ہی روزی رساں صاحب قوت زبردست ہے پھر علیٰ کے لفظ کے ساتھ تاکید کیا ہے اور نہیں ہے کوئی جاندار زمین میں مگر اللہ پر ہے رزق اس کا اور پھر اپنے وعدہ کو مثال کے ساتھ یاد کیا اور بہتیرے جانور ہیں کہ نہیں لادے پھرتے اپنا رزق پھر وعدہ فرمایا کہ اللہ ہی رزق دیتا ہے ان کو اور تم کو پھر تاکید کے ساتھ قسم کو یاد کیا پس قسم ہے آسمان و زمین کے رب کی کیا ہی اچھی قسم ہے اور حدیث میں آیا ہے کہ

هو قول لا اله الا الله ای کما لیس فیه شک کذلک لیس فی اعطائه الرزق شک عمدة و نیز **نقلست** از مردار خواری مسلمان شده بود یکروز در خانۂ مردار خواران رفت و ساعتی با ایشان نشست بعد ازاں استاده شد ایشان گفتند چیزی از خانۂ ما خورده بروید او گفت که مسلمانم بخانۂ شما چگونه بخورم ایشان گفتند آرد بگیرد آوند نو از کلال بستاں و خود بپز گفت چنانه و نان بدست خود بپزید چونکه بخوردن نشست گفت در خانه شما چیزی نان خورش دارید ایشان گفتند تو میدانی آنچه نانخورش داریم گفت اندکی شوربا بیارید ایشان دیگ آوردند سرپوش بر روی دیگ کردند شوربا درون صحنک می ریختند گفت سرپوش دور کنید آنچه بخود افتد افتادن بدهید این زماں بخانه دنیاداراں میرویم و با ایشان آشنائی می کنیم پس توکل ما همچنانست چنانچه مردار خوار بخانه مردار خواراں رفته بود تا آشنائی کرد با ایشان این زماں آنچه ما میخوریم مناسب همچنانست این را نام توکل نهاده ایم و این نقل را چند بار از بندگی میاں شاه نعمت رضی الله عنه شنیدیم و روش میراں سید محمود رضی الله عنه دیدیم حسبی سوالی علمه بحالی۔

قتل کردے اللہ ان قوموں کو کہ قسم کھاتا ہے ان کے لئے ان کا پروردگار اپنے نفس کی وہ اپنی باتوں کے جیسا اس کی باتوں کو بھی سچے نہ سمجھے جیسا کہ کلمہ لا الہ الا اللہ میں شک نہیں ہے۔ اس طرح اس کے رزق دینے میں بھی شک نہیں ہے۔ از عمدۃ۔ اور نیز نقل ہے کہ ایک مردار خوار مسلمان ہوگیا تھا ایک روز مردار خواروں کے گھر گیا اور ایک گھنٹہ ان کے ساتھ بیٹھا اور پھر کھڑا ہوگیا انہوں نے کہا ہمارے گھر سے کچھ کھا کر جاؤ اس نے کہا میں مسلمان ہوں تمہارے گھر میں کس طرح کھالوں انہوں نے کہا آٹا لے اور کمہار سے نیا برتن خریدا اور خود پکا اس نے کہا کیوں نہیں اور اس نے روٹی اپنے ہاتھ سے پکائی اور جب کھانے بیٹھا تو کہا تمہارے گھر میں کچھ سالن ہے انہوں نے کہا ہم جو کچھ رکھتے ہیں تو جانتا ہے کہا تھوڑا شوربا لاؤ انہوں نے ہانڈی لائی ڈھکن ہانڈی پر رکھ کر شوربا صحنک میں ڈالنے لگے تو کہا کہ ڈھکن نکال دو جو کچھ خود بخود گرتا ہے گرنے دو ہم اس زمانہ میں دنیا داروں کے گھروں کو جاتے ہیں اور ان کے ساتھ آشنائی کرتے ہیں پس ہمارا توکل ایسا ہی ہے جیسا کہ مردار خوار مردار خواروں کے گھر گیا اور ان کے ساتھ آشنائی کی اس زمانہ میں ہم جو کچھ کھاتے ہیں اسی کے موافق ہے اسی کا نام ہم نے توکل رکھا ہے اور اس نقل کو ہم نے چند بار بندگی میاں شاہ نعمت رضؓ سے سنا ہے اور میراں سید محمود رضی اللہ عنہ کی روش کو دیکھا ہے اس کا میرے حال کو جاننا میرے سوال کو بس ہے۔

رباعی

ای خواجہ گر عاقلی بدر خلق مرو
ہر آنچہ خدا داد بہ آن راضی شو
چون خواہی ز شرق تا بمغرب رو
رزق تو زیادہ و کم نگردد یک جو

آنچہ مقسوم خداوند در حق ہر یکی کردہ است دران تغیر نہ وہر چہ ہر یکی را در ازل قسمت شدہ است کم نشود چہ کند و چہ خورد و چہ پوشد دران زیادہ و نقصان نہ

مثنوی

ہشت جنت گر دہندت سر بسر
تو مشو راضی از انہا در گزر
عالی ہمت باش دل با حق بہ بند
تو ہمای قاف قربی رو بلند

سواء کان حلالا او حراما طاعتی او معصیتی ہمان ظاہر میشود کہ حکم ازل رفتہ است و تقدیر شدہ است جز انقیاد نمودن چارہ نیست

شعر

چندانکہ جہد بود دویدیم در طلب
کوشش چہ سود تانہ کند بخت یاوری

یا ابن آدم خزانتی مملوۃ لا تنقد ابدا یمینی مبسوطۃ ابدا بالعطاء وبقدر ما تنفق

رباعی

ای صاحب اگر تو عقلمند ہے تو کسی کے دروازہ پر مت جا
خدا تجھکو جو کچھ عطا کرے اس پر راضی رہ
تو جب چاہے مشرق سے مغرب تک جا
تیرا رزق ایک جو برابر نہ کم ہوگا اور نہ زاید

خدا نے ہر ایک کے حق میں جو کچھ تقسیم کر دی ہے اس میں تغیر نہ ہوگا اور ازل میں ہر ایک کے لئے جو حصہ مقرر ہو گیا ہے کم نہ ہوگا کیا کرے اور کیا کھائے اور کیا پہنے نہ زیادتی ہوگی نہ کمی۔

مثنوی

اگر تجھ کو آٹھ جنت بھی دیدیں تو
تو ان سے راضی مت ہو آگے بڑھ جا
عالی ہمت رہ اور دل کو حق کے ساتھ لگا
تو قرب کے پہاڑ کا ہما ہے بلندی پر جا

عام ازیں کہ حلال ہو یا حرام طاعت ہو یا معصیت وہی ظاہر ہوگا جو حکم کہ ازل میں ہو چکا ہے اور مقدر میں لکھا گیا ہے بجز فرمانبرداری کے علاج نہیں۔

شعر

کوشش کرنے کی حد تک ہم نے طلب میں دوڑ دھوپ کی
کوشش سے کیا فائدہ جبتک کہ تقدیر مدد نہ کرے

اے آدم کے بیٹے میرا خزانہ بھرا ہوا ہے جو کبھی خالی نہ ہوگا میرا سیدھا ہاتھ ہمیشہ سخاوت و عطا کے لئے کھلا رہتا ہے تو میری راہ میں جتنا خرچ کرے گا میں تجھے

انفق عليك و بقدر ما تمسك
امسك عليك خوف الفقر من
سوء ظنك بالله ومن قلة
اليقين تبخل على المساكين
ومن جعل اصل خلقه لا
هتمام الرزق فقد شك
فى كتابى ولم يصدق انبيائى
ومن كذب انبيائى فقد
جحد ربوبيتى ومن جحد ر
بوبيتى كبته فى النار على
وجهه ـ يا ابن آدم ما خلقتكم
لتجمعوا الدنيا بعضها الى
بعض بل خلقتكم لتعبدونى
ذليلا ولتشكرونى طويلا
وتسبحونى بكرة و اصيلا فان
الرزق مقسوم والحريص محروم
والبخيل مذموم والحسود
مغموم والنعمة لا تدوم
والاستسقاء مشؤ والحق
معلوم يا ابن آدم تفرغ لعبادتى
املاء قلبك غنا ويدك
رزقا و بدنك راحتى يا
ابن آدم لا تغفل عن عبادتى
املاء قلبك فقرا ويدك
صفرا وبدنك تعبا وصدرك
هما واحجب دعاءك وارد عائك

اتنا ہی دیتا جاؤں گا اگر تو خدا سے بدگمان ہو کر
محتاجی کے خوف سے تو جتنی بخیلی کرے گا میں
اتنا ہی تجھ سے اپنا ہاتھ روکوں گا یقین کم ہونے
کی وجہ سے تو مسکینوں پر بخیلی کرتا ہے اور جو شخص
اپنی پیدائش کا اصل مقصد رزق کی کوشش کو قرار
دے تو اس نے شک کیا میری کتاب میں اور نہیں
تصدیق کی میرے انبیاء کی اور جس نے میرے انبیاء
کی تکذیب کی پس اس نے انکار کیا میری ربوبیت
کا اور جس نے انکار کیا میری ربوبیت کا تو میں
اس کو اوندھے منہ دوزخ میں ڈالوں گا۔ اے
آدم کی اولاد میں نے تمہیں اس لئے
نہیں پیدا کیا کہ دنیا کی متاع پر متاع جمع
کرتے جاؤ بلکہ اس لئے پیدا کیا کہ
تم میری عبادت کرو اپنے کو ذلیل
سمجھ کر اور میرا بہت بہت شکر
ادا کرو اور صبح و شام میری پاکی
بیان کرو رزق تو تقسیم شدہ ہے اور
حریص محروم رہتا ہے اور بخیل
مذموم رہتا ہے اور حاسد مغموم ہوتا ہے
اور نعمت فنا ہو جاتی ہے اور بدبختی منحوس
ہے اور حق ایک معلوم بات ہے۔ اے بیٹے
آدم کے تمام دنیا کے کاروبار چھوڑ کر تو
میری عبادت کے لئے وقف ہو جائیں
تیرے دل کو تو انگری سے بھر دوں گا
اور تیرے ہاتھ کو رزق سے بھر دوں گا
اور تیرے بدن کو راحت سے بھر دوں گا۔

واجعل دنیاك عسرة ورزقك قلیلا یقول الله عزوجل انا بدك لازم فاعمل بدك کل الناس لك منهم بد ولیس لك منی بد یا ابن آدم انا بدك لازم فالزم بدك انا کافیك عن کل شیٔ ولا یکفیك عنی شیٔ طوبیٰ لمن رزق الدنیا سالما طوبیٰ لمن انتبه قبل الموت طوبیٰ لمن دخل الفقر وهم مسلم المعلوم لا یتغیر والمقسوم لا یزید ولا ینقص آنچه مقسوم خداوند است درحق هر یکی در ازل قسمت شده کم نشود چه خورد وچه پوشد درو زیادت و نقصان نه شود کان حلالا او حراما طاعة او معصیة همان ظاهر می شود که حکم ازل رفته است و تقدیر شده است جز انقیاد نمودن مر حکم حق را وگردن نهادن مر تقدیر را چاره نیست معراج الفقیر لیلة الفاقة بزرگی را هر بامداد شیطان گفتی که امروز چه خواهی خورد گفتی مرگ وگفتی چه خواهی پوشید گفتی کفن، وچوں گفتی کجا خواهی ماند گفتی در گور نومید شده باز گشتی اندوه دنیا از بی اندوهی آخرت است۔ مکتوب یا ابن آدم قد رضیت منك بالشکر القلیل وانت لا ترضیٰ عنی بالرزق الکثیر

ای بیٹے آدم کے تو میری عبادت سے غفلت نہ کر ورنہ میں تیرے دل کو محتاجی سے بھر دونگا اور تیرے ہاتھ کو خالی رکھونگا اور تجھے جسمانی آزار پہونچاوں گا اور تیرے سینہ کو غم سے بھر دوں گا اور تیری دعا کو محجوب کر دوں گا اور تیرے عمل کو رد کر دوں گا اور میں تیری دنیا کو تنگ بنادوں گا اور تیرے رزق کو کم کر دوں گا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں تیرا لازمی چارہ کار ہوں تو اپنا چارہ کار تیار کرے دنیا کے تمام لوگوں کی مدد کے بغیر تو اپنا کام بنا سکتا ہے لیکن میری مدد کے بغیر تجھے کوئی چارہ نہیں اے بیٹے آدم کے میں تیرا لازمی چارہ کار ہوں پس تو اپنے چارہ کار کو لازم پکڑ لے بہ مقابلہ ہر چیز کے میں ہی تجھے کافی ہوں اور کوئی چیز میرے مقابلہ میں تیرے لئے کافی نہیں خوشخبری ہو اس شخص کو جس کو دنیا عطا کی گئی درحالیکہ اس کا ایمان صحیح وسالم ہے اور خوشخبری ہو اس شخص کو جو موت سے پہلے بیدار ہو گیا خوشخبری ہو اس کو جو محتاجی میں داخل ہوا یعنی محتاج ہوا درحالیکہ وہ مسلمان ہے امر معلوم بدلتا نہیں اور امر مقسوم نہ گھٹتا ہے نہ بڑھتا ہے خدا نے ہر ایک کے لئے جو کچھ تقسیم کر دی ہے اور ازل میں ہر ایک کے حق میں جو حصہ مقرر ہو چکا ہے اس میں کمی نہ ہو گی کیا کھائے اور کیا پہنے اس میں زیادتی ہو گی نہ کمی حلال ہو یا حرام طاعت ہو یا معصیت جو حکم کہ ازل میں ہو چکا ہے اور مقدر میں لکھا گیا ہے وہی ظاہر ہو گا خدا کی فرمانبرداری کرنے اور تقدیر کے آگے سر جھکانے کے سوا علاج نہیں فقیر کی معراج فاقہ کی رات ہے ایک بزرگ سے ہر صبح کو شیطان کہتا کہ آج کیا کھائے گا کہتے کہ موت اور کہتا کہ کیا پہنیگا کہتے کہ کفن اور جب کہتا کہ کہاں رہے گا کہتے کہ قبر میں ناامید ہو کر چلا جاتا دنیا کا غم آخرت کی بےغمی سے ہوتا ہے۔ مکتوب اے بیٹے آدم کے میں راضی ہو گیا ہوں تجھ سے تیرے تھوڑے

فاقنع بما اتيتك حتى ابارك
لك مكتوب فى التوريتہ يا ابن ادم
لا اريد منك اليوم عمل الغد
وانت تريد منى رزق الغد و
انت غدا فى القبر ساكن يا
ابن ادم خلقتك من نطفة
فلم ادع من رزقك بلا سوق
الى جوفك يا ابن ادم ان لى
عليك فرضا ولك على رزقا فان
خالفتنى فى فرضى فلا اخالفك
فى رزقك يا ابن ادم ان قنعت
بما رزقتك ارحت قلبك و
بدنك وانت عبدى مشكورا
والا تعبت قلبك وبدنك
وسلطت عليك الدنيا تركض
فيها ركض الوحوش فى البرية
ولا ينالك منها ما قسمت
وانت عبدى عليك ان تقول
وكلت الى المحبوب امرى
كله ان شاء احيانى وان
اتلفنى يا ابن ادم ان
كان قد تكفل الله برزقك
فاهتمامك لماذا ان كان
رزقك من الله فالحرص
لماذا ان كان ابليس عدو
الله حقا فالغفلة لماذا وان كان

سے شکر پر اور تو میرے رزق کثیر پر مجھ سے راضی نہیں
ہوتا تو میری عطا پر قناعت کر تاکہ میں تجھے برکت عطا
کروں مکتوب از توراۃ اے بیٹے آدم کے میں تجھ سے
کل کے عمل کو آج نہیں چاہتا اور تو مجھ سے کل کا رزق آج
چاہتا ہے حالانکہ تو کل قبر میں جلنے والا ہے۔ اے بیٹے آدم
کے میں نے تجھے نطفہ سے پیدا کیا میں تیرے رزق کو تیرے
پیٹ میں داخل کئے بغیر نہیں چھوڑوں گا اے بیٹے آدم
کے میرا تجھ پر فرض ہے اور تیرا رزق میرے ذمہ ہے اگر تو میرے
فرائض کی ادائی میں میرا اختلاف کرے گا تو میں تیرے رزق
میں تیری مخالفت نہیں کروں گا اے بیٹے آدم کے
اگر تو میرے رزق پر قناعت کرے گا تو میں تیرے دل
کو راحت دوں گا اور تیرے بدن کو آرام پہونچاؤں گا
اور تو میرا ایک مشکور غلام ہوگا ورنہ تیرے دل اور تیرے
بدن کو رنج میں ڈالوں گا اور دنیا کو تجھ پر مسلط کر دوں گا
اور دنیا میں ایسا مارا مارا پھرے گا جیسے وحشی جانور
جنگلوں میں پھرا کرتے ہیں اور تیرا مقسوم بھی تجھے نہ مل
سکے گا تو تو میرا غلام ہے تجھے یہ کہنا چاہیئے کہ میں نے
اپنے سارے کاروبار اپنے محبوب کے حوالہ کر دیئے
اگر وہ چاہے تو مجھے زندہ رکھے اور اگر چاہے تو ہلاک
کر دے اے بیٹے آدم کے اگر اللہ تیرے رزق کا کفیل ہو چکا
ہے تو پھر تیرا یہ رزق کے لئے اہتمام کس لئے اور اگر تیرا رزق
اللہ کی طرف سے ہے تو پھر حرص کس لئے ہے
اور ابلیس کا دشمن خدا ہونا حق ہے
تو پھر غفلت کس لئے ہے اور اگر پل صراط
پر سے گزرنا ہے تو مال و متاع کا جمع کرنا
کس لئے ہے اگر اللہ کا ثواب جنت ہونا

الممر على الصراط فالجمع
لما ذا وان كان ثواب الله
الجنة حقا فالاستراحة
لما ذا وان كان كل شئ
بقضائي وقدري وارادتي
فالجزع لماذا لكيلا تا
سوا على ما فاتكم ولا
تفرحوا بما اتيكم **سورة**
التوريت الحادي والعشرون
الموت يكشف اسرارك والقيمة
تبدوا اخبارك والكتاب
يهتك استارك فاذا اذنبت
ذنبا صغيرا فلا تنظر الى
صغرة ولكن انظر الى من
عصيت واذا رزقت رزقا قليلا
فلا تنظر الى قلته ولكن
انظر الى من رزقك اياه فلا
تحتقر الذنب الصغير فانك
لاتعلم باى ذنب اغضب عليك
ام من رزقك القليل اغلق
ابواب السماء دون دعوتك
ام من الذنب الصغير فلا
تامن مكرى اخفى عليك دبيب
النمل على صفا في ليلة الظلمة
يا ابن ادم اذا وجدت قساوة
في قلبك وسقما في بدنك

حق ہے تو دنیا میں راحت لینا کس لئے ہے اگر ہر چیز میری قضا و قدر اور میرے ارادہ سے ہے تو بے قراری کس لئے ہے۔ تم فوت شدہ چیز پہ غم نہ کرو اور موجودہ پر خوش مت ہو۔ توریت کی اکیسویں سورۃ (میں درج ہے) کہ موت تیرے اسرار کو کھول دے گی اور قیامت تیری خبریں ظاہر کر دے گی اور نامۂ اعمال تیرے راز کی پردہ دری کرے گا پس جب تو گناہ صغیرہ کرے تو گناہ کے صغیر ہونے پر نظر نہ کر بلکہ یہ دیکھ کہ تو نے کس کی نافرمانی کی اور جب تجھ کو تھوڑا رزق دیا جائے تو رزق کے قلیل ہونے پر نظر نہ کر بلکہ یہ دیکھ کہ کس نے تجھے رزق دیا ہے تو گناہ صغیرہ کو حقیر مت جان تجھے کیا معلوم کہ تیرے کون سے گناہ پر خدا کا غضب تجھ پر نازل ہوگا کیا تیرے تھوڑے رزق سے آسمان کے دروازے تیری دعا کے سامنے بند ہو جائیں گے یا گناہ صغیرہ سے تو میرے مکر سے بے فکر نہ ہو اندھیری رات میں چونٹی کی چال کے مانند تجھ پر پوشیدہ ہے اے آدم کے بیٹے جب تو اپنے دل میں سختی محسوس کرے اور اپنے جسم میں بیماری اور اپنے رزق میں بے نصیبی اور اپنے مال

فحرمانا فی رزقك ونقصة فی
مالك فاعلم انك تكلمت فيما
لا يعنيك اوحی الله الی موسیٰ
عليه السلام تظهر مغفرتی من
عيوب نفسك فلا تشتغل بعيوب
الناس ومالم يزل ملكی فلا
تخضع للمخلوقين ومالم
ينفذ خزانتی فلا تهتم لاجل
الرزق ومالم يمت الشيطن
فلا تامن كيده ومالم تدخل
الجنة فلا تامن من مكری
افامنوا مكر الله فلا يامن
مكر الله الا القوم الخسرون
يا ابن ادم تفرغ لعبادتی
املأ قلبك غنا وبيد لك
رزقا وجسمك راحة ولا تغفل
عن ذكری فاملأ قلبك
فقرا ويدلك تعبا ونصبا
وصدرك هما وغما وجسمك
سقما وعنا واجعل دنياك
عسيرة لو البصرت حتی تدخلها
يا ابن ادم تخدم مثلك
كيف يعطف قلبه او ما علمت
انا اصرف القلوب فلو خدمتنی
لخدمتك ايا لا دنيا تخدمی
من خدمنی بيده لا يا ابن

میں نقصان پائے تو یقین کرے کہ تو نے ایسی باتیں کی ہیں جس میں تجھے کوئی فائدہ نہ تھا موسیٰ علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ نے وحی بھیجی کہ اے موسیٰ تیرے نفس کے عیوب سے میری مغفرت ظاہر ہو گی پس تو لوگوں کے عیب میں مشغول نہ ہو اور جب تک میری بادشاہت قائم ہے مخلوق کی عاجزی مت کر اور جب تک میرے خزانے خالی نہ ہو جائیں رزق کے لئے پریشان مت پھر اور جب تک شیطان نہ مر جائے تو اس کے مکر سے بے فکر مت ہو۔ کیا پس وہ لوگ اللہ کے مکر سے بے خوف ہو گئے اللہ کے مکر سے سوائے نقصان والوں کے اور کوئی بے فکر نہیں ہوتے اے بیٹے آدم کے تو میری عبادت کے لئے وقف ہو جائیں تیرے دل کو تونگری سے اور تیرے ہاتھ کو رزق سے اور تیرے جسم کو راحت سے بھر دونگا اور تو میرے ذکر سے غافل مت ہو پس میں تیرے دل کو محتاجی سے اور تیرے ہاتھ کو رنج و تکلیف سے اور تیرے سینہ کو رنج و غم سے اور تیرے جسم کو بیماری اور درد سے بھر دونگا اور تیری دنیا کو تنگ بنا دوں گا کاش تو صاحب بصیرت ہوتا یہاں تک کہ داخل ہوتا تو اس میں (جنت میں) اے بیٹے آدم کے تو اپنے جیسے کی خدمت کرتا ہے تو دیکھ تیرے مخدوم کا دل کیسا مہربان ہو جاتا ہے کیا

ادم انت فی الدنیا فلا تکن کالحطب الذی تحرق نفسہ بالنار والنفع لغیرہ ای عزیز خدای ترا بہمہ باب فراغت و ہمت روزی گرداند واز حرص دنیا و از اہل آن دور دارد وحق تعالیٰ ترا قناعت روزی کند ای عزیز قناعت ملکیت کہ ترا از کونین غنی گرداند قال علیہ السلام القناعۃ کنز لا یفنیٰ۔

قناعت بود پیشۂ کاروان
عبادات معبود کردن توان
قناعت چو ملکیت شاہی بدان
دراں ملک رویت الٰہی بخواں

قناعت این را نہی گویند کہ بر پارۂ نان قوت وبر برہنگی قناعت کند بلکہ از کونین روی بگرداند ودر یاد مولیٰ مستغرق بماند وبر رویت معشوق شیدا گردد وقانع ومتقی وپرہیزگار این را گویند درین زمان ما ہمہ کساں دعوے دوستی می کنیم وخود را درمیان طالبان حق می شمریم شب وروز درطلب دنیا وبا اہل دنیا آمیختہ باشیم وخلطیت با ایشاں می کنیم وحکایت ہای بزرگ بزرگ می کنیم وطالبان خدائے تعالیٰ آنرا می گویند کہ جز خدائے تعالیٰ کس آنرا نداند ونہ بیند ونہ شناسد وطالبان خدا ایشاں را نمی گویند کہ بخانہای دنیا داراں میروند وبا ایشاں خلطیت می کنند بلکہ طالبان

کیا تجھے نہیں معلوم کہ میں دلوں کو پھیرنے والا ہوں پس اگر تو میری خدمت کرتا تو میں اسے تیرا خادم بنا دیتا اے دنیا تو خدمت کر تو اس کی جس نے اپنے ہاتھ سے میری خدمت کی اے بیٹے آدم کے تو دنیا میں ہے پس تو اس لکڑی کے مانند مت ہو جو اپنے آپ کو آگ میں جلاتی ہے اور نفع غیروں کو دیتی ہے۔ ای عزیز خدائے تعالیٰ تجھ کو کل دینوی کاروبار سے فرصت اور (ان امور سے بچ رہنے کی) ہمت عطا کرے دنیا اور اہل دنیا کی حرص سے دور رکھے اور خدائے تعالیٰ تجھ کو قناعت روزی کرے اے عزیز قناعت ایک ایسا ملک ہے کہ تجھ کو دونوں جہاں سے لاپروا کر دیتا ہے فرمایا علیہ السلام نے قناعت ایک خزانہ ہے جو فنا نہیں ہوتا۔

عاقل کا پیشہ قناعت ہے
معبود کی عبادت کر سکتا ہے
قناعت کو بادشاہ کے ملک کے مانند جان
اور اس ملک میں خدا کے دیدار کو طلب کر

قناعت اس کو نہیں کہتے کہ ایک روٹی کے ٹکڑے کی خوراک اور برہنگی پر قناعت کرے بلکہ (طالب کو چاہیئے کہ) دونوں جہاں سے منھ پھیر لے اور مولیٰ کی یاد میں ڈوبا ہوا رہے اور معشوق کے دیدار کا شیدا ہے قانع متقی اور پرہیزگار اسی کو کہتے ہیں۔ اس زمانے میں ہم لوگ خدا کے ساتھ دوستی کا دعویٰ کرتے ہیں اور خود کو طالبانِ حق میں شمار کرتے ہیں اور رات دن دنیا کی طلب اور دنیا داروں میں گھسے ہوئے ہیں اور ان کے ساتھ میل جول رکھتے ہیں اور بڑی بڑی حکایتیں بیان کرتے ہیں خدا کے طالب انکو کہتے ہیں کہ سوائے خدا کے انکو نہ جانے اور نہ دیکھے اور نہ پہچانے اور خدا کے طالب انکو نہیں کہتے جو دنیا داروں کے گھروں کو جاتے اور ان کے ساتھ دوستی رکھتے ہیں بلکہ یہ لوگ ان ہی کے

ایشانند کہ از ایشاں طمع دارند قال علیہ
السلام الطمع ام الخبائث از طمع روی
سیاہ می شود وحق تعالیٰ بکرم خویش از طمع
غیر باز دارد و از رفتن بر در ایشاں نجات
روزی کند ای عزیز طالب صادق می باید کہ توکل
بوکالت حق اختیار کند رب المشرق والمغرب
لا الہ الا ھو فاتخذہ وکیلا
(جز ۲۹ رکوع ۱۳) قیل التوکل رفض
الدنیا وما فیھا والتمنیۃ ما
عند اللہ وتبتل الیہ تبتیلا۔
انقطع الی عبادتہ عن کل شیٔ
انقطاعا کاملا عن اللہ یا ابن
ادم عندک ما یکفیک وتطلب
ما یطغیک قال طوبیٰ لمن رزق
کفافا و یقنع بما اتاہ ای عزیز
من اگر لذت وعزت قناعت بچشی و بدانی
بخدای ہرگز بطمع سر بسلاطین فرو دنیاری
و دنیا را بجوی نہ شماری۔ بیت

اگر ز خوان گدایاں نوالۂ بچشی
بحبۂ نہ شماری ہزار سلطاں را
گنج آزادگی و گنج قناعت ملکیست
کہ بشمشیر میسر نہ شود سلطاں را
آنجا کہ قبول آمد درویشی سلیماں را
یک حبہ نمی ارزد صد ملک سلیماں را

قناعت آں نیست کہ بناں پارہ ستر عورت
باشد بلکہ قناعت آنست کہ بذکر و محبت

طالب ہیں کہ ان سے امید رکھتے ہیں فرمایا علیہ السلام
نے کہ طمع تمام برائیوں کی ماں ہے۔ طمع سے منہ
کالا ہوتا ہے اور حق تعالیٰ اپنے فضل سے غیر کی طمع سے
باز رکھے اور اہل طمع کے دروازہ پر جانے سے نجات
روزی کرے۔ اے عزیز طالب صادق کو چاہیئے کہ
توکل خدا کی وکالت سے اختیار کرے مشرق ومغرب کا
رب ہے کوئی معبود نہیں ہے مگر وہی ہے پس تو اسی کو اپنا وکیل
بنا کہا گیا ہے کہ توکل دنیا اور مافیہا کا ترک کرنا
اور جو اللہ کے نزدیک ہے اس کی آرزو کرنا ہے ای
محمد تو اس کی طرف پوری طرح منقطع ہو جا یعنی تو اسکی
عبادت کی طرف ہر چیز سے پورا پورا منقطع
ہو جا حکایت کرتے ہوئے اللہ سے اے بیٹے آدم کے
تیرے نزدیک وہ ہے جو تجھے کفایت کرے اور طلب کرتا
ہے تو اس چیز کو جو تجھے سرکش بنا دے فرمایا ؑ نے
خوشخبری ہو اس کو جو بقدر کفاف رزق دیا گیا اور جو قناعت کرتا
ہے اس چیز پر جو اسکو خدا نے دی اے میرے عزیز اگر تو قناعت کی
عزت اور لذت چکھیگا اور (اس کی خوبی کو) جان لیگا تو خدا کی قسم تو
سلاطین کے آگے طمع سے اپنا سر ہرگز نہیں جھکائیگا اور دنیا کو جو کے برابر نہیں سمجھے گا بیت

اگر تو فقراء کے خوان سے ایک نوالہ کھائے گا
ہزار سلطان کو ایک رتی کے برابر نہیں سمجھے گا
آزادگی کا کونا اور قناعت کا گنج ایک ایسا ملک ہے
جو شمشیر کے زور سے سلطان کو نصیب نہیں ہوتا

سلیمان علیہ السلام نے جس مقام میں
درویشی قبول کی ہے اس مقام میں وہ
سو ملک سلیمان کو ایک حبہ کے
برابر بھی قیمت نہیں دیتے

وشوق حق تعالیٰ اکتفا کنی و بکونین التفات نہ نمائی وقدم بر اتباع مصطفےٰ ع نہ زنی قال علیہ السلام من رضی عن اللہ بقلیل الرزق رضی اللہ عنہ بقلیل العمل قال ع قیمۃ المرء علیٰ قدر ہمتہ قال ع ان اللہ یحب معالی الھمم و یبغض سفلتھا وقال ع من اصبح وھمہ غیر اللہ فلیس من اللہ۔ حتی یتوب من ذنب الذی لا یتوب منہ الناس وھو حب الدنیا لان داءھا اعزل الداء و دواءھا اشکل الدواء و ھو یفقد الاطباء فان الطبیب ھو العالم العامل وقد مرض العلماء فی ھٰذہ الا عصار مرضا عسر علیھم علاج انفسھم لان الداء المھلک ھو حب الدنیا وھو اکبر الکبائر وغلب ذٰلک علی العلماء فاضطروا فکیف عن تحذیر الخلق من الدنیا لئلا تنکشف فضیحتھم فاستصلحوا لما افتضحوا علی الدنیا والتجارب الیھا والتکاذب لھا فبذٰلک السبب عم الداء وانقطع الدواء واشتغل الاطباء بفنون الاغواء فلیتھم اذا لم

قناعت وہ نہیں کہ روٹی کے ٹکڑے یا ستر عورت پر اکتفا کرے بلکہ قناعت وہ ہے کہ حق تعالیٰ کے ذکر محبت اور شوق پر اکتفا کرے اور دونوں جہاں کی طرف توجہ نہ کرے اور مصطفیٰ کی پیروی کرے فرمایا علیہ السلام نے جو شخص تھوڑے رزق پر خدا سے راضی ہو جائے تو خدا تھوڑے عمل پر اس سے راضی ہو جاتا ہے فرمایا علیہ السلام نے آدمی کی قیمت اس کی ہمت کے موافق ہوتی ہے۔ فرمایا علیہ السلام نے تحقیق اللہ تعالیٰ ہمت کی بلندیوں کو دوست رکھتا ہے اور پستیوں سے بغض رکھتا ہے۔ آنحضرت ص نے فرمایا جو آدمی صبح کرے اور اس کا قصد غیر اللہ کا ہو تو وہ اللہ کا نہیں ہے یہاں تک کہ توبہ کرے اس گناہ سے جس سے لوگ توبہ نہیں کرتے اور وہ دنیا کی محبت ہے کیونکہ اس کی بیماری تمام بیماریوں سے نرالی ہے اور اس کی دوا تمام دواؤں سے مشکل ہے بات اصل یہ ہے کہ اس بیماری کے طبیب بھی گم ہیں اس بیماری کا طبیب تو عالم با عمل ہوتا ہے اور اس زمانے میں علماء بیمار ہیں ان کو اپنا علاج آپ کرنا مشکل ہو گیا ہے کیونکہ مہلک بیماری جو محبت دنیا ہے وہ تمام کبیرہ گناہوں سے زیادہ بڑا گناہ ہے علماء پر غالب ہو گئی ہے پس وہ دنیا میں گرفتار ہو گئے ہیں تو مخلوق کو دنیا سے کس طرح بچا سکیں گے اگر وہ ایسا کرنے جائیں تو ان کی رسوائی ہوتی ہے کہ خود فضیحت دیگراں را نصیحت اس واسطے وصلح کل کے نام سے مصلحت (دنیوی) پر عمل کرنے لگے جبکہ وہ ترک دنیا اور ترک جذبات دنیوی اور ترک کذب و افترا کا وعظ کر کے خود عمل نہ کیا اور اپنی

یصلحوا لیصلحوا ولم یفسدوا
اولیتهم سکتوا وما نطقوا بل
صار کل واحد کانه صخرة فی
فم الوادی لا تشرب ولا تترک
الماء یشرب به غیره قال واعلم
ان من ظن انه یلابس الدنیا
ببدنه ویخلو عنها بقلبه فهو
مغرور کمن غمس فی العسل وظن
ان الذباب لا یقع علیه این
حال ماست انچه دریں باب نقلها واحادیث
که مسطور است با ایشاں مخلوط میشویم و در
خانهای اغنیاء میرویم پس بیان پیش ایشاں
چگونه توانیم گفت پس ضرورةً بگوئیم که موافقان
مهدی ع را دنیا داراں نباید گفت وقال علیه
السلام لا تجالسوا الموتیٰ قیل
یارسول الله من الموتیٰ قال الاغنیاء
من امتی یاراں پرسیدند که اغنیاء
امت کیستند رسول ع فرمودند هر کرا ایں سه
صفت باشد که همت خوردن نیک باشد
پوشیدن نیک باشد و مالا یعنی مشغول شود۔
امام محمد غزالی رح فرمودند هر که ایں سه صفت
باشد اگر سلام کند علیک ندهد اگر میرد بیامرش
وی نرود قال ع من اکرم الغنی
فهو کلب سوء عن جابر رض قال
قال رسول الله الغناء ینبت
النفاق فی القلب کما ینبت

بد اعمالیوں سے فضیحت ہو گئے اس سبب سے بیماری
تو عام ہے اور دوا اغنقاء ہے اور طبیب فن اغواء کے
مشغلے میں مصروف ہیں کاش جب وہ نکو کار نہ تھے
تو صلح کرتے اور فساد نہ پھیلاتے یا کاش وہ خاموش
رہ جاتے اور نہ بولتے بلکہ ہر ایک ایسا ہوتا گویا وہ
وادی کے منھ میں ایک پتھر ہے نہ پیتا ہے نہ چھوڑتا ہے
کہ اس کو کوئی دوسرا شخص پی سکے اور جانے رہو جو آدمی
یہ گمان کرے کہ دنیا اس کے بدن کی حد تک رہے گی
اور دل پر اس کا کوئی اثر نہ ہوگا تو مغرور ہے جس طرح
جو آدمی شہد میں ڈوب جائے اور گمان کرے کہ مکھی
اس پر نہیں بیٹھے گی اس باب میں جو کچھ نقول اور
احادیث منقول ہوئے یہ سب ہمارا حال ہے کہ ہم دنیا
کے ساتھ میل ملاپ رکھتے ہیں اور توانگروں کے گھروں
کو جاتے ہیں پس ان کے روبرو (حق بات) کس طرح بیان
کر سکتے ہیں پس ضرورةً کہتے ہیں کہ موافقان مہدی ع کو دنیادار
نہیں کہنا چاہئے فرمایا علیہ السلام نے تم مُردوں کے ہمنشین مت
ہو کہا گیا ای رسول اللہ مردے کون ہیں تو فرمایا میری امت
کے توانگر یاروں نے پوچھا کہ اُمت کے توانگر کون لوگ
ہیں رسول ع نے فرمایا کہ جس کسی میں یہ تین صفت موجود
ہوں یعنے اچھے کھانے اور اچھے پہننے کی رغبت رکھتے ہوں
اور لایعنی چیزوں میں مشغول ہوں، امام محمد غزالی رح نے فرمایا کہ
جس میں یہ تین صفتیں موجود ہوں اگر وہ سلام کرے تو اس کے
سلام کا جواب نہ دیا جائے اور اگر وہ مر جائے تو اس کی
مغفرت نہ چاہے رفرمایا علیہ السلام نے جس نے توانگر کی عزت
کی تو وہ بیما کتا ہے حضرت جابر رضی اللہ عنہ
سے مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

الماء الزرع قال رسول ؐ اربعۃ
من الکبائر لبس الصوف لطلب
الدنیا و ادعاء محبۃ الصالحین
و ترک فعلھم و ذم الاغنیاء
والاخذ منھم و رجل لا یبدی
الکسب و ھو یاکل من کسب الناس
وعن عمرو ابن عوف رضؓ قال قال
رسول اللہ صلعم فو اللہ لا الفقرا
خشیٰ علیکم ولکن اخشی علیکم
ان تبسط علیکم الدنیا کما
بسطت علی من کان قبلکم فتنا
فسوھا کما تبا فسوھا وتھلکم
کما اھلکتھم کما قال اللہ تعالیٰ فلا
تَغُرنکم الحیوٰۃ الدنیا ولا یغرنکم
باللہ الغرور ان الشیطٰن لکم
عدوٌ فاتخذ و لا عدوا (جزء
۲۲ رکوع ۱۳) الم اعھد الیکم
یٰبنی آدم ان لا تعبد و ا
الشیطٰن انہ لکم عدو مبین
وان اعبدونی ھٰذا صراط
مستقیم ولقد اضل منکم جبلاً
کثیرا افلم تکونوا تعقلون
(جزء ۲۳ رکوع ۳) واذکر عبدنا
ایوب اذ نادی ربہ انی مسنی
الشیطٰن بنصب وعذاب
(جزء ۲۳ رکوع ۳) لقد رای من

نے توانگری دل میں منافقی پیدا کرتی ہے جیسا کہ
پانی کھیت کو اگاتا ہے فرمایا صلی اللہ علیہ وسلم نے چار باتیں
کبیرہ گناہ ہیں دنیا طلب کرنے کے لئے صوف کا لباس پہننا
اور نیک لوگوں کی محبت کا دعویٰ کرنا اور ان کے عمل
کے موافق عمل نہ کرنا اور توانگروں کی مذمت کرنا اور
ان سے لینا۔ اور ایک آدمی ہے کہ کسب ظاہر نہیں
کرتا اور لوگوں کی کمائی سے کھاتا ہے حضرت عمرو بن
عوف رضؓ سے مروی ہے کہا فرمایا رسول اللہ ؐ نے خدا کی
قسم مجھے تمہاری محتاجی کا خوف نہیں لیکن مجھے
خوف اس بات کا ہے کہ دنیا تم پر کشادہ ہو جائے جیسا
کہ کشادہ ہو گئی تھی تمہارے اگلوں پر اور راغب ہوں تم
اس میں جیسا کہ وہ راغب ہوئے تھے اور وہ تم کو ہلاک کر دے جیسا کہ
ان کو ہلاک کر دیا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تو تم کو فریب
نہ دے دنیا کی زندگی اور تم کو دھوکہ نہ دے اللہ
کے بارے میں وہ دغاباز (شیطان) بے شک شیطان
تمہارا دشمن ہے تو تم دشمن ہی اس کو سمجھے رہو۔
کیا میں نے حکم نہ بھیجا تھا تمہاری طرف اے اولاد آدم
کہ نہ پوجیو شیطان کو بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن
ہے اور یہ کہ میری عبادت کرنا یہی سیدھا راستہ ہے
اور شیطان نے گمراہ کر دیا تم میں سے بہتری مخلوق کو تو
کیا تم عقل نہیں رکھتے تھے۔ اور یاد کر ہمارے
بندے ایوب کو جب اس نے پکارا اپنے پروردگار
کو کہ مجھ پر ہاتھ ڈالا شیطان نے ایذا اور
تکلیف کے ساتھ۔

بے شک اُس نے دیکھیں اپنے پروردگار
کی بڑی نشانیاں۔ الخ

ایٰت ربہ الکبریٰ الایۃ (جز ۲۷ رکوع ۵)

حضرت رسولؐ این جا وقف کردند شیطان درمیان خواندن القا کرد تلک الغرانیق لعلیٰ وان شفاعتھن لترتجیٰ قال اللہ تعالیٰ وما ارسلنا من قبلک من رسول ولا نبی الا اذا تمنیٰ القی الشیطن فی امنیتہ الایۃ (جز ۱۷ رکوع ۱۴)

پس ہشیار باید شد کہ شیطان نہ از ہیچ رسول و نہ نبی و نہ ولی بگذرد پناہ از خدا باید گرفت مراقبہ را دو معنی است یکی آں کہ مراقبہ محافظت است مشتق من الرقابۃ وھو الحفیظ یعنی دل را از خواطر غیر حق بذکر حق نگاہداشتن و حق را بر خود مطلع دیدن و این مراقبۂ مبتدیان است دوم مراقبہ بمعنی مشاہدہ است مشتق من الرقوب وھو النظر یعنی در مشاہدۂ جمال و جلال ذات و صفات حق چناں مستغرق شود کہ ہیچ چیز یاد نیاید و این مراقبۂ منتہیانست پس اعمال جوارح با پریشانی خاطر ممکن ہست اما مراقبہ بغیر خلوت باطن اصلاً ممکن نیست پس ای عزیز طالب حق را باید کہ دائم در مراقبہ باشد و ہرچہ معاملہ و خواب بیند پیش مرشد عرض کند و بخودی مغرور نشود۔

حضرت رسولؐ نے اس آیت پر وقف فرمایا پڑھنے کے درمیان شیطان نے القا کیا کہ یہ بت مرغان بلند پرواز ہیں ان کی شفاعت کی امید کی جاسکتی ہے۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اور ہم نے تجھ سے پہلے کسی رسول اور نبی کو نہیں بھیجا مگر جب اس نے کوئی تمنا کی تو شیطان نے اس کی تمنا میں کچھ ڈال دیا۔ الخ

تفرقہ پیدا ہوا اور ان کے اچھے اوقات میں تھوڑی کدورت شامل ہوئی اور نیز کبھی کبھی آپس میں دل لگی کرتے اور بلند آواز سے ہنستے اور دوستی بڑھنے کے لئے ایک دوسرے سے ملتے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی ان حرکتوں کو ناپسند فرمایا اور اس آیت سے (جو اوپر مذکور ہوئی) ان پر عتاب کیا اور بطور انکار کے فرمایا کہ کیا وقت نہیں آیا مومنوں کے لئے کہ ان کے دل خدای عزوجل کے ذکر کے لئے نرم ہوجائیں اور قرآن سننے کے لئے چلے آئیں یہ سب حق ہے نہ کہ باطل اور نیز نقل ہے کہ ابراہیم ادہم رح سے لوگوں نے پوچھا کیا سبب ہے کہ ہم حق تعالیٰ کو پکارتے ہیں اور وہ قبول نہیں فرماتا کہا کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ خدا کو جانتے ہو اور اس کی اطاعت نہیں کرتے اور اوس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو جانتے ہو اور سنت رسول کی پیروی نہیں کرتے اور قرآن پڑھتے ہو اور اس پر عمل نہیں کرتے اور اللہ کی نعمت کھاتے ہو اور اس کا شکر ادا نہیں کرتے اور اطاعت کرنے والوں کے لئے بہشت آراستہ کی گئی ہے اس کو طلب نہیں کرتے اور گنہگاروں کے لئے آگ کے طوق کے ساتھ دوزخ سلگھائی گئی ہے اس سے باز نہیں رہتے جانتے ہو کہ شیطان دشمن ہے اور اس کے ساتھ عداوت نہیں رکھتے جانتے ہو کہ (ایک دن) مرنا ہے اور اس کا سامان مہیا نہیں کرتے ماں باپ اور بچوں کو دفن کرتے ہو اور عبرت نہیں لیتے اور خود عیوب سے نہیں بچتے اور دوسروں

آمد گفت ای شیخ من بر خود بسے ظلم کردہ
ام دمرا پندی بگوئی کہ آں را امام خود سازم
ابراہیم ادہم رح گفت اگر قبول کنی از من شش
خصلت بکن بعد از اں ہرچہ کنی زیاں ندارد
اول آنکہ اگر معصیت کنی روزی او مخور او
گفت رازق اوست از کجا خورم گفت
نیک نہ بود کہ رزق او خوری و در وی عاصی
شوی۔ دوم آنکہ چوں خواہی کہ معصیت کنی
از ملک او بیروں رو او گفت عالم از آن
اوست کجا روم ابراہیم رح گفت نیکو بنود
کہ در ملک او باشی و در وی عاصی شوی
سوم آنکہ چوں بی معصیت روی جای روکہ
او ترا نہ بیند گفت او عالم اسرار است
ابراہیم رح گفت نیکو بنود کہ در نظر وی معصیت
کنی چہارم آنکہ چوں ملک الموت بیاید گوئی
مہلت دہ تا توبہ کنم گفت از من چوں شود
ابراہیم رح گفت چوں قادر نئی کہ ملک الموت
را از خود دفع کنی پس تو ایں ساعت توبہ کن
پنجم آنکہ چوں منکر و نکیر پیش تو آیند ہر
دو را دفع کنی گفت ایں ہم نتوانم گفت
جواب ایشا نرا آمادہ دار ششم آنکہ چوں
فردائے قیامت فرمان آید کہ گنہگاراں
را بدوزخ برند تو بگو کہ من نمی روم راست
است نہ کہ دروغ آں مرد گفت کہ تمام راست
است آنچہ گفتی و توبہ کردم و براں بود تا وفات
کرد قال علیہ السلام یا عائشۃ

کے عیبوں میں مشغول ہوتے ہو جو کوئی شخص ایسا
ہو اس کی دعا کیونکر قبول ہو گی نقل ہے کہ ایک
شخص ابراہیم ادہم رح کے پاس آیا اور کہا اے شیخ میں نے
اپنی ذات پر بہت ظلم کیا ہے مجھ کو نصیحت
کیجئے کہ میں اس کو اپنا امام بناؤں ابراہیم ادہم رح نے
کہا کہ اگر تجھ کو منظور ہو تو میری چھے باتوں پر عمل
کر بعد از اں تو جو کچھ کرے گا نقصان نہ ہو گا اول
یہ کہ اگر تو گناہ کرتا ہے تو اس کا رزق مت کھا اس
نے کہا رازق وہی ہے کہاں سے کھاؤں کہا کہ یہ بات
ٹھیک نہیں کہ اس کا رزق کھائے اور اس کا گنہگار
بنے دوم یہ کہ جب تو گناہ کرنا چاہے تو اس کے ملک سے
باہر چلے جا اس نے کہا کہ سارا جہاں اسی کا ہے کہاں جاؤں
ابراہیم رح نے کہا کہ یہ بات ٹھیک نہیں کہ اس کے ملک
میں رہے اور اس کا گنہگار بنے سوم یہ کہ جب کوئی گناہ کرنا
چاہے تو ایسی جگہ پر جا کہ وہ تجھ کو نہ دیکھے کہا کہ وہ بھیدوں
کا جاننے والا ہے ابراہیم رح نے کہا کہ یہ بات ٹھیک
نہیں کہ اس کے سامنے گناہ کرے۔ چہارم یہ کہ جب
ملک الموت آئے تو کہنا کہ مہلت دے تاکہ توبہ کروں
کہا کہ مجھ سے یہ کیونکر ہو ادہم رح نے کہا کہ جب تو ملک الموت
کو روکنے پر قادر نہیں تو اسی وقت توبہ کرے پنجم یہ کہ جب
منکر و نکیر تیرے پاس آئیں تو دونوں کو چلا دے کہا کہ
یہ بھی نہیں ہو سکتا ابراہیم رح نے کہا کہ ان کے جواب کو تیار
رکھ ششم یہ کہ جب قیامت کے دن گنہگاروں کو دوزخ
میں لے جانے کا حکم آئے تو تو اوس وقت کہنا کہ میں نہیں جاتا
(ابراہیم رح نے فرمایا) یہ باتیں درست ہیں یا نہیں اس مرد نے
کہا کہ تو نے جو کچھ کہا سب درست ہے میں نے توبہ کی اور اپنے مرنے

ان اردت اللحوق بی فلیکفیك
من الدنیا کزاد الراکب و
ایاك و مجالسة الاغنیاء
ولا تستخلفی ثوبا حتی
ترقعیه وقال لما کان الیوم
الذی دخل رسول اللهؐ فی
المدینة اضاء منها کل
شیٔ فلما کان الیوم الذی
مات فیه اظلم فیها کل شیٔ
وما نفضنا ایدینا عن التراب
انا لفی دفنه حتی انکر قلوبنا
میل کرد دلہائے ما سوی دنیا و نیز معلوم باد
کہ فقیر ولی ابن یوسفؒ از دائرۂ بندگی میاں
سید خوندمیرؓ از برائے ملاقات بندگی میاں
نعمتؓ در جالور رفتہ بود چند ماہ در دائرہ
بندگی میاں نعمتؓ ماندم شاید کہ ہماں روز
یا روز دیگر سید دریا شہ ابن سید حمید از قلعہ جالور
فرود آمد و بندہ را برائے ملاقات بطلبید
بندہ گفت پیش بندگی میاں نعمتؓ رضا
بطلبید سید دریا شہ پیش میاں نعمتؓ
عرض کرد میاں نعمتؓ فرمودند میاں ولیؒ
ہیچ نخواہند خورد میاں ولیؒ را سہ دکرہ
زیاں خواہد شد و در سہ دکرہ پاپوش او را راست
نخواہد شد میاں سید دریا شہ خندیدہ
پیش بندہ آمدند بندہ گفت چہ می خندید بعدہٗ
میاں مذکور واقعہ حال گفت کہ میاں نعمتؓ

تک توبہ پر قائم رہا۔ فرمایا نبی علیہ السلام نے اے عائشہؓ
اگر تم مجھ سے ملنا چاہتی ہو تو دنیا سے اتنا ہی لو جتنا کہ سوار
کے ساتھ توشہ ہوتا ہے اور تو انگروں کی مجلس میں
بیٹھنے سے پرہیز کرو اور کپڑا اتنا مت چھوڑو کہ اٹھانے
کی ضرورت پڑے اور راوی نے کہا جس دن رسول اللہؐ
مدینہ میں داخل ہوئے تو مدینہ کی ہر چیز روشن ہو گئی اور جس
روز آپ کا وصال ہوا تو ہر چیز تاریک ہو گئی اور نہیں صاف
کیا ہم نے اپنے ہاتھوں کو مٹی سے بے شک
ہم آپ کے دفن میں تھے کہ ہمارے دلوں کا حال
متغیر ہو گیا۔ ہمارے قلوب دنیا کی طرف متوجہ
ہو گئے اور نیز واضح ہو کہ فقیر ولی ابن یوسفؒ
بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ کے دائرہ
سے بندگی میاں نعمت رضی اللہ عنہ کی
ملاقات کے لئے جالور گیا تھا چند ماہ
بندگی میاں نعمت رضی اللہ عنہ کے دائرہ میں
رہا شاید اسی روز یا دوسرے روز سید دریا شہ ابن
سید حمید جالور کے قلعہ سے آئے اور مجھے ملاقات
کے لئے طلب کیا میں نے کہا کہ بندگی میاں
نعمت رضی اللہ عنہ سے اجازت لو تو
سید دریا شہ نے میاں نعمتؓ سے عرض کیا میاں
نعمتؓ نے فرمایا کہ میاں ولی تو کچھ نہیں کھائیں گے
مگر میاں ولی رحمۃ اللہ کے تین پیسوں کا نقصان
ہو جائے گا۔ اور تین پیسوں میں جوتیاں (بھی) درست
نہ ہوں گی میاں سید دریا شہ ہنستے ہوئے میرے پاس
آئے میں نے کہا کیا ہنستے ہو تو میاں مذکور نے حقیقت
حال بیان کیا کہ میاں نعمت رضی اللہ تعالیٰ عنہ

این چنین فرمودند بعده میاں مذکور بنده را
گفت اگر شما بیائید شاید که بشرم حضور شما
رضا بدہند چونکه بنده و سید دریا شہ پیش میاں
نعمت رضؓ رفتیم مارا ہمچناں فرمودند شما دانید
پائزار پاره پاره خواهد شد و سه دکمه رازیاں
خواهد شد بعد از اں چند ماه در دائره بندگی میاں
نعمت رضؓ ماندیم چوں خواستیم که طرف گجرات
رواں شویم میاں سلطاں شہ فرمودند که
سید دریا شہ رنجش میکند بالائی قلعه بر دید
یک جالوری ہم ہر روزی طلبیدی که در خانه
ما مہماں بیائید میاں سلطاں شہ گفتند ماه
رمضاں بود شب در خانه آں کس رفتیم بعد
از خوردن طعام فی الحال بالائی قلعه رفتیم
شب آنجا ماندیم بعد از فجر از قلعه فرود آمدیم
چنانچه کسے دزدی و یا فسادی و یا خونی کرده
بیاید ہمچناں در دائره آمدیم چند ساعت
در سینهٔ بنده لرزه بماند مبادا بندگی میاں
نعمت رضؓ شنیده باشند و یا بشنوند۔ ای
عزیز آں وقتی بود صفت طالبان خدا این
چنین بود قضا از جهت چیزی کار خود نبود
در خانه اہل فراغ کسی برود و یا کسی
فرستادهٔ آں اہل فراغ چیزی گذرانیدی
قبول نه کردی اگر بسیار کوشش
کرده بدادی بعد از اں در خانهٔ
آں کس نه رفتی آه این زماں حال ما این
چنین شده است که مسعود فرموده است

نے اس طرح فرمایا اس کے بعد میاں مذکور نے مجھ سے
کہا کہ اگر تم ساتھ رہوگے تو شاید تمہارے لحاظ سے رضا
دیں، چونکہ میں اور سید دریا شاہ ملکر میاں شاہ نعمت رضؓ
کے پاس گئے ہم کو بھی ویسا ہی فرمایا کہ تم جانو جوتیاں
پھٹ جائیں گی۔ اور تین بیسوں کا نقصان ہوجائے گا
اس کے بعد چند ماہ بندگی میاں نعمت رضؓ کے دائرہ
میں ہم نے اقامت کی جب ہم نے گجرات کو جانے کا قصد کیا
تو میاں سلطان شہ نے فرمایا کہ سید دریا شہ آزردہ ہوگا
قلعہ پر چلیئے۔ ایک جالوری بھی اپنے گھر مہمان کرنے کے لئے
ہر روز درخواست کرتا تھا میاں سلطان شہ کہتے
تھے کہ رمضان کا مہینہ تھا رات کو اس کے گھر
گئے کھانا کھاتے ہی قلعہ پر چلے گئے رات کی رات میں
رہے صبح کو قلعہ سے اترے اس طور پر کہ کوئی شخص چوری
یا فساد یا خون کرکے آتا ہے اسی طرح دائرہ میں آئے
کچھ عرصہ تک اس خیال سے کہ کہیں بندگی میاں نعمت رضؓ
کو یہ کیفیت معلوم ہوچکی ہو یا معلوم ہوجائے میرے
سینہ میں لرزہ ہوتا رہا۔ اے عزیز وہ بھی ایک
وقت تھا کہ طالبان خدا کی صفت ایسی تھی۔ (حالانکہ
اتفاقاً طالب کی) تمنا پوری کرنی تھی ذاتی کام نہ تھا۔
اگر کوئی (طالب ہوتا) کسی دولت مند کے گھر جاتا
یا کوئی شخص کسی اہل فراغ کی بھیجی ہوئی
چیز گزرانتا تو بھی قبول نہ کرتے اگر بہت
کوشش کرکے دیتا تو پھر کبھی اوس کے گھر نہ جاتے
افسوس ہے کہ اب ہمارا حال مسعود
کی رباعی کے موافق ہوگیا ہے۔

رباعی

منکہ مسعود بن سلیمانم
اینکہ من بندہ چپا کرنانم
گر بہ مشرق مرا نماید نان
من بہ مغرب دہان بجنبانم

ونیز کسی حسن بصری رض را پرسید کہ شما یارانِ مصطفیٰ ؐ را دیدہ بودید گفت آری پس گفتند حال یاران رض چگونہ بود جواب فرمود کہ اگر شمارا یارانِ مصطفیٰ دیدندی یارانِ مصطفیٰ شمارا کافر فرمودندی واگر شما یارانِ مصطفیٰ را دیدندی یاران رض را دیوانہ گفتندے ونیز نقلست برادر میان سومار رض دو سہ کرت از جالور بہ گجرات آمدہ بود در خانہ خشوی خود و درخانہ موافقان شاید می رفتہ باشد و خیلخانہ در ون دائرہ بود این خبر بندگی میاں نعمت رض شنیدند کہ میاں سومار می آید ایک بیادہ را ایک ونیم کردہ دوانیدہ و دہائی شرع داد کہ درون دائرہ فقیران نیائید بعدہ میاں مذکور سوگند سہ طلاق خورد کہ بعد ازاں از دائرہ بغیر فرستادہ بیرون نہ روم و تحقیق بدانید کہ روش حضرت مہدی ؑ و خلفاء مہدی ؑ و طالبانِ حق این بود و ورای این روش ہمہ بدعت است اگر درین باب نقلہا نوشتہ شود رسالہ بزرگ شود —

رباعی

میں مسعود بیٹا سلیمان کا ہوں
یہ کہ میں روٹی کا غلام ہوں
اگر مشرق میں مجھے روٹی دکھائی جائے
تو میں مغرب میں منہ کھولتا ہوں

اور نیز کسی نے حسن بصری رض سے پوچھا کہ آپ نے یارانِ مصطفیٰ ؐ کو دیکھا ہے کہا ہاں پس لوگوں نے کہا کہ یاروں کا حال کیسا تھا جواب دیا کہ اگر تم کو یارانِ مصطفیٰ ؐ دیکھتے تو یارانِ مصطفیٰ ؐ تم کو کافر فرماتے اور اگر تم یارانِ مصطفیٰ ؐ کو دیکھتے تو تم ان کو دیوانے کہتے اور نیز نقل ہے کہ بھائی میاں سومار جالور سے گجرات میں اپنے سسرال کے گھر دو تین بار آئے تھے شاید معتقدوں کے وہاں بھی گئے ہوں ان کے قبیلہ کے لوگ دائرہ میں رہتے تھے یہ خبر بندگی میاں نعمت رض نے سنی کہ میاں سومار آتے ہیں ایک برادر کو ڈیڑھ کوس دوڑا کر شرع کی دہائی دی کہ فقیروں کے دائرہ میں نہ آئیں اس کے بعد میاں مذکور نے تین طلاق کی قسم کھائی کہ اس کے بعد بغیر حکم کے دائرہ کے باہر نہیں جاؤں گا اور تحقیق کے ساتھ جانو کہ حضرت مہدی ؑ خلفاء مہدی ؑ اور طالبانِ حق کی یہی روش تھی اور جو روش کہ اس کے سوا ہے بدعت ہے اگر اس باب میں نقول لکھے جائیں تو بڑا رسالہ بن جائے۔

قال النبی علیہ السلام
اصحبوا مع اللہ وان لم
تستطیعوا فاصحبوا من
صحب مع اللہ۔

شعر

لوکان حبك صادقا لاطعتہ
ان المحب لمن یحب یطیع

قولہ تعالیٰ قل ان کنتم
تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم
اللہ ویغفر لکم ذنوبکم واللہ
غفور رحیم۔ قل اطیعوا اللہ و
الرسول فان تولوا فان
اللہ لا یحب الکفرین
قال علیہ السلام ولدی
من سلك طریقی قال
علیہ السلام ایتونی باعما
لکم ولا تاتونی بانسا
بکم قیل الجنۃ لمن
اطاع ولو کان عبدا
جشیا والنار للعاصی
ولو کان سیدا قرشیا
قال علیہ السلام شرف المکان بالمکین
ونیز معلوم باد اگر کسی پیراہن کہنہ پیش
میاں نعمت رضاً اور دند بندگی میاں

نبی علیہ السلام نے فرمایا تم
اللہ کے مصاحب بنو اگر تم
سے یہ نہیں ہوسکتا تو اللہ کے
مقربوں کے ہمنشین رہو۔

شعر

اگر تیری محبت سچی ہے تو ضرور تو اسکی اطاعت کریگا
تحقیق دوست دوست کا اطاعت گزار ہوتا ہے

فرمان باری ہے کہ کہدے اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری پیروی کرو خدا تم کو دوست رکھے گا اور تمہاری مغفرت کرے گا۔ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ کہدے تم اللہ اور رسول کی اطاعت کرو پس اگر تم پھر جاؤ گے تو اللہ کافروں کو دوست نہیں رکھتا نبی علیہ السلام نے فرمایا میری اولاد وہ ہے جو میرے راستہ پر چلے فرمایا علیہ السلام نے تم میرے پاس اپنے اعمال لاؤ اپنے نسب مت لاؤ کہا گیا جنت اس کے لئے ہے جس نے اطاعت کی اگرچہ غلام حبشی ہو اور دوزخ گنہگار کے لئے ہے اگرچہ کہ سید قریشی ہو۔ فرمایا علیہ السلام نے مکان کا شرف مکین سے ہے اور نیز واضح ہو کہ اگر کوئی شخص پرانا کرتا میاں نعمت رضی اللہ عنہ کے حضور میں لاتا تو فرماتے کہ بہتر یہ ہے کہ نیا دو خدائے تعالیٰ

نعمت رضی اللہ عنہ گفت کہ اولیٰ ترا نیست کہ
تو بدہید خدا ترا یاری بدہد و نیز نقلست
از میاں نعمت رضؓ چند طالبان حق بودند خلق
بر ایشاں حکم زندیقی کردند جلاد را گفتند
برو ایشاں را گردن بزن جلاد آنجا برد
کہ دزداں را گردن می زنند از ایشاں یکی را
گفت بیا تا گردن بزنم یکی آمد گردن خود
فرو کرد دومی آمد گفت اول مرا بزن
سومی دوید و گفت اول مرا بزن چہارم
دویدہ گفت اول مرا بزن پنجم دوید و گفت
کہ اول مرا بزن ہر یکی گردن خود فرو کرد و می
گفت اول مرا بزن جلاد گفت ہشیار باشید
کہ شمشیر تیز است گفتند ما ہشیاریم تو کار خود
لبساز بعدہ جلاد گفت دریں چہ مقصود است
شما ہر یکی ہمچناں میگوئید ایشاں گفتند ہر یکی
را مقصود اینست کہ تا آن زماں کہ مرا بزند
دیگری در یاد خدائے تعالیٰ باشد و ایں زیان
مرا شود و یکدم ہم از برادر ضائع نشود بعدہ
جلاد گفت کہ دین شما نیست فی الحال مسلمان
شد و بر بادشاہ دوید و شمشیر پرتاب کرد
و گفت تو زندیقی کہ بر ایشاں حکم زندیقی
می کنی جلاد انچہ رفتہ بود بپیش بادشاہ
گفت بادشاہ ایشاں را طلبید و گفت
شمارا زندیق چرا می گویند ایشاں گفتند
شما دانید بادشاہ گفت شمارا یک مسئلہ بپرسیم
مرا جواب دہید گفتند چرا نہ پرسید زکوٰۃ بر چند مال

تمہاری مدد کرے۔ اور نیز میاں نعمت رضؓ سے منقول
ہے کہ چند طالبان مولیٰ تھے مخلوق نے ان کو زندیق
کہا اور جلاد سے کہا کہ جا اور ان کی گردن مار
جلاد نے ان کو چوروں کی گردن مارنے کی جگہ
پر لے گیا اور ان میں سے ایک کو کہا آ تا کہ گردن
ماروں ایک شخص آیا اور اپنی گردن جھکا
دی دوسرے نے آکر کہا اول مجھ کو مار تیسرا دوڑ
کر کہا اول مجھ کو مار چوتھا دوڑ کر کہا اول مجھ کو مار
پانچواں دوڑا اور کہا کہ اول مجھ کو مار ہر شخص اپنی گردن جھکاتا اور کہتا کہ اول
مجھ کو مار جلاد نے کہا ہشیار ہو جاؤ کہ شمشیر تیز ہے انہوں نے کہا ہم
ہشیار ہیں تو اپنا کام کر اس کے بعد جلاد نے کہا کہ
اس میں تمہارا کیا مقصود ہے جو تم سب اس طرح کہتے ہو۔
انہوں نے کہا کہ ہر ایک کا مقصود یہ ہے
کہ جب تک میری گردن مارے دوسرا
خدائے تعالیٰ کی یاد میں رہے اور یہ میرا
ذاتی نقصان ہوگا اور ہمارے بھائی
کا ایک دم بھی ضایع نہ جائے گا اس کے
بعد جلاد نے تمہارا یہ دین ہے کہہ کر اسی وقت
مسلمان ہو گیا اور بادشاہ پر دوڑا شمشیر
اٹھائی اور کہا کہ تو زندیق ہے جو ان پر
زندیق کا حکم کرتا ہے جلاد نے جو کچھ واقعہ
گذرا تھا بادشاہ سے کہا بادشاہ نے
ان کو طلب کیا اور کہا کہ تم کو زندیق کس
لئے کہتے ہیں تو انہوں نے کہا کہ آپ
کو معلوم۔ بادشاہ نے کہا میں تم سے ایک
مسئلہ پوچھتا ہوں مجھ کو اس کا جواب دو کہا کہ کیوں

است گفتند زکوٰۃ شما یا ما بادشاہ گفت ہمیں جہت شمارا زندیق می گویند انچہ زکوٰۃ شریعت است مرا بگوئید گفتند از دو دویست درم پنج درم است بادشاہ پرسید کہ زکوٰۃ شما چیست گفتند انچہ جمع کردہ بودند دو دویست درم دراں پنج درم آمیختہ ہم برائے اللہ بدہند بلکہ پنج تازیانہ برخود بزنانند کہ متوکل و طالب حق را جمع کردن جائز نیست۔

در صدر شہاں شدم بتاویل
مشغول شدم بسے بہ تحصیل
بشنو پسرا بیان حالت
علم جدل است قیل و قالت
بسیار شبم بروز پیوست
جز باد ہوا نبود در دست
علمی کہ خدای داں شوی تو
ایں نیست ہمیں کجا روی تو
سعدی بشوی لوح دل از نقش غیر او
علمی کہ رہ بحق ننماید جہالت است
علمی کہ ترا ز تو نستاند جہل
جہل ازاں علم بہ بود صد بار

کما قال سبحانہ وتعالیٰ فاعلم انہ لا الٰہ الا اللہ۔ قال العلم دانستن یعنی دانستن حق

علمت ز عمل چو بے نصیب است
اسلام بشہر تو غریب است

نہیں۔ پوچھا کہ زکوٰۃ کتنے مال کے لئے ہے کہا کہ تمہاری زکوٰۃ یا ہماری بادشاہ نے کہا کہ اسی وجہ تو تم کو زندیق کہتے ہیں جو کچھ شریعت کی زکوٰۃ ہے مجھ کو کہو کہا کہ دو سو درم کی پانچ درم ہے بادشاہ نے پوچھا کہ تمہاری زکوٰۃ کیا ہے کہا کہ ہم نے دو سو درم جو جمع کیے اس میں اور پانچ درم شریک کر کے خدا کی راہ میں دینا اس پر پانچ کوڑے بھی کھانا ہے کیوں کہ متوکل اور طالب حق کے لئے جمع کرنا جائز نہیں

میں تاویل (توجیہ کے ذریعے) بادشاہوں کے صدر مقام تک گیا
مشغول رہا بہت عرصہ تک تحصیل میں
اے لڑکے تیرے حال کی حقیقت سن
تیرا قیل و قال علم جدال ہے
میری بہت سی راتیں دن سے ملیں (شب بیدار رہا)
حرص کی ہوا کے سوائے میرے ہاتھ کچھ نہ آیا
جس علم سے تجھے خدا کی معرفت نصیب ہو
یہ وہ نہیں ہے تو کہاں جاتا ہے
اے سعدی تو اپنے دل کی تختی کو غیر حق کے نقش سے صاف کر
جو علم کہ خدا کا رستہ نہ دکھلائے جہالت ہے
جو علم کہ تجھ سے تیری جہالت کو دور نہ کرے
اس علم سے سو بار جہل اچھا ہے

جیسا کہ فرمایا خدائے پاک و برتر نے کہ پس تو لا الٰہ الا اللہ کو جان۔ کہا ہے کہ علم کا معنی جاننا ہے یعنی حق کو جاننا ہے۔

جب تیرا علم عمل سے دور ہے
تو اسلام تیرے شہر میں نادر ہے

از علم وعمل مباش مغرور
میدان ہمہ را ہبا منثور
علمت ہمہ رخصت است وحیلہ
ایں حیلہ شود ترا عقیلہ

ولیس علی تحقیق المعرفۃ من یغتر بکثرۃ العلم والعبادۃ لان ابلیس کان معلم الملکوت بالعلم درمیان مدرسہ وی بست ہزار دوات جمع شدند دریں قلم توحید حق تعالیٰ می نوشت قال علیہ السلام ان اشد الناس عذابا یوم القیمۃ عالم لاینفع اللہ بعلمہ قال ع اعوذ باللہ من علم لاینفع وروی ان رجلا من بنی اسرائیل جمع ثمانین تابوتا من العلم ولم ینتفع بعلمہ از میاں دلاور رض منقول است کہ حضرت میراں علیہ السلام درحق کسانیکہ بازگشتہ بہ گجرات رفتند حکم مرتدی کردند میاں سید خوندمیر رض ومیاں نعمت رض یکدیگر گفتند رمانیز رفتہ بودیم حال ماچیست میاں نعمت رض پیش حضرت میراں علیہ السلام عرض کردند میراں علیہ السلام مراقبہ کردند بعدہ فرمودند کہ فرمان می شود کہ قبول شدند المقصود خوشنودی تمام مہاجران

علم اور عمل سے مغرور مت ہو
اپنی ہر چیز کو پراگندہ غبار سمجھ
تیرا تمام علم رخصت اور حیلہ ہے
یہ حیلہ تیری بیڑی بن جائے گا

جو آدمی کثرت علم وعبادت پر مغرور ہو اس کو معرفت کی تحقیق نہیں ہوتی کیونکہ ابلیس علم میں فرشتوں کا استاد تھا۔ اس کے مدرسہ میں بیس ہزار دواتیں جمع تھیں اس میں قلم حق تعالیٰ کی توحید لکھتا تھا فرمایا علیہ السلام نے کہ قیامت کے روز سب سے زیادہ سخت عذاب اس عالم کو دیا جائے گا جس کو اللہ نے اس کے علم سے نفع نہ پہونچایا ہو۔ فرمایا علیہ السلام نے کہ میں علم بے نفع سے خدا سے پناہ مانگتا ہوں اور مروی ہے کہ بنی اسرائیل کے ایک آدمی نے اسی تابوت (الماریاں) علم کے جمع کئے اور اپنے علم سے نفع نہیں اٹھایا۔ میاں دلاور رض سے منقول ہے کہ حضرت میراں علیہ السلام نے ان اشخاص کے حق میں جو لوٹ کر گجرات گئے مرتدی کا حکم فرمایا میاں سید خوندمیر رض ومیاں نعمت رض نے آپس میں کہا کہ ہم بھی گئے تھے ہمارا کیا حال ہے میاں نعمت رض نے حضرت مہدی ع کے حضور میں عرض کیا مہدی ع نے ایک لمحہ مراقبہ کر کے فرمایا کہ فرمان ہوتا ہے کہ مقبول ہیں المقصود طالب مولیٰ موافقوں کے گھر کھانے کے لئے جانے میں تمام مہاجران مہدی علیہ السلام

بنود کہ طالب حق بخانۂ موافقاں برای طعام خوردن رود بلکہ موافقاں را منع کردندی وگفتندی کہ بندگان خدای را خوار مکنید و مال خود را ضائع مکنید اگر در راہ خدا خرچ کردن میخواہید آں فقیران را بدہید کہ بر خدائے تعالیٰ توکل کردہ استغنا کردہ اند شما را دریں اجر نیست بلکہ خود را و بندگان خدای را خوار کنید کہ در توکل ایشاں خلل می انگنید ہر کہ بخانہ شما می آید با او معاملہ مکنید تا اورا عادت نشود نقلست کہ بعضے مہاجران رضؓ را حضرت میراںؑ فرمودند ہر کہ منتظر فتوح باشد متوکل نباشد و نیز فرمودند ہر کہ از ساکنان دائرہ بدر خانۂ اغنیا بگذرد و اغنیا او را چیزی بدہند یا بہ دائرہ بفرستند فتوح نباشد نباید خورد و مرشد دائرہ نباید ستد حضرت میراںؑ فرمودند ہر چہ بے اختیار بندہ را بموافقت شرع میرسد حلال است در منہاج العابدین آوردہ است روی ابن مسعودؓ عن النبیؐ انہ قال اتدری من التائب قال لا قال اذا تاب العبد ولم یرض الخصماء فلیس بتائب ومن تاب ولم یتغیر لباسہ فلیس بتائب ومن تاب ولم یتغیر مجالسہ فلیس بتائب ومن تاب ولم یقنع ولم یقصر املہ فلیس

کی خوشنودی نہ تھی بلکہ موافقوں کو منع کرتے اور کہتے کہ بندگان خدا کو ذلیل مت کرو اور اپنے مال کو ضائع مت کرو اگر خدا کی راہ میں خرچ کرنا چاہتے ہو تو ان فقیروں کو دو جو خدائے تعالیٰ پر توکل کر کے بے پروا ہو گئے ہیں تمہارا اس میں فائدہ نہیں بلکہ تم خود کو اور بندگان خدا کو ذلیل کرتے ہو کہ ان کے توکل میں خلل پیدا کرتے ہو جو فقیر کہ تمہارے یہاں آئے اس کے ساتھ معاملہ مت کرو تاکہ اس کو عادت نہ ہو چنانچہ نقل ہے کہ حضرت مہدیؑ نے بعضی مہاجروں کو فرمایا کہ جو فقیر فتوح کا منتظر رہے وہ متوکل نہیں اور نیز فرمایا دائرہ کے رہنے والوں سے جو فقیر دولت مندوں کے گھر جائے اور دولت مند اس کو کوئی چیز دے یا اس کے ذریعے دائرہ میں بھیجے تو وہ فتوح نہ ہو گی نہیں کھانا چاہئے دائرہ کے مرشد کو بھی چاہئے کہ وہ چیز نہ لے حضرت مہدیؑ نے فرمایا جو چیز بے اختیار شرع کے موافق بندہ کو پہونچتی ہے وہ حلال ہے منہاج العابدین میں منقول ہے کہ روایت کی ابن مسعودؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تو جانتا ہے کہ تائب کون ہے کہا نہیں فرمایا جب بندہ توبہ کرے اور دشمن راضی نہ ہوں تو وہ تائب نہیں ہے اور جو توبہ کرے اور اس کا لباس نہ بدلے تو وہ تائب نہیں ہے اور جو توبہ کرے اور اس کی مجلس نہ بدلے تو وہ تائب نہیں ہے اور جو توبہ کرے

بتائب ومن تاب ولم
یحفظ لسانه فلیس بتائب
ومن تاب ولم یقدم فضله
فلیس بتائب ومن تاب
ولم یتغیر طعامه فلیس
بتائب فاذا ثبتت للعبد
هٰذه الخصال فذٰلك تائب
حقا تمام شد کار قال علیه السلام
ایاك والملوك فان
خالفوك قتلوك وان
وافقوك اضلوك ۔ حضرت میراں
علیه السلام دائم ایں چنیں می فرمودند که
تسلیم کنید ذات خود را بخدائے تعالیٰ
ہیچ کس نه پردازید و ہیچ نخواہید جز ذات
حق تعالیٰ یک ذره با مخلوق احتیاج نه
نمائید گروه نبی علیه السلام مشهور بدیں
نام اصحاب صفه موصوف بدیں صفات
باشند زیرا که ایشاں مامور باتباع خلیل
صلوات الله علیه اند کما قال
الله تعالیٰ ومن احسن
دینا ممن اسلم وجهه
لله وهو محسن واتبع
ملة ابراهیم حنیفا۔ که
ہمه حال تسلیم باشند میاں سید خوندمیر
رضی الله چوں برائے دعوت نشستے در بیان
اکثر ایں ابیات خواندی ۔

اور قناعت نہ کرے اور اس کی آرزو نہ گھٹے
تو وہ تائب نہیں ہے اور جو توبہ کرے اور اس
کی زبان محفوظ نہ ہو تو وہ تائب نہیں ہے اور
جو توبہ کرے اور اپنے فضل کو آگے نہ بڑھائے
تو وہ تائب نہیں ہے اور جو توبہ کرے اور اس کا کھانا
نہ بدلے تو وہ تائب نہیں ہے پس جب بندہ کے لئے
یہ خصلتیں ثابت ہوں تو وہ بے شک تائب
ہے تمام ہوا کام (یعنی توبہ کامل ہوئی) فرمایا نبیؐ
نے تم بادشاہوں سے احتراز رکھو اگر وہ تمہاری
مخالفت کریں گے تو تم کو قتل کریں گے اور اگر
تمہاری موافقت کریں گے تو تم کو گمراہ کریں گے
حضرت مہدی علیہ السلام ہمیشہ یہی (ہدایت) فرماتے
تھے کہ اپنی ذات کو خدائے تعالیٰ کے حوالے کردو
کسی شخص کے ساتھ (باتوں میں) مشغول مت ہو
اور کوئی چیز مت چاہو حق تعالیٰ کے سوا
مخلوق سے ایک ذرہ کی احتیاج مت رکھو نبیؐ
کا گروہ جو اصحاب صفہ کے نام سے مشہور ہے
ان صفات (مذکورہ) سے موصوف ہے اس لئے کہ وہ
خلیل صلوات علیہ کی اتباع کے لئے مامور ہیں چنانچہ اللہ تعالیٰ
فرماتا ہے اور اس سے بہتر کس کا دین ہو سکتا
ہے جس نے جھکا دیا اپنا منہ اللہ کے لئے اور وہ
نیکی میں لگا ہوا ہے اور چل رہا ہے ابراہیم
کے مذہب پر جو ایک اللہ کے ہو رہے تھے یعنی
ہر حال میں خدا کا ہو رہے حضرت میاں سید خوندمیرؓ
جب دعوت کے لئے بیٹھتے تھے تو بیان میں اکثر
یہ ابیات پڑھتے ۔

خدا از عابداں آں را گزیند
کہ در راہ خدا خود را نہ بیند
خاک شو خاک تا بروید گل
کہ بجز خاک نیست مظہر کل
ہرگز نہ شوی شیر بیابان حقیقت
تا خوار شدہ چوں سگ بازار نگردی

وحضرت میراں علیہ السلام در وقت خواندن ایں بیت بہ زبان مبارک فرمودی ما خوارانیم

مثنوی

در زمان مصطفیؐ ایں ہر چہار
بود دائم بر صحابہؓ آشکار
جوع و جانبازی و ذل و غربت است
چوں بود ایں چار پنجم قربت است

یقول اللہ عزوجل۔ الناس یطلبون رضائی وانا اطلب رضائک یا محمدؐ روی عن موسیٰؑ صلوات اللہ علیہ کما قال سبحانہ وتعالیٰ فقال رب انی لما انزلت الی من خیر فقیر (جزء۲۰ رکوع ۶) فقال الٰہی انا فقیر انا غریب انا مریض قال تبارک اللہ تعالیٰ یا موسیٰ الفقیر الذی لیس لہ مثلی نصیب والمریض الذی لیس لہ مثلی طبیب والغریب الذی لیس لہ مثلی

خدا عابدوں سے ان کو قبول کرتا ہے
جو خدا کی راہ میں خود کو نہیں دیکھتے
خاک بن خاک تاکہ پھول اگے
کیونکہ سب کے ظہور کی جگہ خاک کے سوا دوسری چیز نہیں
حقیقت کے جنگل کا شیر تو ہرگز نہیں بنے گا
جب تک کہ بازاری کتے کی طرح ذلیل وخوار نہ پھرے

اور حضرت مہدیؑ یہ بیت (ہرگز نشوی الخ) پڑھتے وقت زبان مبارک سے فرماتے کہ ہم خوار ہیں۔

مثنوی

مصطفیٰؐ کے زمانہ میں یہ چاروں (صفتیں)
ہمیشہ صحابہ پہ ظاہر تھیں
بھوک جان پر کھیلنا ذلت اور غربت
جب یہ چاروں جمع ہو جائیں پانچویں قربت ہے

اللہ عزوجل فرماتا ہے۔ لوگ میری رضا طلب کرتے ہیں اور اے محمد میں تیری رضا طلب کرتا ہوں موسیٰ صلوات اللہ علیہ سے مروی ہے جیسا کہ حق سبحانہ تعالیٰ نے فرمایا پس کہا اے رب تو جو اتارے میری طرف اچھی چیز میں اس کا محتاج ہوں۔ پس کہا یا اللہ میں فقیر ہوں غریب ہوں میں بیمار ہوں تو فرمایا اللہ تبارک وتعالیٰ نے اسے موسیٰ فقیر وہ ہے جس کو میرا مثل نصیب نہ ہو اور مریض وہ ہے جس کو میرے جیسا طبیب نہ ہو اور غریب وہ ہے جس کے لئے میرے جیسا حبیب نہ ہو۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اے محمد اگر تو ایمان کی حلاوت پانا

حبیب۔ قال اللہ تعالیٰ یا محمدؐ
ان احببت ان تجد حلاوۃ
الایمان فجوع نفسک والزم
لسانک الصمت والزم نفسک
خشیۃ وخوفا ابدا والزم
نفسک العنا لا تستریح ابدا
فان فعلت ذٰلک فلعلک تسلم
وان لم تفعل ذٰلک فانت
من الھالکین۔ روی عن
بشیر بن الحارث انہ قال
ان العبد لیقرأ ایاک نعبد
وایاک نستعین یقول اللہ
تعالیٰ کذبت ما ایای تعبد
لا ایای تستعین لو کنت
تعبد ایای لم توثر ھواک
علیٰ رضائی ولو کنت تستعین
لی لم تسکن الیٰ حیلک
وقوتک ولا الیٰ اھلک

مارا نہ مرید ورد خواں می باید
نے زاہد و حافظ قرآں می باید
صاحب دل و سوختہ جاں می باید
آتش زدۂ بہ خان و ماں می باید

حضرت میراں علیہ السلام ہم ایں چنیں رخصت
ندادند بلکہ در حق طالبان حیات دنیا آں آیہا
مذکورہ وغیر آں فرستادہ دنیز معلوم باد
کہ رسولؐ را در معراج ایں چنیں فرمان شد

چاہتا ہے تو اپنے نفس کو بھوکا رکھ اور
اپنی زبان کے لئے خاموشی کو لازم کر لے
اور اپنے نفس کے لئے خوف کو ہمیشہ لازم
کرے اور تکلیف کو لازم کرے کبھی آرام نہ
لے اگر تو ایسا کرے گا تو شاید تو سلامت رہے
اور اگر ایسا نہ کرے تو تو ہالکین سے ہے۔
مروی ہے بشیر ابن حارث سے کہ فرمایا بندہ
ایاک نعبد و ایاک نستعین پڑھتا ہے تو اللہ
تعالیٰ فرماتا ہے اے بندے تونے جھوٹ
کہا نہ تو میری عبادت کرتا ہے اور نہ مجھ سے
ہی مدد چاہتا ہے اگر تو میری عبادت کرتا تو
اپنے خواہش نفسانی کو میری رضا پر ترجیح
نہ دیتا اور اگر تو مجھ سے ہی مدد چاہنے
والا ہوتا تو تیرے لئے تیری زمین
تیرے کھانے پینے کی چیزیں
اور تیرے عورت بچے باعث سکون
نہ ہوتے

ہم کو نہ وظیفہ پڑھنے والا مرید چاہئے
اور نہ زاہد اور قرآن کا حافظ چاہئے
صاحب دل اور سوختہ جان چاہئے
جس کے گھر اور مال کو آگ لگی ہو وہ چاہئے

حضرت مہدی علیہ السلام نے بھی ایسی رخصت
نہیں دی بلکہ دنیا کی زندگی کے طالبوں کے
حق میں آیات مذکورہ وغیرہ بیان فرمایا اور
نیز واضح ہو کہ رسولؐ کو معراج میں اس طرح فرمان ہوا کہ

يا احمد لو صلى العبد صلوٰة
اهل السماء والارض وطوى
من الطعام مثل الملئكة حتى
ياكل شيئا كاولياء العارفين
ويلبس لباس الضان ثم
رأى فى قلبه من حب الدنيا
مثقال ذرة اومن سمتها
اومن محمدتها اومن عجبها
اوكبرها اوريا ستها اوحبها
اوحليها اوزينتها اواكثر
منها اوادتها لايجاورنى
فى دارى ولانزعن من قلبه
محبتى وعليك سلامى ورحمتى
ولاظلمن عليه قلبه حتى
ينسانى ولااذيقه محبتى
وعليك رحمتى فاعمل
بوصيتى واطلب مرضاتى
واوص بذلك امتك فان
فيه نجاتهم قال ع ليجيئن
اقوام يوم القيمة لهم حسنات
كامثال الجبال فيؤمر بهم
الى النار فقيل يا نبى الله
ايصلون ويصومون قال ع
نعم يصلون ويصومون ويا
خذون وهنا من الليل
لكنهم كانوا اذا لاح لهم شئى

اے احمدؐ اگر کوئی بندہ اہل سما وارض کے برابر نماز
پڑھے اور ملائکہ کے مانند کھانے سے باز رہے اور
اولیاء عارفین کی طرح غذا استعمال کرے
اور بکرے کی کھال کا لباس پہن لے اور پھر اپنے
دل میں ذرہ برابر دنیا کی محبت یا دنیا کی کچھ علامت
یا دنیا کی تعریف یا فخر ویا کبر یا حکومت یا محبت
زیور یا زینت کی بیش وکم دیکھے تو وہ میرے
گھر میں میرا ہمجاور نہ ہوگا اس کے دل سے
میں اپنی محبت نکال دوں گا۔ اور تجھ پر
میرا سلام اور رحمت ہو اور البتہ
میں اس کا دل تاریک بنا دوں گا
حتیٰ کہ وہ مجھ کو بھول جائے گا
اور میں اس کو اپنی محبت کا ذائقہ نہیں
چکھاؤں گا اے محمدؐ تجھ پر میری رحمت ہو
پس تو میری وصیت کے موافق عمل کر اور میری
خوشنودی کا طالب رہ اور اپنی امت کو بھی انھیں
باتوں کی تعلیم دے کیوں کہ اس میں ان کی نجات
ہے فرمایا ع نے کہ قیامت کے دن ایسی قومیں
آئیں گی جن کی نیکیاں پہاڑوں کی جیسی ہوں گی
اور ان کو دوزخ کی طرف لے جانے کا حکم
ہوگا تو عرض کیا گیا اے نبی اللہ کے
کیا وہ لوگ نماز نہیں پڑھتے
تھے اور کیا وہ لوگ روزے نہیں
رکھتے تھے تو آپ نے فرمایا ہاں
وہ نماز پڑھتے تھے روزے رکھتے
تھے اور پچھلی رات کو اٹھ کر اللہ

من الدنیا ذنبوا علیه پس کسانیکه
این صفت ها دارند سوی ایشان میل
کردن حضرت میران علیه السلام منع کرده اند
وصحبت کردن والفت کردن و درخانهٔ
ایشان رفتن منع کرده اند کما قال
سبحانه وتعالیٰ ولا ترکنوا الی
الذین ظلموا فتمسکم النار
ومالکم من دون الله من
اولیاء ثم لا تنصرون (جز ۱۲
رکوع ۱۰) وعن الحسین جعل الله
الدین بین الاثنین لا
تطغوا و لا ترکنوا الی الذین
ظلموا فتمسکم النار۔ الخ
قال ابو سفیان فی جهنم
واد لا یسکنه الا الفقراء الزائرون
الملوک قال ع الذباب
علی العذرة احسن من الفقهاء
علی باب السلاطین۔ وعن
الاوزاعی ما من شیٔ ابغض
الی الله من عالم یزور عاملا
یعنی آمیخته۔ وقال رسول
الله ص من دعی ظالما بالبقاء
فقد احب ان یعصی الله فی
ارضه وقیل سئل عن
ظالم اشرف علی الهلاک
فی بریة یسقی شربة فقال

کی عبادت بھی کرتے تھے لیکن ذرا دنیا ان
پر ظاہر ہوتی تھی تو اس پر اچھل پڑتے تھے
پس جو لوگ یہ صفتیں رکھتے ہیں ان کی طرف
میل کرنے سے حضرت مہدی علیہ السلام نے
منع فرمایا ہے اور ان کے ساتھ صحبت رکھنے
اور دوستی کرنے اور ان کے گھروں کو جانے
سے منع فرمایا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا
ہے تم ظالموں کی طرف مائل مت ہو (ورنہ)
آ لگے گی تم کو آگ اور کوئی نہیں تمہارا
اللہ کے سوا مددگار پھر کہیں بھی مدد نہ
پاؤ گے۔ اور حسین رض سے مروی ہے کہ اللہ نے
دین کو دو چیزوں کے درمیان رکھا ہے مت
سرکشی کرو اور مت مائل ہو طرف اون لوگوں
کے جنھوں نے ظلم کیا پس تم کو آگ چھو
لے گی الخ کہا ابو سفیان نے کہ جہنم میں
ایک وادی ہے جس میں وہی فقراء رہیں گے
جو سلاطین کی ملاقات کو جایا کرتے تھے
فرمایا نبی ع نے گوہ پر بیٹھنے والی مکھی بادشاہوں
کے پاس جانے والے عالموں سے بہتر ہے اور اوزاعی
سے مروی ہے کہ اللہ کے پاس اس عالم سے زیادہ
مبغوض یعنی قابل بغض کوئی چیز نہیں ہے جو حاکم
کی ملاقات کے لئے جائے۔ یعنی (حاکموں سے) ملا رہے۔
اور فرمایا رسول اللہ ص جس نے ظالم کو زندہ رہنے کی دعا
دی تو تحقیق اسے اس بات کو دوست رکھا کہ وہ نافرمانی
کرے خدا کی اس کی زمین میں۔ اور کہا گیا
سوال کیا گیا ایک ظالم کے بارے میں جو

لا وقيل له يموت قال دعوه حتى يموت۔ فى المدارك وقال اهل العلم والمعرفة روية وجه الظالم تسود القلب وقال صحبة الاغنياء واهل الدنيا يميت القلب فاذا مات قلب المؤمن نعوذ بالله منها مار حجرا ومدرا فيقول المؤمن ما شاء وقول لا يحل للفقراء ان يجالسوا الملوك والسلاطين لان قلبهم يموت بصحبتهم كما روى عن على بن ابي طالب رض صحبت الملوك فتنة و وسم قاتل لادواء له وقوله فى اقامة السلوك والرياضة ترك الدنيا وصحبت الاغنياء والملوك وهواء نفسه وروى عن الحسن البصرى رح عن امير المؤمنين على بن ابي طالب رض قال اذا رايت رجلا يخالط الناس بغير حاجة ويطلب الدنيا ثم يطلب المولى فاعلم انه زنديق مردود ولصوص الدين وقطاع الطريق۔ روى عن ابي يزيد انه قال طالب الدنيا لا يكون

مرنے کے قریب ہو کسی جنگل میں کہ اس کو پانی پلایا جائے یا نہیں تو فرمایا کہ نہیں اور کہا گیا کہ وہ مرجائے گا تو فرمایا کہ اس کو چھوڑ دو حتیٰ کہ مرجائے۔ یہ مدارک میں ہے اہل علم و معرفت نے کہا ہے کہ ظالم کا منہ دیکھنے سے دل کالا ہوتا ہے اور فرمایا تو انگروں اور دنیا داروں کی صحبت سے دل مرجاتا ہے اور جب مومن کا دل مرجائے تو اس سے ہم خدا سے پناہ مانگتے ہیں کہ وہ پتھر یا ڈھیلا ہو گیا۔ پس کہنے لگتا ہے جو چاہتا ہے اور ایک قول ہے کہ فقراء کو بادشاہوں کی مجلس میں بیٹھنا جائز نہیں کیونکہ ان کا دل بادشاہوں کی صحبت سے مرجاتا ہے چنانچہ حضرت علی رض سے مروی ہے کہ سلاطین کی صحبت فتنہ ہے اور سم قاتل ہے جس کی دوا نہیں۔ سلوک اور ریاضت کے قائم کرنے کے بارے میں آپ کا (حضرت علی رض) کا ایک قول یہ بھی ہے کہ دنیا اور تو انگروں اور بادشاہوں کی صحبت اور خواہش نفسانی کو چھوڑنا ہے۔ اور حسن بصری رح سے بہ روایت امیر المومنین علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ مروی ہے کہا جب تو کسی آدمی کو دیکھے کہ بے ضرورت لوگوں سے ملتا ہے اور دنیا کا طلب گار ہے اور پھر مولیٰ کی طلب کا دعویٰ بھی کرتا ہے تو جان تو کہ وہ زندیق ہے اور مردود ہے اور دین کا چور ہے اور راہزن ہے۔ ابو یزید سے مروی ہے کہ اس نے کہا طالب دنیا طالب مولیٰ

طالب المولیٰ واختلاط اھل
الدنیا شرک للسالکین
فی طریق طلب المولیٰ روی
عن جنید رح قال یحرم علی
الفقیر فی جمیع المذاھب
ان یخالط اھل الدنیا ویجئ
الی الملوک والسلاطین
وقال علیہ السلام ایاک
والملوک فان خالفوک
قتلوک وان وافقوک اضلوک
ومصطفیٰ را این فرمان است (قولہ
تعالیٰ) واصبر نفسک مع الذین
یدعون ربھم بالغدوۃ
والعشی الآیۃ وآیت دیگر ولا
تمدن عینیک الی مامتعنا بہ
ازواجا الآیۃ قال علی رض
بئس الفقیر من یاتی
علی باب الامیر وخیر الامراء
من یاتی علی باب الفقیر
وقال النبی اذا جاء السلوک
علی باب الملوک بئس السلوک
وبئس الملوک واذا جاء الملوک
علی باب السلوک نعم السلوک
ونعم الملوک وقال علیہ السلام
العلماء امناء اللہ مالم یخالط
الملوک فاذا خالطوھم فاحذرھم

نہیں ہوتا اور اہل دنیا سے میل
جول رکھنا راہ طلب مولیٰ کے چلنے والوں
کے لئے شرک ہے حضرت جنید رح سے مروی ہے کہا
ہر مذہب میں فقیر پر اہل دنیا سے
میل جول رکھنا اور ملوک و سلاطین کے پاس
آمد ورفت رکھنا حرام ہے اور فرمایا علیہ السلام نے تم بادشاہوں
سے بچو اگر تمہارے مخالف ہو جائیں تو تم
کو قتل کریں گے اور اگر موافق ہوں تو تم کو گمراہ
کریں گے اور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرمان
ہوا (قولہ تعالیٰ) تو اپنے نفس پر صبر کر ساتھ ان
لوگوں کے جو اپنے رب کو صبح وشام پکارتے ہیں۔
اور دوسری آیت یہ کہ تو اپنی آنکھوں کو ہماری
عطا کردہ متاع یعنے ازواج کی طرف مت پھیلا الخ
فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے برا فقیر امیر
کے دروازہ پر جانے والا اور اچھا امیر فقیر کے
پاس آنے والا ہے۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم
نے جب سالکین بادشاہوں کے دروازے
پر آجائیں تو برے سالک ہیں اور بادشاہ
بھی برے ہیں اور جب سلاطین سالکین کے
ہاں آئیں تو وہ سالکین بھی اچھے ہیں اور
سلاطین بھی۔ فرمایا علیہ السلام
نے علماء اللہ کے امانت دار ہیں
جب تک کہ بادشاہوں سے میل
جول پیدا نہ کریں تو ان سے
پرہیز کرو ویس تحقیق کہ وہ دین کے
چور ہیں اور رہزن ہیں۔ اور جو شخص کہ

فانہم لصوص الدین وقطاع الطریق۔ وکسیکہ درخانۂ ایشاں برود چیزی بخورد حضرت رسول علیہ السلام چنیں فرمودہ اند لاتغتروا بالاخباز الابیاض للامراء فانہا مخلوطۃ بدم المسلمین ظلموا بالمظلومین فمن اکل من سماط الملوک قطع اللہ شفتاہ بمقاریض النار ونیز نقلست کہ حضرت میراںؑ از شہر جالور رواں شدند و بطرف خراسان ہجرت کردند تا آنجا کہ ولایت مسلمان بود حضرت میراںؑ تاکید میکردند ومی فرمودند مبادا کسی از کشتہای ایشاں چیزی ازبرائی خوردن بگیرد چونکہ در ملک کفرستان رسیدند وفرمودند کہ اگر کسی مضطر باشد آنرا باید کہ از کشتہای ایشاں بخورد چراکہ ایشاں حربی اند پس حضرت میراںؑ کلمہ گویاں را ایں چنیں رعایت داشتند۔ کقولہ تعالیٰ قالت الاعراب اٰمنا قل لم تؤمنوا ولٰکن قولوا اسلمنا وحضرت میراںؑ ایں آیت را بایں طریق بیان فرمودند کسیکہ کلمہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ بگوید از ایشاں جزیہ نباید گرفت وبیگار ایشاں را نباید گرفت و زنانِ ایشاں را بغیر نکاح تصرف

ان کے گھر کو جائے اور کوئی چیز کھائے تو حضرت رسول علیہ السلام نے اس طرح فرمایا کہ تم امیروں کی سپید روٹیوں پر دھوکہ مت کھاؤ کیوں کہ مسلمانوں کے خون اور مظالم سے ملی ہوئی ہیں اور جو بادشاہوں کے دسترخوان سے کھائے گا تو اللہ آتش کی قینچیوں سے اس کے ہونٹ کاٹے گا۔ اور نیز نقل ہے کہ جب حضرت مہدی علیہ السلام نے شہر جالور سے نکل کر خراسان کی طرف ہجرت کی جہاں تک مسلمانوں کی سرحد تھی حضرت مہدی علیہ السلام تاکید کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ ایسا نہ ہو کہ کوئی شخص ان کی کھیتوں میں سے کھانے کے لئے لے اور جب بت پرستوں کے ملک میں پہونچے تو فرمایا کہ جو شخص مضطر ہو جائے تو وہ ان کے کھیتوں میں سے کھا سکتا ہے اس لئے کہ یہ لوگ حربی ہیں پس حضرت مہدی علیہ السلام نے کلمہ گویوں کی اس قدر رعایت فرمائی مانند قول اللہ تعالیٰ کے کہا اعراب نے ہم ایمان لائے کہہ تم ایمان نہیں لائے لیکن تم کہو ہم مسلمان ہوئے اور حضرت مہدیؑ نے اس آیت کو اس طرح بیان فرمایا کہ جو شخص کلمہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہتا ہے ان سے جزیہ لیں اور نہ ان کو بیگار بنائیں اور نہ ان کی عورتوں پر بغیر نکاح کے تصرف کریں اس قدر کلمہ کی حرمت

نباید گرد این چنیں حرمت کلمہ باید داشت

ونیز معلوم باد کہ بندگی میاں سید خوندمیرؓ بعد از قتال ہیچ کالائی نہ گرفتند واز گرفتن کالای مخالفاں منع کردند با ایں ہمہ کہ ایشاں اینچنیں بے وضعی کردند ونیز معلوم باد وقتیکہ باببہاریاں ومندوزیاں در جالور جنگ شدہ ومندوزیاں راشکستند وخانہ ہای ایشاں ومالہا وغلہ ہای ایشاں را غصب کردند وبعضی کساں از آں غلہ خرید کردہ در دائرہ آوردند بندگی میاں ملک الہدادؓ واپس دہانیدند چراکہ غلہ کلمہ گویاں بود وبظلم وزور ستدہ بودند وآنچہ مندوزیاں کار در جالور می کردند ہمہ کساں را معلوم است ربوا خواراں بودند وبر بقالاں وضعیفاں بسیار ظلم وتعدی میکردندی با اینہمہ غلہ ایشاں باز دہانیدند وکسانیکہ کلمہ میگویند ومیراں سید محمد را مہدی موعود کردہ قبول می کنند ودر جماعت اصحاب مہدی علیہ السلام نماز می گزارند اینچنیں کسانرا ظلم چگونہ باید کرد واز ایشاں چیزی چگونہ باید ستد وبیگار نباید گرفت چراکہ ایشاں در قبول کردن بزبان برادراں ما شدند ومسلمان بلسان شدند پس کسانیکہ مہدی علیہ السلام را قبول می کنند باید کہ مسلمانانرا ہیچ تشویش ندہند کما جاء النجم قال علیہ السلام دعوة المظلوم مستجاب وان کان کافرا ولو بعد حین۔

رکھنی چاہئے۔

اور نیز واضح ہو کہ بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے قتال کے بعد کوئی سامان (غنیمت) نہیں لیا اور مخالفوں کا اسباب لینے سے منع فرمایا باوجودیکہ مخالفوں نے مہدویوں کے ساتھ ایسی بدسلوکی کی اور نیز واضح ہو کہ جس وقت جالور میں بہاریوں اور مندوزیوں میں جنگ ہوئی مندوزیوں نے شکست کھائی ان کا گھر مال اور غلہ لوٹ لئے اور بعضے لوگ اس غلہ میں سے خرید کر دائرہ میں لائے۔ بندگی میاں الہدادؓ نے واپس کروا دیا اس لئے کہ غلہ کلمہ گویوں کا تھا زور اور ظلم سے لیا گیا تھا۔ اور جالور میں مندوزیاں جو کچھ کام کرتے تھے تمام لوگوں کو معلوم ہے سود خوار تھے بقالوں اور ضعیفوں پر بہت ظلم اور تعدی کرتے تھے اس پر بھی ان کا غلہ واپس کروا دیئے اور جو لوگ کہ کلمہ پڑھتے اور میراں سید محمد کو مہدی موعود علیہ السلام جان کر قبول کرتے ہیں اور مہدی علیہ السلام کے اصحاب کی جماعت میں نماز پڑھتے ہیں ایسے اشخاص پر کیونکر ظلم کیا جاسکتا ہے اور ان سے کوئی چیز لی جا سکتی ہے اور بیگار بتا سکتے ہیں اس لئے کہ یہ لوگ زبان سے مہدیؑ کو قبول کرنے کی وجہ سے ہمارے برادر اور لسانی مسلمان ہیں پس مقبلان مہدی علیہ السلام کو چاہئے کہ لسانی مسلمانوں کو کسی طرح پریشان نہ کریں جس طرح کہ چرواہا گلہ کو پریشان نہیں کرتا۔ فرمایا علیہ السلام نے مظلوم کی دعا مقبول ہے اگرچہ کہ کافر ہو اور اگرچہ بعد ایک زمانہ کے

باب النهي عن انس بن مالك ان رسول الله ؐ قال رايت ليلة اسري بي رجالا تقرض شفاههم بمقاريض النار فقلت من هؤلاء يا جبرئيل قال هؤلاء خطباء امتك الذين يقولون ما لا يفعلون۔ **فصل** عن عبد الله بن مسعود ؓ قال قال رسول الله ؐ لما وقعت بنو اسرائيل في المعاصي نهتهم علماؤهم فلم ينتهوا فجالسوهم في مجالسهم وآكلوهم وشاربوهم فضرب الله قلوب بعضهم ببعض فلعنهم على لسان داود و عيسى بن مريم ذلك بما عصوا وكانوا يعتدون

مشکوٰۃ و نیز بندگی میاں سید خوندمیر سید الشہداء ؓ اکثر فرمودند کہ آنچہ حق است بگوییم اگرچہ کردن نمی توانم کہ این تقصیر و بدی ماست کہ نمی کنم واما حق پوشی کفر است پس آنچہ از میراں سید محمد مہدی شنیدہ باشیم آں بگوییم اگر کسی را گفتن نمی توانیم پیش زن خویش ہم بگوییم تا در تحت این آیت در نیاییم کقولہ تعالیٰ۔ لا تکتموا

ہو باب نہی کا روایت سے انس بن مالک کے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے شب معراج میں دیکھا چند آدمیوں کو جن کے لب آگ کی قینچیوں سے کاٹے جا رہے ہیں میں نے کہا کون ہیں یہ اے جبرئیل تو کہا کہ یہ لوگ آپ کی امت کے واعظین ہیں جو کہتے ہیں اور خود نہیں کرتے فصل۔ روایت سے عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بنو اسرائیل گناہوں میں مبتلا ہو گئے تو ان کے علماء نے منع کیا لیکن وہ باز نہ آئے پھر علماء ان ہی گناہگاروں کی مجلس میں بیٹھنے لگے ان کے ساتھ کھانے پینے لگے۔ پس ان کا اثر ان پر بھی ہو گیا پس (اللہ تعالیٰ نے) داؤد علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام کی زبانی انپر لعنت کی یہ اس سبب سے ہوا کہ انہوں نے نافرمانی کی اور حد سے بڑھ گئے تھے۔ مشکوٰۃ

اور نیز بندگی میاں سید خوندمیر سید الشہداء ؓ اکثر فرماتے کہ جو کچھ حق ہے کہونگا اگرچہ اس پر عمل نہ کر سکوں اس لئے کہ (عمل کرنا) یہ ہماری تقصیر اور برائی ہے ولیکن حق بات کا چھپانا کفر ہے پس ہم نے میراں سید محمد مہدی علیہ السلام سے جو کچھ سنا ہے وہی کہیں گے اگر کسی کو نہ کہہ سکیں تو اپنی عورت سے ہی کہیں گے تاکہ اس آیت کی تحت میں نہ آئیں۔ مانند قول اللہ تعالیٰ کے۔ اور تم گواہی

الشهادة ومن يكتمها فانه
اثم قلبه والله بما تعملون
عليم ـ وفي الحديث من كتم
علما عن اهله الجم يوم القيمة
بلجام النار ـ پس خدای تعالیٰ
در کلام خویش بسیار جائے وعید کرده است
علما یانرا ونهی می کند حرام خوارانرا و
دروغگو یانرا ای ومن علم شيئا
فليعلم غيره ـ قال الله تعالیٰ
وترى كثيرا منهم يسارعون
في الاثم والعدوان واكلهم
السحت لبئس ما كانوا
يعملون (جزء ٦ رکوع ١٣)
قال الضحاك رحمة الله
عليه اخوف الاٰيت عندي
هذه الاٰية وقال عليه
السلام والحق الوعيد الشديد
بترك الامر بالمعروف بمثل
ما الوعيد لمرتكب النهي
قال عليه السلام مثل الفاسق
في القوم ويروىٰ مثل المداهن
في القوم كمثل قوم ركبوا سفينة
فقسموها فصار لكل واحد
نصيب فاخذ رجل منهم
فاسا يثقب نصيبه فيقول
هو مكاني اصنع به ما اريد

مت چھپاؤ اور جو چھپائیگا تو پس تحقیق اس کا
دل گناہگار ہوگا اور اللہ تمہارے اعمال کا علیم ہے۔
اور حدیث میں ہے جس نے علم کو اس کے اہل سے
چھپایا تو قیامت کے دن آگ کی لگام لگایا جائے گا۔
پس خدائے تعالیٰ نے اپنے کلام میں بہت جگہ
عالموں کو وعید کی اور حرام خوروں اور دروغگویوں
کو نہی کی ہے یعنی جو آدمی کچھ سیکھے تو چاہیئے
کہ دوسرے کو بھی سکھائے فرمایا اللہ نے
تو ان میں سے اکثر کو دیکھتا ہے کہ وہ
گناہ اور ظلم اور حرام کھانے پر دوڑتے ہیں
کیسے برے کام ہیں جو وہ کر رہے ہیں۔
ضحاک رح نے فرمایا تمام آیتوں سے زیادہ ڈرانے
والی آیت میرے پاس یہی ہے فرمایا علیہ السلام
نے جیسی وعید مرتکب نہی کے لئے ہے ویسی
ہی نہی امر بالمعروف کے ترک پر بھی حق ہے۔
فرمایا علیہ السلام نے مثل
فاسق کی ایک روایت میں
مثل مداہن کی مانند مثل
اس قوم کے ہے جو کشتی میں سوار
ہوئے پس تقسیم کر لئے اس
کو پس ہر ایک کے لئے ایک
حصہ آیا پس ان میں سے ایک
آدمی نے کبولا لیا کہ اپنے
حصہ میں سوراخ کرے اور
یہ کہا کہ یہ میرا مکان
ہے۔

فی مکانی فان لم یاخذوا یدہ
وترکوا غرق وغرقوا وان اخذوا
یدہ نجوا۔ قال سبحانہ وتعالیٰ
لولا ینھٰھم الربانیون والا
حبار عن قولھم الاثم واکلھم
السحت لبئس ما کانوا یصنعون۔
ولبعض الناس قالوا اذا امن
الرجل لا یضرہ فسق الفاسق
اذا کرہ فسقہ وان لم یامرہ
بالمعروف واحتجوا بھٰذہ الآیة
یاایھا الذین اٰمنوا علیکم
انفسکم لا یضرکم من ضل اذا
اھتدیتم لکن ھٰذا خطاء۔
فانہ روی قراء ابوبکر الصدیق رض
ھٰذہ الآیة یوما وقال یا
اصحابی لا یغرنکم ھٰذہ الآیة
فی ترک الامر بالمعروف
لا یضرکم من ضل اذا اھتدیتم
الی اللّٰہ مرجعکم ولم یقل
صلیتم وصمتم وزکیتم و
حججتم ولکن ذکر ھٰذہ الاھتداء
پس آنچہ دیدہ وشنیدہ باشیم بر عمل کردن
آں قصد کنیم اگر تمام کردہ نمی شود از
گفتار آں باز نمانیم کما روی عن
انس بن مالک رض قال قلنا یا
رسول اللّٰہ ﷺ لا نأمر بالمعروف

مجھے اختیار ہے میں جو چاہوں کروں پس اگر کشتی
والے اس کا ہاتھ نہ پکڑیں اور نہ روکیں تو کشتی
غرق ہو جائے گی اور کشتی میں بیٹھے ہوئے لوگ سب
غرق ہو جائیں گے اور اگر اس کا ہاتھ پکڑیں
تو نجات پائیں گے حق سبحانہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ
ان کو کیوں نہیں منع کرتے اللہ والے درویش
اور علما گناہ کی بات بولنے اور حرام مال کھانے
سے بہت برے عمل ہیں جو وہ کر رہے ہیں
اور بعضوں نے کہا ہے کہ جب آدمی مؤمن
ہو جاتا ہے تو کسی بدکار کی بدکاری اس کو
ضرر نہیں پہونچاتی جبکہ وہ اس کی بدکاری کو مکروہ
سمجھے اگرچہ اس کو امر بالمعروف نہ کرے اور
دلیل لائی ہے انہوں نے اس آیت سے۔ اے
مومنو تم اپنی آپ حفاظت کرو تم ہدایت پر رہوگے
تو کوئی گمراہ تم کو نقصان نہ پہنچا سکیگا لیکن یہ غلطی
ہے کیونکہ مروی ہے کہ ابوبکر صدیق رض نے ایک
دن یہ آیت پڑھی اور فرمایا عزیزو! (کہیں ایسا نہ ہو کہ
یہ آیت امر بالمعروف کے ترک پر تم کو آمادہ کرے
تم ہدایت پر رہوگے تو کوئی گمراہ تم کو ضرر نہ پہونچا
سکیگا۔ تم کو اللہ کے پاس جانا ہے اللہ تعالیٰ نے
یہ نہیں فرمایا کہ تم نماز پڑھوگے روزے رکھوگے زکوٰة
دوگے حج کروگے تو گمراہ نقصان نہیں پہونچا سکیگا بلکہ یہ کہا کہ ہدایت پر رہوگے
تو کوئی گمراہ تم کو نقصان نہ پہونچا سکیگا۔ پس ہم نے جو کچھ دیکھا اور سنا
ہے اس پر عمل کرنے کا قصد کریں گے
اگر اس پر پورا عمل نہ کیا جائے تو اس کو ظاہر
کرنے سے کوتاہی نہیں کریں گے چنانچہ

حتی نعمل به کله ولا ننهی
عن المنکر حتی نجتنبه کله
فقال رسول الله م اؤمروا
بالمعروف وان لم تفعلوا
به کله وانهوا عن المنکر وان
لم تجتنبوه کله پس انچہ روش
مہدی ع دیده واز یاران او شنیده ایم بگوئیم
اگرچہ کردن نتوانیم۔ وعن اوس
بن شرحبیل رض انه سمع رسول
الله م یقول من مشی مع ظالم
لیقوی به ویعلم انه ظالم
فقد خرج من الاسلام۔ قال
اهل العلم والمعرفة رویة
وجه الظالم تسود القلب –
وعن النعمن بن بشیر قال
قال رسول الله صلی الله علیه
وسلم مثل المدهن فی
حدود الله والواقع فیها مثل
قوم استهموا سفینة فصار
بعضهم فی اسفلها وصار بعضهم
فی اعلاها فکان الذی فی
اسفلها یمر بالماء علی الذین
فی اعلاها فتاذوا به فاخذ
فاسا فجعل ینقر اسفل
السفینة فاتوه فقالوا
مالک قال تاذیتم بی ولا

حضرت انس بن مالک رض سے مروی ہے کہ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب تک ہم پورے عامل نہیں بن جاتے ہیں امر بالمعروف نہیں کرتے اور جب تک منہیات سے خود اچھی طرح پرہیز نہیں کرتے ہیں نہی عن المنکر نہیں کرتے یہ سن کر سردار دو عالم صلعم نے ارشاد فرمایا تم امر بالمعروف کرو۔ اگرچہ کہ اس پر پورے کاربند نہ ہو۔ اور نہی عن المنکر کرو اگرچہ کہ جملہ منہیات سے پرہیز نہ کرو۔ پس ہم نے جو کچھ کہ مہدی علیہ السلام کی روش دیکھی اور یاران مہدی علیہ السلام سے سنی ہے وہی کہیں گے اگرچہ ہمارا عمل اس پر نہ ہو۔ اوس بن شرحبیل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ نے رسول خدا م سے سنا آپ فرماتے تھے جو ظالم کے ساتھ چلے تاکہ اس کی پیروی کرے اور جانتا ہو کہ وہ ظالم ہے تو تحقیق کہ وہ نکل گیا اسلام سے۔ اہل علم و معرفت نے فرمایا ہے کہ ظالم کا چہرہ دیکھنا دل کی سیاہی ہے۔ نعمان بن بشیر سے مروی ہے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ حدود خدا میں سستی کرنے والوں اور اس میں پڑے ہوئے لوگوں کی مثال ان لوگوں کی سی ہے جنھوں نے ایک کشتی پر قرعہ ڈالا پھر کچھ لوگ ان میں سے کشتی کے نیچے کے درجہ میں اور کچھ اوپر کے درجہ میں ہو گئے پھر نیچے والا پانی کے واسطے اوپر والوں کے پاس گیا اور انھیں اس سے تکلیف پہنچی (اس لئے انہوں نے اسے اوپر آنے سے منع کیا) تو نیچے والے نے ایک بسولہ لے کر کشتی کے

بدلی من الماء فان اخذ وا
علی یدیہ انجوہ ونجوا انفسھم
وان ترکوہ اھلکوہ واھلکوا
انفسھم رواہ البخاری وعن
ابی سعید الخدری عن رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
قال من رأی منکم منکر
افلیغیرہ بیدہ فان لم
یستطع فبلسانہ فان لم
یستطع فبقلبہ وذٰلک اضعف
الایمان رواہ مسلم وعن
ابی بکر الصدیق رض قال یا
یھا الناس انکم تقرؤن
ھٰذہ الاٰیۃ یاٰیھا الذین
اٰمنوا علیکم انفسکم لایضرکم
من ضل اذا اھتدیتم فانی
سمعت رسول اللہ ؐ یقول ان
الناس اذا راوا منکرا لم
یغیروہ یوشک ان یعمھم
اللہ بعقابہ رواہ ابن ماجۃ
والترمذی وصححہ وفی روایۃ
ابی داؤد اذا راوا الظالم فلم یا
خذوا یدیہ اوشک ان یعمھم
اللہ بعقابہ وفی روایۃ اخری
ما من قوم یعمل فیھم بالمعاصی
ثم یقدرون علی ان یغیروا

نیچے سوراخ کرنا شروع کر دیا پھر اوپر والوں نے آکر کہا تجھے کیا ہوا وہ بولا۔ تمہیں میری وجہ سے ایذا پہونچی ہے اور میرا پانی بغیر گزارا نہیں ہوسکتا (اس وجہ سے میں یہ کر رہا ہوں) اب یہ لوگ اگر اس کا ہاتھ پکڑ لیں گے تو اسے اور اپنی جانوں کو چھڑا لیں گے اور اگر اسے یوں ہی چھوڑ دیں گے تو اسے اور اپنے تئیں ہلاک کر دیں گے۔ روایت کی اس کی بخاری نے اور ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی تم میں سے کوئی بری بات دیکھے تو اسے چاہئے کہ اپنے ہاتھ سے مٹا دے اگر اس کی طاقت نہ رکھے تو زبان سے بدل دے اور اگر اس کی طاقت نہ ہو تو دل سے برا سمجھے) اور یہ (پچھلا) بہت ضعیف الایمان کا درجہ ہے یہ حدیث مسلم نے نقل کی ہے۔ ابوبکر صدیق رضؓ سے مروی ہے فرمایا لوگو تم یہ آیت پڑھتے ہو (جس کا ترجمہ یہ ہے) مومنو! تم اپنے آپ کو بچاؤ گمراہ تم کو کوئی نقصان نہ پہونچائے گا جب کہ تم ہدایت پر رہو گے تحقیق میں نے رسول اللہؐ سے سنا ہے فرماتے تھے لوگ جب کبھی برے کام کو دیکھیں اور اس کو بدل نہ دیں تو قریب ہے کہ خدا ان کو بھی اس کے عذاب میں گرفتار کرے گا۔ اس کی روایت ابن ماجہ اور ترمذی نے کی ہے اور اسکو صحیح ٹھیرایا ہے اور ابوداؤد کی روایت میں یہ ہے کہ جب کسی ظالم کو دیکھیں اور اس کے ہاتھ نہ پکڑ لیں تو قریب ہے کہ خدا ان کو بھی اس کے عذاب میں گرفتار کرے گا اور دوسری روایت میں ہے کوئی قوم ایسی نہیں ہے جس میں لوگ گناہوں کے کام کریں اور وہ

ثم لا یغیرون الیوشک ان یعمھم اللہ بعقابہ وعن عدی بن عدی الکندی قال حدثنا مولی لنا انہ سمع جدی یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ تعالی لا یعذب العامۃ بعمل الخاصۃ حتی یروا المنکر بین ایدیھم وھم قادرون علی ان ینکروہ فلا ینکروا فاذا فعلوا ذٰلک عذب اللہ العامۃ والخاصۃ وعن جابرؓ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اوحی اللہ تعالیٰ عزوجل الی جبرئیل علیہ السلام ان یقلب مدینۃ کذا وکذا باھلھا فقال یارب ان فیھم عبدک فلانا لم یعصک طرفۃ العین فقال علیہ و علیھم فان وجھہ لم یتغیر ساعۃ قطع

خطے در کش بگرد ما سوی اللہ

وعن ابن عمرؓ قال قال رسول اللہ اذا انزل

قوم روکنے پر قدرت بھی رکھتی ہو باوجود اس کے گنہ کے مرتکب ہونے والوں کو گنہ سے نہ روکے تو قریب ہے کہ اللہ ان کو ان کے عذاب میں گرفتار کرے گا۔ عدی بن عدی کندی سے مروی ہے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہمارے ایک مولیٰ نے کہ سنا اس نے میرے دادا سے وہ کہتے تھے سنا میں نے رسول اللہؐ سے کہ اللہ تعالیٰ خاص لوگوں کے عمل کے بدلے عوام کو عذاب نہیں دیتا حتیٰ کہ وہ برے کاموں کو اپنے سامنے دیکھیں اور اس کو بدل دینے (یا روک دینے) پر قادر ہوں باوجود اس کے نہ روکیں اور جب وہ ایسا کریں تو اللہ تعالیٰ عوام و خواص سب کو عذاب میں گرفتار کرتا ہے۔ اور جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وحی بھیجی اللہ تعالیٰ نے جبرئیل علیہ السلام پر کہ فلاں فلاں شہروں کو مع ان کے اہل کے الٹ دیا جائے تو جبرئیلؑ نے عرض کیا اے رب میرے ان میں تیرا ایک فلاں بندہ ایسا بھی ہے جس نے کبھی پلک مارنے کے برابر عرصہ بھی تیری نافرمانی نہیں کی تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ عذاب اس پر بھی ہو گا اور ان پر بھی کیونکہ ان کے برے اعمال سے کبھی اس کے چہرہ کا رنگ نہیں بدلا تھا

ما سوی اللہ کے اطراف ایک لکیر کھینچ دے

اور ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب

اللہ لیقوم عند ابا اصاب العذاب من کان فیھم ثم بعثوا علیٰ اعمالھم قال رسول اللہ صلی اللہ و علیہ وسلم ان اللہ عزوجل یسال العبد یوم القیٰمۃ فیقول مالک اذا رایت المنکر فلم تنکرہ۔

اللہ کسی قوم پر عذاب نازل کرتا ہے تو اس میں جتنے ہوتے ہیں ان سب پر نازل کرتا ہے پھر وہ قیامت کے دن اپنے اعمال کے موافق اٹھیں گے فرمایا رسول اللہ نے کہ اللہ عزوجل قیامت کے روز اس بندے سے پوچھے گا اور کہے گا اے بندے تجھے کیا ہو گیا تھا کہ تو نے برے کام کو دیکھا اور اس کو برا نہ سمجھا۔

باب ششم

در حجاب ہائے طالب حق

طالب حق را در راہ خدائے تعالیٰ چہار حجاب است دو در وسع امکان است یعنی ترک دنیا و عزلت از خلق و دو در امکان نیست یعنی نفس و شیطان پس ترک دنیا و عزلت از خلق اختیار کند و از نفس و شیطان پناہ از خدائے تعالیٰ جوید کہ ایشاں را نمی بیند و ایشاں او را می بیند. یعنی طالب حق را باید کہ ترک دنیا کند از تمام وطن گزاشتہ شدہ و حجاب دوم عزلت از خلق است و عزلت از خلق اینست.

باخلق ہر آنچہ آشنائی است
چوں آخر کار ما جدائی است
چو داری مونسی چوں قل ہو اللہ
خطی درکش بگرد ما سوی اللہ

و نیز معلوم باد کہ بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ از گجرات ہجرت کردہ بجالور رفتہ بودند در آنجا میاں خواجہ محمود عرض کرد کہ اگر رضائے خوندگار باشد این بندہ از جہت اسا ب

چھٹا باب

طالب مولیٰ کے حجابوں کے بیان میں

خدائے تعالیٰ کی راہ میں طالبِ حق کے لئے چار چیزیں حجاب ہیں جن میں سے دو انسان کے امکان میں ہیں یعنی دنیا کو چھوڑنا اور خلائق سے علیحدگی اختیار کرنا اور دو امکان میں نہیں یعنی نفس اور شیطان پس ترک دنیا اور خلق سے عزلت اختیار کرے نفس اور شیطان کے متعلق خدائے تعالیٰ سے پناہ مانگے اس لئے کہ ان کو نہیں دیکھ سکتا اور یہ اس کو دیکھ سکتے ہیں یعنی طالب حق کو چاہیئے کہ ترک دنیا کرے۔ تمام سے وطن کو چھوڑ کر اور دوسرا حجاب عزلت خلق ہے اور عزلت خلق یہ ہے کہ

خلق کے ساتھ جو کچھ آشنائی ہے
جب ہمارا انجام سب کو چھوڑنا ہے
جب تو قل ہو اللہ کے جیسا دوست رکھتا ہے
تو خدا کے سوا جتنی چیزیں ہیں ان کے اطراف لکیر کھینچ دے

اور نیز واضح ہو کہ بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ گجرات سے ہجرت کر کے جالور تشریف لے گئے تھے وہاں میاں خواجہ محمود نے عرض کیا کہ اگر خوندکار کی رضا ہو تو یہ بندہ جماعت خانہ (مسجد) کی تیاری کر لئے اور برداری کا

جماعت خانہ گردونہا بفرستیم تا چوب و کاہ
بیارند بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ فرمودند
کہ حاجت نیست بعدہ خواجہ محمود گفت
برشکال آمدہ است تشویش خواہد شد برادران
را میاں رضی اللہ عنہ فرمودند ہیچ تشویش نخواہد
شد ہر یکی برادراں در خانہ خود نماز خواہند
کرد خواجہ محمود بسیار عرض کرد میاں رض ہمیں
جواب دادند کہ حاجت نیست بعدہ میاں رض
سوی خانہ رواں شدند بعدہ ایں بندہ
ولی یوسف و میاں یوسف لنگ بدنبال
میاں رض رفتیم میاں بدر خانہ خود ایستادہ شدند
و ما ہر دو کساں را میاں رض فرمودند کہ اہل نفس
را فرمائش نباید کرد کہ فی الحال بریدہ و شکستہ
شود و ہمہ برادراں را معلوم است کہ خواجہ
محمود موافق تمام بود بعد از چند سال میاں
مذکور ہجرت کردہ در راہ خدا آمدہ در دائرہ
ملک الہداد رضی اللہ عنہ خوب حال شدہ نقل
کردند۔ بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ
یک گردون و دو ستور از جہت برادراں داشتہ
بودند کہ مبادا پیش کساں بطلبند و فرمودند
کہ ایں بندہ ایں گردون و ستور ہم ازیں جہت
داشتہ است کہ برادراں را بکار آید و
پیش کساں سوال نکنند و نطلبند۔ و روش
میراں سید محمود رض و میاں سید خوندمیر رض و میاں
نعمت رض ایں بود کہ اگر کسی از خانہای موافقاں
دوغ می آورد در دائرہ آوندہا شکستہ می

انتظام کرتا ہے تاکہ گھاس اور لکڑی لائیں بندگی میاں
سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ضرورت
تو نے کس لئے جلدی کی ابوذرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہؐ میرا اونٹ گرم ہوا بوجھ کی وجہ چل نہیں سکتا تھا اور میرے دل میں آیا کہ پیغمبرؐ نے جہاد سے باز رہنے والوں کو منافقی کا داغ لگایا ہے اور میں اپنی ذات پر ڈرا اور مجھے لرزہ ہوا کہ ایسا نہ ہو کہ مجھ سے دیر ہو جائے اور پیغمبرؐ مجھ کو منافق سمجھیں یا رسول اللہؐ میں اسی وجہ اونٹ سے اتر گیا اور اونٹ کا بوجھ گردن پر لے لیا اور اونٹ کو چھوڑ دیا اور آپ کی خدمت میں حاضر ہوا پس اس بیان سے واضح ہوتا ہے کہ جو شخص جہاد کے وقت بلا عذر پیغمبر علیہ سے الگ رہا وہ منافقوں سے ہے اور اس طرح تارکان ہجرت پر حکم نفاق کئے ہیں اور مکہ معظمہ میں بہت سے لوگ پیغمبرؐ کو زبان سے قبول کر لئے تھے اور آپ کی پیروی میں سستی کرتے تھے تو اللہ تعالیٰ کا فرمان ہوا کہ ای محمد مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کر تا کہ مطیعان اور منافقان ظاہر ہو جائیں حضرت پیغمبرؐ نے ہجرت کی بہت سے لوگ ہجرت سے باز رہے پھر پیغمبرؐ نے فرمایا کہ جس نے میرے ساتھ ہجرت کی پس وہ مومن ہے اور جس نے میرے ساتھ ہجرت نہ کی پس وہ منافق ہے جیسا کہ حق سبحانہٗ تعالیٰ نے فرمایا کہ وہ لوگ کہ جن کی جان نکالتے ہیں فرشتے ایسی حالت میں کہ وہ خود اپنے اوپر ظلم کر رہے تھے فرشتے کہتے ہیں کہ تم کس حال میں تھے وہ کہتے ہیں کہ ہم ناتوان تھے اس زمین میں فرشتے کہتے ہیں کیا اللہ کی زمین کشادہ نہ تھی کہ تم اس میں کسی طرف کو ہجرت کر جاتے تو یہ لوگ ہیں جن کا ٹھکانہ دوزخ

جہنم وساءت مصیرا الا
المستضعفین من الرجال
والنساء والولدان لایستطیعون
حیلۃ ولا یہتدون سبیلا ۝
فاولٰئک عسی اللہ ان یعفو
عنہم وکان اللہ عفوا غفورا
ومن یہاجر فی سبیل اللہ
یجد فی الارض مراغما کثیرا
وسعۃ ومن یخرج من
بیتہ مہاجرا الی اللہ و
رسولہ ثم یدرکہ الموت
فقد وقع اجرہ علی اللہ و
کان اللہ غفورا رحیما (جزء ۵ رکوع ۱۱)
ونیز **نقلست** کہ بندگی ملک معروف رضؓ را در
شہر نہر والہ زحمت بسیار شدہ بود خدائے تعالیٰ
آں سال حیات بخشید بعد از یکسال ملک معروف رضؓ
از شہر نہر والہ ہجرت کردند و در جالور رفتند آنجا
رحلت فرمودند بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ فرمودند
کہ برادر ملک معروف رضؓ را خدائے تعالیٰ یکسال
مردہ را زندہ داشت از جہت آنکہ از وطن
گاہ کشیدہ ہجرت کنانیدہ در جالور نقل شدند
ملک معروف رضی اللہ عنہ مہاجر و مبشر
مہدی علیہ السلام بودند ونیز **نقلست**
بندگی سید خوندمیر رضؓ از آیت الا
المستضعفین من الرجال
والنساء والولدان لایستطیعون

ہے اور وہ بہت بری جگہ ہے مگر جو واقع میں
ناتواں ہیں مرد اور عورتیں اور بچے جو نہ کوئی
حیلہ کر سکتے ہیں اور نہ راستہ جانتے ہیں تو ایسے
لوگوں کو امید ہے کہ اللہ معاف کرے اور اللہ
معاف کرنے والا بخشنے والا ہے۔ اور جو ہجرت
کرے گا اللہ کی راہ میں تو پائے گا زمین میں
وافر جگہ اور کشایش اور جو نکلے اپنے گھر سے
ہجرت کر کے اللہ اور اس کے رسول کی طرف پھر
اس کو موت آ پکڑے تو اس کا ثواب اللہ
کے ذمہ ثابت ہو چکا اور اللہ بخشنے والا
مہربان ہے اور نیز نقل ہے کہ بندگی ملک
معروف رضی اللہ عنہ کو شہر نہر والہ میں
بہت تکلیف ہوئی تھی خدائے تعالیٰ
نے اس سال زندہ رکھا ایک سال کے
بعد ملک معروف رضی اللہ عنہ شہر نہر والہ
سے ہجرت کر کے جالور گئے وہیں رحلت
کی بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے
فرمایا کہ برادر ملک معروف رضؓ کو خدائے تعالیٰ
نے ایک سال مردہ کو زندہ رکھا اس وجہ
سے کہ مقام وطن سے نکالکر ہجرت کرایا جالور
میں منتقل ہوئے ملک معروف رضؓ مہاجر اور مبشر
مہدی علیہ السلام تھے اور نیز نقل ہے کہ بندگی
میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے اس آیت
سے مگر جو بے بس ہیں مردوں عورتوں اور
بچوں سے تدبیر نہیں کر سکتے ہیں اور راہ نہیں
جانتے ہیں۔ فرمایا کہ نابالغ بچوں اور عورتوں پر (جو

تحیلۃ ولا یہتدون سبیلا فرمودند ہجرت برکودکان نابالغ وبر زنان فرض است و نیز حضرت میراںؑ فرمودند و نیز این نقل ہم از سید خوندمیرؓ ہست کسیکہ مہدیؑ را قبول کردہ است واز ہجرت وصحبت وی بازماندہ است او را حکم منافقی کردہ اند و در مدارک تفسیر این آیت فالذین ہاجروا واخرجوا من دیارھم واوذوا فی سبیلی وقٰتلوا وقتلوا الآیۃ گفتہ است فالھجرۃ کائنۃ فی اٰخر الزمان کما کانت فی اول الاسلام و در تفسیر زاہدی زیر این آیت گفتہ است ان الذین اٰمنوا والذین ھاجروا وجاھدوا فی سبیل اللہ اولٰئک یرجون رحمت اللہ واللہ غفور رحیم (جز ۲ رکوع ۱۱) الھجرۃ غیر منسوخۃ احتجوا بقولہ علیہ السلام الھجرۃ باقیۃ الیٰ یوم القیٰمۃ و در مشکوٰۃ قال النبیؐ لا تنقطع الھجرۃ حتی تنقطع التوبۃ ولا تنقطع التوبۃ حتی تطلع الشمس من مغربھا پس بدان ای عزیز قرآن منسوخ نہ شدہ است تا قیامت و پس روی قرآن تا قیامت فرض است و عین فرض است تا این آیتہا

غیر معذور رہیں) ہجرت فرض ہے اور نیز حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا اور یہ نقل بھی سید خوندمیر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جس نے مہدی علیہ السلام کو قبول کیا ہجرت اور صحبت سے آپ کی (مہدی علیہ السلام کی) باز رہا اس پر منافقی کا حکم فرمایا ہے اور مدارک میں اس آیت کی تفسیر میں پس جن لوگوں نے ہجرت کی اور نکالے گئے اپنے گھروں سے اور تکلیف دیئے گئے میرے راستہ میں اور قتال کیا اور قتل کئے گئے۔ کہا ہے کہ ہجرت جس طرح ابتداء اسلام میں تھی زمانہ آخر میں بھی رہے گی اور تفسیر زاہدی میں اس آیت کے تحت میں کہا ہے کہ جو لوگ ایمان لائے اور جنھوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا یہی لوگ اللہ کی رحمت کے امیدوار ہوسکتے ہیں اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ ہجرت منسوخ نہیں ہوئی انہوں نے دلیل دلائی ہے قول علیہ السلام سے ہجرت یوم قیامت تک باقی ہے۔ اور مشکوٰۃ میں ہے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت نہیں منقطع ہوگی جب تک توبہ نہ منقطع ہو اور توبہ نہیں منقطع ہوگی جب تک کہ آفتاب مغرب سے طلوع نہ ہو۔ پس جان اے عزیز کہ قیامت تک قرآن منسوخ نہیں اور قرآن کی پیروی قیامت تک فرض اور عین فرض ہے جب تک یہ آیتیں منسوخ نہ ہوں گی ہجرت باقی رہے گی اور اپنی طرف سے یہ کہنا روا نہیں کہ مصطفیٰ علیہ السلام کے بعد قرآن کی بعض آیتیں منسوخ ہو جائیں گی اور بعض لوگ کہتے

منسوخ نشدہ اند ہجرت باقی است واین
خود گفتن روا نیست کہ بعد از مصطفیٰ ؑ
از قرآن بعضی آیات منسوخ شود و بعضی
کساں می گفتند کہ ہجرت بوقت رسول ؑ
فرض بود و در وقت مہدی علیہ السلام فرض
نیست پس از ایشاں دو کساں برای ملاقات
آمدند برادری از دائرہ خبر آورد کہ فلاں
فلاں کساں از احمد آباد آمدہ اند بعدہ میاں
سید خوندمیر رض بندگی میاں نظام رضی اللہ را فرمودند
کہ میاں نظام رض چونست کلا نؤمن ببعض
ونکفر ببعض ویریدون
ان یتخذوا بین ذالك
سبیلا الایة (جزء ۶ رکوع ۱)
دراں مجلس اکثر مہاجران مہدی ؑ حاضر
بودند در حوض برکہ می کاویدند وخلیس
بیروں می انداختند واین ناقل دراں
مجلس حاضر بود ونیز بندگی سید خوندمیر ؑ
کرات ومرات فرمودند کہ حضرت میراں ؑ
در قرآن ہیچ آیت منسوخ نداشتند قال
اللہ تعالیٰ ما ننسخ
من آیة او ننسہا
نات بخیر منہا او مثلہا
ونیز نقلست حضرت میراں ؑ در قرآن
جملۂ معترضہ ومتانفہ واستثناء منقطع
وحذف روا نداشتند وہیچ آیت بتاویل
بیان نکردند بلکہ بامر اللہ بیان کردند کما

ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت ہجرت فرض
تھی اور مہدی علیہ السلام کے وقت فرض نہیں ہے پس
ان میں سے دو شخص ملاقات کے لئے آئے دائرہ
کے ایک برادر نے خبر لائی کہ فلاں فلاں اشخاص
احمد آباد سے آئے ہیں اس کے بعد میاں سید
خوندمیر رضی اللہ عنہ نے بندگی میاں شاہ نظام رضی اللہ عنہ
سے فرمایا کہ میاں نظام رضی اللہ عنہ کیا حال ہے
کہ ہم بعض پر ایمان لاتے ہیں اور بعض
پر ایمان نہیں لاتے اور وہ چاہتے
ہیں کہ ایمان اور کفر کے بیچ میں ایک
راہ نکال لیں۔ اس مجلس میں اکثر
مہاجران مہدی علیہ السلام حاضر تھے
حوض کھودتے تھے اور کچرا باہر ڈالتے تھے
اور یہ ناقل اس مجلس میں حاضر تھا اور
نیز بندگی سید خوندمیر رض نے کئی بار فرمایا کہ حضرت
مہدی علیہ السلام نے قرآن میں کسی آیت کو
منسوخ نہیں رکھا فرمان خدا ہے کہ منسوخ
جو کر دیتے ہیں ہم کسی آیت (کے عمل) کو یا
بھلا دیتے ہیں تو نازل کر دیتے ہیں اس سے
بہتر یا اس جیسی۔ اور نیز نقل ہے کہ حضرت
مہدی ؑ نے قرآن میں جملہ معترضہ اور متانفہ
استثناء منقطع اور حذف کو روا نہیں
رکھا اور کسی آیت کی تاویل (ذات
سے) کر کے بیان نہیں کیا بلکہ خدا
کے حکم سے بیان کیا جیسا کہ فرمان
خدا ہے کہ پھر تحقیق ہم پر ہے بیان

قال اللّٰہ تعالیٰ ثم ان علینا بیانہ پس ہر کہ تاویل کند خلاف بیان مہدیؑ کردہ باشد و نیز بندگی سید خوندمیر رضؓ ہمچناں فرمودند اگر در قرآن مشکلی افتادی و از میراںؑ چیزی یاد نیامدی بیان نہ کردندی اگرچہ در خاطر معنی مفہوم شدی و گفتندی کہ پیشتر شوید دیانت نباشد کہ از خود چیزی بگویم و نیز نقلست از بندگی میاں سید خوندمیرؓ کرات و مرات فرمودند کہ حضرت میراںؑ در قرآن ہیچ آیت منسوخ نداشتہ اند و نیز نقلست از بندگی سید خوندمیر رضؓ فرمودند کہ از میانِ ما ذکر خدائے تعالیٰ رفتہ است مگر آنکہ خدائے تعالیٰ بصدقہ مہدی موعودؑ و ہجرت چیزی روزی کند قال اللّٰہ تعالیٰ والذین ھاجروا فی سبیل اللّٰہ ثم قتلوا او ماتوا لیرزقنھم اللّٰہ رزقا حسنا وان اللّٰہ لھو خیر الرازقین لیدخلنھم مدخلا یرضونہ وان اللّٰہ لعلیم حلیم (جزء ۱۷ رکوع ۱۵)

اس کا (قرآن کا) پس جو شخص کہ تاویل کرے مہدی علیہ السلام کے بیان کا مخالف ہے، اور نیز بندگی سید خوندمیر رضی اللّٰہ عنہ نے بھی ایسا ہی کیا اگر قرآن میں کوئی مشکل پیش آتی اور مہدی علیہ السلام سے کوئی بات یاد نہیں رہتی تو بیان نہیں کیا اگرچہ آپ کے دل میں معنی سمجھ میں آجاتے اور کہتے کہ آگے بڑھو کیونکہ دیانت نہیں ہے کہ میں از خود کوئی چیز کہوں اور نیز بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ سے منقول ہے آپ نے کئی بار فرمایا کہ حضرت مہدیؑ نے قرآن میں کوئی آیت منسوخ نہیں رکھا اور نیز بندگی سید خوندمیر رضؓ سے منقول ہے آپ نے فرمایا کہ ہمارے درمیان سے خدائے تعالیٰ کا ذکر چلا گیا ہے مگر یہ کہ خدائے تعالیٰ مہدی موعودؑ کے صدقے اور ہجرت کے سبب سے (ذکر خدا) عطا کرے فرمان خدا ہے کہ جن لوگوں نے اللّٰہ کی راہ میں ہجرت کی پھر قتل کئے گئے یا مر گئے تو البتہ ضرور اللّٰہ ان کو رزق حسن پہونچائے گا اور تحقیق اللّٰہ بے شک وہ رزق دینے والوں میں سب سے بہتر ہے البتہ ضرور ان کو ایک ایسے مقام میں داخل کرے گا جس سے وہ خوش ہو جائیں گے اور تحقیق اللّٰہ جاننے والا بردبار ہے۔

باب ہشتم

میل کردن و دوستی کردن با تارکان ہجرت وصحبت گزاشتہ سوی ایشان آمدن وآنچہ حضرت میراںؑ درحق ایشاں فرمودند ہمہ کسانرا معلوم است نقل است ازحضرت میراںؑ اگر کسی ہجرت کردہ از گجرات بخراسان رفتہ باشد وقرابتانِ او در گجرات باشند و میل دل او سوی قرابتاں باشد آنکس از ظالمان است و این نقل راطائفہ است وحضرت میراںؑ درحق ایشاں این آیتہا خواندہ اند یا ایہا الذین امنوا لاتتخذوا اٰباءکم واخوانکم اولیاء ان استحبوا الکفر علی الایمان ومن یتولہم منکم فاولٰئک ہم الظٰلمون (جزء ۱۰ رکوع ۹) وقال اللہ تعالیٰ والذین امنوا ولم یہاجروا مالکم من ولایتہم من شیٔ حتی یہاجروا (جزء ۱۰ رکوع ۶) وایضاً قولہ تعالیٰ فلاتتخذوا منہم اولیاء حتی یہاجروا

آٹھواں باب

تارکانِ ہجرت سے میل جول کرنے اور مصادقین کی صحبت کو چھوڑ کر تارکان ہجرت کی طرف آنے کے بیان میں، اور مہدیؑ نے ان کے متعلق جو کچھ فرمایا ہے تمام اشخاص کو معلوم ہے حضرت مہدیؑ سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص ہجرت کرکے گجرات سے خراسان کو جائے اور اس کے قرابتدار گجرات میں ہوں اور اس کی دلی توجہ قرابت داروں کی طرف ہو تو وہ شخص ظالموں سے ہے اور اس نقل کی راوی ایک جماعت ہے اور حضرت مہدیؑ نے ان کے حق میں یہ آیتیں پڑھی ہیں۔ مومنو! اپنے آباد داجداد اور بھائیوں کو اپنے دوست مت بناؤ اگر وہ ایمان پر کفر کو دوست رکھتے ہیں اور جو ان کو اپنا دوست تم میں سے بنائیں گے۔ تو وہی ظالم ہیں اور فرمانِ خدا ہے کہ جنھوں نے ایمان لایا اور ہجرت نہیں کی تو تمہارے لئے ان کی ولایت نہیں ہے کسی چیز میں بھی حتیٰ کہ وہ ہجرت کریں اور نیز قولہ تعالیٰ تو تم ان میں سے کسی کو دوست مت بناؤ جب تک وہ اللہ کی راہ میں ہجرت نہ کریں نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ خدائے

فی سبیل اللہ (جزء ٥ رکوع ٩)

نقلست کہ حضرت میراں علیہ السلام فرمودند ہزار طالبان خدائے تعالیٰ دنیا گذاشتہ راہ خدائے تعالیٰ اختیار کردند فرمان شد فرشتگانرا کہ چنانچہ دنیا ہست مزین کردہ بنمائید چونکہ نمودند یعنی رجوع و فتوح بسیار ایشان را شد از ہزار نہصد سوی دنیا میل کردند و چفسیدند پس بر سر راہ خدائے تعالیٰ صد طالبان ماندند باز فرمان شد کہ ایشانرا آخرت چنانکہ ہست بنمائید چونکہ نمودند نود طالبان آخرت را اختیار کردند دہ کساں بر خدائے تعالیٰ ماندند گفتند ما را بدنیا و آخرت کار و حاجت نیست ما طالبان خدا ہستیم فرمان شد کہ بر ایشاں بلاہا نامزد کنید کما قال علیہ السلام ان اللّٰہ یجرب المومنین بالبلاء کما یجرب احدکم الذہب بالنار ؎

بلائے ہر دو عالم وام کردند
پس آنرا عشق بازی نام کردند

چوں بلاہا نامزد کردند نہ کساں از بلا گریختند پس از ہزار طالبان یک کس بر خدائے تعالیٰ بماند۔ **نقلست** از بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ و از بندگی میاں نظام رضؓ آنروز کہ بی بی شکر خاتون و چند کساں دیگر از کاہہ ولایت ٹھٹھہ باز گشتند و بر لب آب

تعالیٰ کے ہزار طالبوں نے ترک دنیا کرکے خدائے تعالیٰ کی راہ اختیار کی فرشتوں کو (خدا کا) فرمان ہوا کہ دنیا جیسی کچھ ہے آراستہ کرکے دکھلاؤ جب دکھلائے یعنی فتوح اور رجوع ان کو بہت ہونے لگی تو ہزار میں نوسو دنیا کی طرف متوجہ ہوئے اور لپٹ گئے پس خدائے تعالیٰ کی راہ پر سو طالب رہے پھر فرمان (خدا) ہوا کہ ان کو آخرت جیسی کچھ ہے۔ دکھلاؤ جب دکھلائے تو نود طالبوں نے آخرت کو پسند کیا دس اشخاص خدائے تعالیٰ پر رہے انہوں نے کہا کہ ہم کو دنیا اور آخرت سے کام نہیں ہم خدا کے طالب ہیں فرمان ہوا کہ ان پہ بلائیں مقرر کرو چنانچہ فرمایا علیہ السلام نے تحقیق اللہ تعالیٰ آزماتا ہے مومنوں کو بلا نازل کرکے جیسا کہ تم میں سے کوئی شخص سونے کو آگ پر رکھ کر کھوٹے یا کھرے کو پرکھتا ہے ؎

(عاشقوں نے اولاً) دونوں عالم کی بلاؤنکو قرض کرلیا
اس کے بعد اس کا نام عشق بازی رکھا

جب ان پہ بلائیں مقرر کی گئیں تو اشخاص بلا سے بھاگ گئے پس ہزار طالبوں میں سے ایک شخص خدائے تعالیٰ پر رہا۔ بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ اور بندگی میاں شاہ نظام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ جس روز بی بی شکر خاتون اور دوسرے چند اشخاص شہر کاہہ پایۂ تخت ٹھٹھہ سے

رسیدند بندگی میاں نظام رض فرمودند کہ بندۂ برابر رفتہ بود تا ایشاں را کرایہ کردہ در سفینہ نشانند وایشاں چند ڈوکرہ برای کرایہ بندہ را دادہ بودند بندہ کشتی کرایہ کردہ ایشانرا دادہ و ازاں ڈوکرہ پیش بندہ بفراموشی ماندہ بودند بندہ وقت مغرب بازگشتہ بخانہ آمد چوں سپر از کتف خود فرو کردم ڈوکرہ جنبیدند بندہ را یاد آمد ڈوکرہای ایشاں پیش ما ماند چوں صباح شد و دو سہ ساعت روز برآمد بندہ مستعد شدہ از حجرہ بیروں آمد تا ڈوکرہاے ایشاں بدیشاں رفتہ برسانند چوں از خانہ بدر آمدم بندگی میراں ع نیز ہماں وقت بیروں آمدند و بندہ را دیدند کہ مستعد شدہ میرود دست جنبانیدہ اشارت کردند کہ کجا میروید بندہ پیش بندگی میراں ع آمد و گفت کہ میراں جیو چند ڈوکرۂ شکر خاتوں کہ برائے کرایہ کردن دادہ بودند بفراموشی پیش بندہ ماندہ اند میروم تا ایشانرا برسانم بندگی میراں ع فرمودند کہ میاں نظام رض ڈوکرہا بخورید اگر حق تعالیٰ بپرسد دامن ما بگیرید ایشاں از خدا روی گردانیدہ میروند اگر حق تعالیٰ قوت دہد از ایشاں آنچہ ہست زدہ بستانم ای عزیز۔ ایشاں از مہدیت سید محمد برنگشتہ بودند فاما صحبت مہدی ع گذاشتہ سوی گجرات از جہت قرابتاں میرفتند ایشانرا ایں چنیں گفتند و نقلست کہ چوں سید

واپس ہوے اور دریا کے کنارے پہونچے بندگی میاں نظام رض نے فرمایا کہ بندہ بھی ہمراہ گیا تھا تاکہ ان کو کرایہ کر کے کشتی میں بٹھائے اور انہوں نے کرایہ کے لئے بندہ کو تھوڑے پیسے دیئے تھے میں نے ان کے لئے کرایہ کی کشتی کر دی اور ان پیسوں میں سے بندہ کے پاس فراموشی سے کچھ رہ گئے تھے بندہ مغرب کے وقت گھر واپس ہوا جب مونڈھے سے سپر اتارا تو پیسے ہلنے لگے بندہ کو خیال ہوا کہ ان کے پیسے میرے پاس رہ گئے ہیں جب صبح ہوئی اور (صبح کے) دو یا تین بجے ہوں گے بندہ مستعد ہو کر حجرہ سے باہر آیا تاکہ انکے پیسے ان کو جا کر دیدوں جب گھر سے باہر آیا تو حضرت مہدی ع بھی اسی وقت باہر تشریف لائے اور بندہ کو دیکھے کہ مستعد ہو کر جاتا ہے تو ہاتھ ہلا کر اشارہ فرمائے کہ کہاں جاتے ہو بندہ حضرت مہدی ع کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میراں جیو شکر خاتون کے تھوڑے پیسے جو کرایہ کے لئے دیئے گئے تھے فراموشی سے بندہ کے پاس رہ گئے ہیں جاتا ہوں تاکہ ان کے پیسے ان کو پہونچاوں حضرت مہدی ع نے فرمایا میاں نظام رض پیسے خرچ کر لو اگر حق تعالیٰ پوچھے تو ہمارا دامن پکڑو یہ لوگ خدا سے منہ پھیر کر جارہے ہیں اگر حق تعالیٰ قوت دے (امر رب ہو) تو جو کچھ ان کے پاس ہے مار کر لوں اے عزیز یہ لوگ سید محمد کی مہدیت سے پھرے نہ تھے ولیکن مہدی ع کی صحبت چھوڑ کر گجرات کی طرف قرابت داروں کے لئے جاتے تھے ان کو (مہدی ع نے) اس طرح فرمایا اور نقل ہے کہ جب سید السادات بندگی سید خوندمیر رض پہلی مرتبہ دائرہ

السادات بندگی سید خوندمیر رض اول بار کہ با
دائرہ بہم از جالور بموضع بھدری والی آمدند
و در موضع مذکور چند روز مقیم شدند بعضی
خیلخانۂ برادران برای ملاقات قرابتان
کہ ایشان موافق بودند و گاہ گاہی چند ماہ
با خیلخانہ خویش در دائرہ می ماندند و بذل
ایشان بسیار کسان را معلوم است در شہر
نہروالہ آمدند با چندین موافقت بندگی سید
خوندمیر رضی اللہ عنہ خویش نکردند و از میاں
شہاب الدین بن قطب الدین و میاں
قطب الدین بن یعقوب و میاں علاء الدین
بن رفیع مشورت کردند و فرمودند کہ فلاں
اشتر را فلاں جای در راہ بدارید تا ماہم
سفر کنیم ایشاں جائیکہ میاں رض فرمودہ
بودند رفتند بندگی میاں رض آخر شب
سوی ایشاں رواں شدند و بندگی میاں رض
با کنیزک مرجانہ چند بار اشارت کردند
مرجانہ برنخاست بسبب آں کہ روی
بی بی عائشہ رض طرف مرجانہ بود بعدہ
بندگی میاں رض از دائرہ بیروں شدند ملک حماد رح
ہم بیروں شدند دنبال میاں رض رفتند
میاں رض بہ ہیچ طرف مائل نشدند بسبب
مستی حق نداشتند فرق کردن از راہ
و غیر راہ چونکہ مقدار یک کشت و دو کشتہ
سوی برادران مذکور رفتند کہ اشتر آوردہ
بودند برادران میاں رض را و ملک حماد رح

کے ساتھ جالور سے موضع بھدری والی تشریف
لائے اور موضع مذکور میں چند روز مقیم رہے تو برادران
دائرہ کے بعض گھر والے اپنے عزیزوں کی ملاقات
کے لئے کہ یہ لوگ موافق مہدی علیہ السلام
تھے اور کبھی کبھی دائرہ میں مع اپنے قبیلہ کے آکر چند ماہ
رہتے تھے اور ان کی سخاوت بہت لوگوں کو معلوم ہے
شہر نہروالہ میں گئے باوجود اتنی موافقت کے شاہ خوندمیر رض
نے ان کو قرابتدار نہیں جانا اور میاں شہاب الدین
بن قطب الدین اور میاں قطب الدین بن یعقوب
اور میاں علاء الدین بن رفیع سے مشورت کی
اور فرمایا کہ فلاں اونٹ کو فلاں جگہ راہ میں
ٹہراؤ تاکہ ہم بھی سفر کریں جس جگہ میاں رض نے
جانے کے لئے فرمایا تھا وہ لوگ گئے بندگی میاں
پچھلی رات کو ان کی طرف روانہ ہوئے اور بندگی
میاں رض نے روانگی کے وقت مرجانہ کنیزک کی طرف
اشارہ کیا مرجانہ نہیں اٹھی اس لئے کہ بی بی عائشہ رض
کا رخ مرجانہ کی طرف تھا۔ اس کے بعد بندگی
میاں رضی اللہ عنہ دائرہ سے باہر ہوئے
ملک حماد رح بھی باہر ہوئے میاں رضی اللہ عنہ کے
پیچھے گئے میاں رضی اللہ عنہ کسی طرف متوجہ نہ تھے
جذبۂ حق کی وجہ راہ بے راہ میں فرق نہیں
کر سکتے تھے جب برادران مذکور کی طرف
ایک کھیت یا دو کھیت کے فاصلہ
پر جہاں اونٹ لایا گیا تھا پہنچے تو برادروں
نے میاں رض اور ملک حماد رض کو دیکھا اور سمجھا
کہ برادران دائرہ کو اطلاع ہو چکی ہے

را دیدند و دانستند کہ برادرانِ دائرہ خبردار شدند ایشاں پیش پیش از جہت آں می آیند ایشاں از آنجا شتاب شتاب رواں شدند ایشاں پیش پیش و بندگی میاں رضؓ پس ایشاں می رفتند تا بجائیکہ جامۂ بندگی میاں رضؓ بدرختی خار دار بہم چفسید بعدہ میاں رضؓ در آنجا نشستند و حکایت حال خود شروع کردند کہ الہٰی ایں بندہ لائق مرشدی نیست و بجای سید محمدؑ نشستن و پسخوردہ سویت کردن مرا سزا وار نیست بعدہ از حق تعالیٰ ندا آمد کہ ای سید خوندمیر رضؓ ترا بہ گزیدیم و ترا لائق جای نشستن سید محمدؑ گردانیدیم و چندیں خلعتہا ترا دادیم و معانی قرآن عطا کردیم بعدہ بندگی میاں رضؓ بار دیگر عذر کردند بعد ازاں ندائے دیگر آمد کہ با تو بسیار کار است تو کجا میروی بعد ازاں بندگی میاں رضؓ ہشیار شدند و ملک حمادؒ را پیش خود طلبیدند و پرسیدند کہ راہ دائرہ کدام است بعدہ ملک حمادؒ راہ دائرہ نمودند و ملک حمادؒ بندگی میاں رضؓ را پرسیدند کہ یک آواز میاں رضؓ شنیدیم و آواز دوم از آن کہ بود میاں رضؓ فرمودند کہ آواز دوم از خدائے تعالیٰ و از مصطفیٰؑ بود سبحان اللہ خلعتہا ایں چنیں و نیستی اینچنیں کہ دیدید و ایں نیستی جز لائق مرضیہ شدن محال است بعدہ بندگی میاں رضؓ در دائرہ واپس آمدند بعد از روز شدن در خیمہ و

اسی لئے یہ لوگ بڑھ کر آ رہے ہیں۔ پس انہوں نے وہاں سے جلد جلد قدم بڑھایا یہ لوگ آگے آگے اور بندگی میاں رضؓ ان کے پیچھے جا رہے تھے یہاں تک کہ ایک مقام پر بندگی میاں رضؓ کا جامہ خار دار درخت سے لپٹ گیا اس کے بعد میاں رضؓ وہاں بیٹھ گئے اور اپنے حال کی حکایت شروع کی کہ الہٰی یہ بندہ مرشدی کے لائق نہیں اور مہدی موعودؑ کی جائے پر بیٹھنا پسخوردہ اور سویت کرنی میرے لئے سزاوار نہیں اس کے بعد حق تعالیٰ سے صدا آئی کہ ای سید خوندمیر رضؓ تو ہمارا مقبول ہے اور ہم نے تجھ کو سید محمدؑ کی جائے نشینی کے لائق کیا ہے اور کئی خلعتیں تجھ کو سرفراز کی ہیں اور ہم نے تجھ کو قرآن کا معنی عطا کیا ہے اس کے بعد بندگی میاں رضی اللہ عنہ نے مکرر عذر کیا بعد ازاں پھر صدا آئی کہ تجھ سے بہت کام ہے تو کہاں جاتا ہے بعد ازاں بندگی میاں رضؓ ہشیار ہوئے اور ملک حمادؒ کو اپنے پاس طلب کئے اور پوچھا کہ دائرہ کا راستہ کونسا ہے اس کے بعد ملک حمادؒ نے دائرہ کا راستہ دکھلایا اور ملک حمادؒ نے بندگی میاں رضؓ سے پوچھا کہ میں نے ایک آواز میاں رضؓ کی سنی اور دوسری آواز کس کی تھی میاں رضؓ نے فرمایا کہ دوسری آواز خدائے تعالیٰ اور مصطفیٰؑ کی طرف سے تھی سبحان اللہ خلعتیں ایسی اور نیستی ایسی جو تم نے دیکھا اور یہ نیستی خدا کی مرضی کے موافق جینے کے بغیر محال ہے۔ اس کے بعد بندگی میاں رضؓ دائرہ میں واپس آئے دن نکلنے کے بعد میاں خاجخو

یک چوبی از آن میان خانجبو نشستند و آن کسان را کہ خیلخانہای ایشان سوی قرابتان رفتہ بودند طلبیدہ حاضر کردند بر ایشان بسیار زجر کردند فرمودند کہ بندہ درمیان شما برای چہ کار ماند شما طرف دنیا داران میل کردید و خیلخانہا را طرف دنیاداران رفتن دادید و این آیتہا برایشان خواندند یاایھا الذین امنوا لاتتخذوا اباءکم واخوانکم اولیاء ان استحبوا الکفر علی الایمان ومن یتولھم منکم فاولئک ھم الظلمون ۝ قل ان کان اباؤکم وابناؤکم واخوانکم وازواجکم وعشیرتکم واموال اقترفتموھا وتجارۃ تخشون کسادھا ومسکن ترضونھا احب الیکم من اللہ ورسولہ وجھاد فی سبیلہ فتربصوا حتی یاتی اللہ بامرہ واللہ لا یھدی القوم الفسقین (جزء ۱۰ رکوع ۹) و نیز این آیت خواندند لاتجد قوما یؤمنون باللہ والیوم الاخر یوادون من

کے ایک چوبی ڈیرہ میں بیٹھے اور ان اشخاص کو کہ جن کے قبیلہ والے اپنے عزیزوں کے یہاں گئے تھے اپنے پاس بلوائے اور ان کو بہت دھمکی دی اور فرمایا کہ بندہ تمہارے درمیان کس کام کے لئے رہے کیونکہ تم نے دنیا داروں کی طرف توجہ کی اور اپنے قبیلہ والوں کو دنیا داروں کی طرف جانے دیا اور ان پر یہ آیتیں پڑھیں۔ اے مومنو نہ بناؤ اپنے باپ اور بھائیوں کو رفیق اگر وہ عزیز رکھیں کفر کو ایمان کے مقابلہ میں اور جو تم میں سے ان کی رفاقت کرے تو وہی لوگ ظالم ہیں۔ کہدے اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بی بیاں اور تمہاری برادری اور مال جو تم نے کمائے ہیں اور سود اگری جس کے گھاٹے سے ڈرتے ہو اور حویلیاں جن کو پسند کرتے ہو۔ یہ چیزیں تم کو زیادہ عزیز ہیں اللہ اور اس کے رسول اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے تو منتظر رہو یہاں تک کہ بھیجے اللہ اپنا حکم اور اللہ نہیں ہدایت دیتا نافرمان لوگوں کو۔ اور نیز یہ آیت پڑھی۔ تو نہ پائیگا ان لوگوں کو جو یقین رکھتے ہیں اللہ اور روز آخرت پر کہ وہ ایسوں سے دوستی کریں جو مخالف ہوئے اللہ اور اس کے رسول کے گو وہ ان کے

حاد الله و رسوله ولو
كانوا اباءهم او ابناءهم
او اخوانهم او عشيرتهم
اولئك كتب في قلوبهم
الايمان وايدهم
بروح منه ويدخلهم
جنت تجري من تحتها
الانهار خلدين فيها
رضي الله عنهم ورضوا عنه
اولئك حزب الله الا ان
حزب الله هم المفلحون
(جزء ۲۸ رکوع ۲) ونیز این آیت هم
خواندند لن تنفعكم ارحامكم
ولا اولادكم يوم القيمة يفصل
بينكم والله بما تعملون
بصير۔ قد كانت لكم اسوة
حسنة في ابراهيم والذين
معه اذ قالوا لقومهم
انا برءؤا منكم ومما
تعبدون من دون الله
كفرنا بكم وبدا بيننا
وبينكم العداوة و
البغضاء ابدا حتى تؤ
منوا بالله وحده (جزء ۲۸
رکوع ۷) وبدین مانند آیتها بسیار خواندند
وتا یک پاس روز برادران خاص را

باپ ہوں یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی
ہوں یا ان کے قبیلہ کے یہی ہیں جن
کے دلوں میں اللہ نے ایمان لکھدیا ہے
اور ان کی تائید کی اپنے فیضانِ غیبی سے
اور ان کو داخل فرمائے گا ایسے
باغوں میں کہ بہتی ہیں ان کے نیچے نہریں
ہمیشہ وہیں رہیں گے اللہ ان سے راضی
اور وہ اس سے راضی یہ اللہ کی جماعت
ہے خبردار ہو جاؤ اللہ کی جماعت ہی
فلاح پانے والی ہے۔ اور یہ آیت بھی
پڑھی ہرگز تمہارے کام نہ آئیں گے تمہارے
ناتے اور نہ تمہاری اولاد قیامت کے
دن اللہ فیصلہ فرمائے گا تم میں اور
اللہ جو کچھ تم کرتے ہو دیکھ رہا ہے
تمہارے لئے نیک پیروی موجود ہے
ابراہیم میں اور ان لوگوں میں
جو ابراہیم کے ساتھ تھے جب انہوں نے
کہا اپنی قوم سے کہ ہم بے تعلق ہیں تم سے
اور اون چیزوں سے جن کو تم پوجتے ہو
اللہ کے سوائے ہم منکر ہوئے تم سے اور
ظاہر ہو پڑی ہم میں اور تم میں دشمنی اور
بغض ہمیشہ کے لئے جب تک
کہ تم ایمان نہ لاؤ ایک اللہ
پر۔ اور ایسی بہت سی آیتیں پڑھیں
اور ایک پہر دن تک مخصوص برادروں
کو جلال میں آکر ملامت کی اس کے بعد

بطریق جلاوطنی زجر کردند بعدہ برادراں
رجوع کردند و گفتند از ما خطا افتاد کہ خیلخانہا
را رفتن دادیم بعدہ شتاب طلبیدند و ایں
ناقل حاضر بود پس اگر میل سوئے قرابتان
دنیا داراں کند باید کہ با ایشاں چیزی
یاری نکنند و اگر بکنند روش مہدیؑ
و یاران او نباشد بلکہ بدعت است
کما قال اللہ تعالیٰ وتعاو
نوا علی البر والتقوی
ولا تعاونوا علی الاثم
والعدوان واتقوا اللہ ان
اللہ شدید العقاب (اگر یاری
کند تحت ایں آیت بیاید) و اگر در راہ خدائے
تعالیٰ بیایند و ایشاں یاری طلبند شما
یاری دہید کما قال اللہ تعالیٰ
وان استنصروکم فی الدین
فعلیکم النصر الآیۃ (جزو ۱۰
رکوع ۶) خوشنودی بندگی میراںؑ و بندگی
سید خوندمیرؓ و بندگی میاں نعمتؓ بلکہ اکثر
مہاجراںؓ نبود کہ ایشاں بخانہ قرابتان
دنیا داراں بروند چنانچہ نقلہا ری
شہر کاہہ و شہر نہر والہ و موضع بھدری
والی کہ بالا مسطور است برادرانِ مذکور
را ازیں جہت زجر بسیار کردند۔ و نیز
نقلست وقتی کہ ملک الہدادؓ با دائرہ
از جالور نزدیک شہر نہر والہ چند روز ماندند

برادروں نے رجوع کی اور کہا کہ ہم سے
خطا ہوئی کہ گھر والوں کو جانے دیا اس کے
بعد برادروں نے گھر والوں کو جلد بلوا لیا اور
یہ ناقل حاضر تھا پس اگر (اہل دائرہ) دنیا دار
قرابت داروں کی طرف میل کریں تو (صاحبان
دائرہ) کو چاہیئے کہ ان کے ساتھ کسی قسم کی معاونت
نہ کریں اور اگر مدد کریں تو مہدیؑ اور یاران مہدیؑ
کی روش کے خلاف بلکہ بدعت ہے۔ چنانچہ اللہ
تعالیٰ فرماتا ہے کہ بایکدیگر مدد کرو تم نیکی
اور تقویٰ پر اور بایکدیگر مدد نہ کرو گناہ
اور دشمنی پر اور ڈرو تم اللہ سے تحقیق
اللہ سخت عذاب دینے والا ہے (اگر
مدد کرے تو اس آیت کے تحت میں
داخل ہو جائے) اور اگر خدا کی راہ میں آئیں
اور مدد طلب کریں تو تم ان کی مدد کرو چنانچہ فرمان
خدا ہے کہ اور اگر تم سے دین میں مدد چاہیں تو تم پر
مدد کرنا واجب ہے۔ الخ حضرت مہدیؑ بندگی
سید خوندمیرؓ اور بندگی میاں نعمتؓ بلکہ اکثر
مہاجروںؓ کی خوشنودی نہ تھی کہ اہل دائرہ
کے باہر رہنے والے دنیا دار قرابت داروں
کے گھر جائیں چنانچہ شہر کاہہ اور شہر نہر والہ اور موضع
بھدری والی کی نقلیں اوپر مذکور ہوئی ہیں اسی
وجہ برادران مذکور کو بہت تنبیہ کی۔ اور نیز نقل
ہے جس وقت کہ ملک الہدادؓ جالور سے دائرہ
کے ساتھ گئے اور شہر نہر والہ کے قریب چند
روز رہے اور فرمایا کہ ایسا نہ ہو کہ کوئی شخص

وفرمودند کہ مبادا کسی برای ملاقات قرابتان در شہر روند و اگر ملاقات ایشان کنید و یا شما روید در دائرہ نیائید ہر جا کہ خواہید بروید یا ہمانجا بمانید و نیز معلوم باد در انوقت کہ بعضی یاران از کاہہ بازگشتند و بندگی میاں سید خوندمیرؓ ہم بطرف گجرات آمدند بعضی برادران پیش حضرت میراںؑ عرض کردند میرا بجیو سید خوندمیرؓ را رفتن مدہید قرابتان ایشاں دنیا دار اند مبادا آمدن ندہند حضرت میراںؑ فرمودند بندہ می فرستد خدائے تعالیٰ دین خود را زیادہ خواہد کرد و نیز نقلست از بندگی سید خوندمیرؓ کہ وقتی ملک معروفؓ پیش حضرت میراںؑ عرض کردند کہ مادر بندہ مکتوب فرستادہ است کہ یکبار این جا بیائید اگر رضای خوندکار باشد این بندہ برود حضرت میراںؑ جواب فرمودند کہ ملک معروفؓ مادر خود را جواب نوشتہ بفرستید کہ ملک معروف مرد۔ و نیز نقلست کہ میاں علی دھولخنیہ در شہر ناگور در دائرہ بندگی میاں نعمتؓ نقل شد و پنجاہ فیروزی ترکہ گذاشتہ میاں نعمتؓ سویت کردہ تمام دائرہ را دادند و پسر و دختر میاں علی در دھولخنہ بودند ایشانرا نفرستادند کہ این حق از آں فقیران دائرہ ہست و نیز نقلست کہ در قصبہ بڑلی میاں فقیہ محمد بدست راجپوت شہید شدند بندگی میاں نظامؓ قرابتانِ میاں مذکور

شہر میں عزیزوں کی ملاقات کے لئے جائے اور اگر ان سے ملاقات کرے یا تم جاؤ تو پھر دائرہ میں نہ آؤ جہاں چاہو چلے جاؤ یا وہیں رہو اور نیز واضح ہو جس وقت کہ بعضے یاراں کاہہ سے واپس ہوے بندگی میاں سید خوندمیرؓ بھی گجرات کی طرف آئے بعضے برادروں نے حضرت مہدی علیہ السلام کے حضور میں عرض کیا کہ میرا بجیوؑ سید خوندمیرؓ کو جانے نہ دو کہ ان کے رشتہ دار دنیا دار ہیں ایسا نہ ہو کہ آنے نہ دیں حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ بندہ بھیجتا ہے خدا تعالیٰ اپنے دین کو زیادہ کرے گا اور نیز بندگی میاں سید خوندمیرؓ سے منقول ہے کہ ایک وقت ملک معروفؓ نے حضرت مہدیؑ سے عرض کیا کہ میری والدہ نے خط بھیجا ہے کہ ایک بار یہاں آؤ اگر خوندکار کی رضا ہو تو یہ بندہ جاتا ہے حضرت مہدیؑ نے جواب فرمایا کہ اے ملک معروف اپنی والدہ کو لکھ بھیجو کہ ملک معروف مر گیا۔ اور نیز نقل ہے کہ میاں علی دھولخنیہ نے شہر ناگور میں بندگی میاں نعمتؓ کے دائرہ میں انتقال کیا اور پچاس فیروزی ان کے ترکہ سے تھے میاں نعمتؓ نے تمام دائرہ میں سویت کر دی اور میاں علی کا لڑکا اور لڑکی دھولخنیہ میں تھے ان کو نہیں بھیجا کہ یہ حق دائرہ کے فقیروں کا ہے اور نیز نقل ہے کہ قصبہ بڑلی میں میاں فقیہ محمد راجپوت کے ہاتھ سے شہید ہوئے بندگی میاں نظام رضی اللہ عنہ نے میاں مذکور کے رشتہ داروں کو اطلاع

راخبر کردند وانچہ ترکہ گزاشتہ بود تسلیم قرابتان کردند چونکہ بندگی سید خوندمیر رضؓ شنیدند فرمودند کہ نیک نہ کردند کہ قرابتان را دادند این حق نقیران و مہاجران بود پس اگر ایشان ہجرت وجہاد کنند ایشان از شما ہستند با ایشان حق صلہ رحم بجا باید آورد کما قال سبحانہ و تعالیٰ والذین امنوا وھاجروا وجاھدوا فی سبیل اللہ والذین اٰووا ونصروا اولٰئک ھم المؤمنون حقا لھم مغفرۃ ورزق کریم والذین امنوا من بعد وھاجروا وجاھدوا معکم فاولٰئک منکم واولوا الارحام بعضھم اولیٰ ببعض فی کتٰب اللہ ان اللہ بکل شیٔ علیم (جزء ۱۰ رکوع ۶)

پس اگر ہجرت کنند و با خدای و با مومنان صلح کنند آنگہ ایشان پس روان مومنان باشند بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ از زبان گوجری فرمودند کہ کیرہ دائیاں مومنان باشند پس اگر ایشان ہجرت کنند با مہاجران پیشتیان برابر درجات نباشند ومہاجران پیشینیان را درجات و مغفرت واجر بزرگ باشد کما قال اللہ تعالیٰ لا یستوی منکم من انفق من قبل الفتح

کی اور جو کچھ ترکہ موجود تھا رشتہ داروں کے حوالہ کیا۔ جب یہ خبر بندگی میاں رضؓ نے سنی تو فرمایا کہ اچھا نہیں کئے جو قرابت داروں کو دیئے یہ حق فقیروں اور مہاجروں کا تھا پس اگر یہ لوگ ہجرت اور جہاد کریں (اس وقت) یہ لوگ تم سے ہیں پس ان کے ساتھ حق صلہ رحم بجالانا چاہیئے جیسا کہ حق سبحانہ و تعالیٰ نے فرمایا کہ، اور جو لوگ ایمان لائے اور ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور وہ لوگ جنھوں نے پناہ دی اور مدد کی وہی لوگ مومنین ہیں برحق ان کے لئے بخشش اور عزت کی روزی ہے اور جو بعد کو ایمان لائے اور ہجرت کی اور جہاد کیا تمہارے شریک حال ہوکر تو وہ تم ہی میں داخل ہیں اور رشتہ دار آپس میں زیادہ حق دار ہیں ایک دوسرے کے اللہ کے حکم میں تحقیق اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ پس اگر ہجرت کریں اور خدا اور مومنوں کے ساتھ صلح کریں تو اس وقت یہ لوگ مومنوں کے پیرو ہوں گے بندگی میاں سید خوندمیر نے گوجری زبان میں فرمایا کہ پس روی کرنے والے مومن ہوتے ہیں پس اگر یہ لوگ ہجرت کریں تو اگلے مہاجروں کے درجات کے برابر نہ ہوں گے اور اگلے مہاجرین کے درجات اور مغفرت اور اجر بڑے ہیں چنانچہ فرمان خدا ہے کہ فتح (فتح مکہ) سے پہلے جنھوں نے تم میں سے خرچ کیا اور قتال کیا

وقاتل اولئك اعظم درجة من الذين انفقوا من بعد وقاتلوا وكلا وعد الله الحسنىٰ (جزء ۲۷ رکوع ۱۷)

وہر یکی را وعدہ حسنیٰ باشد لیکن مہاجران پیشنیان را درجات بزرگ باشد ونیز **نقلست** کہ حضرت میراں علیہ السلام فرمودند کہ یک نظر بندہ بہتر است از عبادت ہزار سال کہ مقبول است ؎

آنانکہ خاک را بنظر کیمیا کنند
آیا بود کہ گوشہ چشمی بما کنند

نقلست از میاں بھائی مہاجر رضؓ کہ حضرت میراںؑ فرمودند ہر کہ صحبت مہدیؑ ایں مقدار بکند کہ از پا افراز خاک بیند از وانچہ گناہان پیشیں کردہ بود ہمہ عفو شوند چنانچہ حدیث مسطور است در تمہید عین القضات کہ رسولؐ صفت گروہ مہدیؑ ایں چنیں فرمودہ اند کہ یا اباذر[1] الخ۔ **نقلست** کہ حضرت میراں علیہ السلام

یہ لوگ درجہ میں زیادہ بڑے ہیں ان لوگوں سے جنھوں نے بعد میں خرچ کیا اور قتال کیا اور ہر ایک سے وعدہ کیا ہے اللہ نے بھلائی کا ہر ایک کے لئے وعدۂ نیک ہے لیکن اگلے مہاجرین کے درجے بڑے ہیں اور نیز نقل ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ بندہ کی ایک نظر ہزار سال کی مقبولہ عبادت سے بہتر ہے ؎

جو لوگ مٹی کو ایک نظر میں کیمیا بنا دیتے ہیں
کیا ایسا بھی ہوگا کہ ایک نظر ہم پر بھی ڈالیں

میاں بھائی مہاجر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ حضرت مہدیؑ نے فرمایا جو شخص کہ مہدیؑ کی صحبت میں اتنی دیر رہا جتنی کہ جوتیوں کی گرد جھاڑنے میں لگتی ہے تو پہلے اس نے جو کچھ گناہ کیا تھا سب معاف ہوجائیں گے چنانچہ تمہید عین القضات میں حدیث شریف مرقوم ہے کہ رسولؐ نے مہدیؑ کے گروہ کی صفت اس طرح بیان فرمائی ہے کہ ای ابوذر الخ

---

[1] یا اباذر اتدری ماغمی وفکری والیٰ ای شئی اشتیاقی فقال اصحابہ خبرنا یا رسول اللہؐ بغمك وفكرك ثم قال الاواشوقا الیٰ لقاء اخوانی

(باقی صفحہ ۱۷۶ پر)

یا ابوذر کیا تو جانتا ہے کہ میں کس غم اور فکر میں ہوں اور کس شئے کی طرف میرا اشتیاق ہے پس اصحابؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہؐ ہم کو اپنے غم اور فکر سے آگاہ فرمائیے پھر آپؐ نے فرمایا آہ میرے بھائیوں کی ملاقات کا شوق ہے جو میرے بعد

(باقی صفحہ ۱۷۶ پر)

فرمودند کہ یکہ اول روز ہجرت کردہ در راہ خدائے تعالیٰ آمدہ است آنکس مرشد کسی است کہ آخر روز ہجرت کردہ در راہ خدائے تعالیٰ آمد یعنی وقت عصر

فرمایا کہ جو شخص صبح میں ہجرت کر کے خدائے تعالیٰ کی راہ میں آیا ہے وہ شخص اس کا مرشد ہے جو شام میں ہجرت کر کے خدائے تعالیٰ کی راہ میں آیا یعنی عصر کے وقت

بسلسلہ صفحہ (۱۷۵) سے یکونون من بعدی شانہم کشان الانبیاء وہم عند اللہ بمنزلۃ الشہداء یفرون من الآباء والامہات والاخوات والاخوال والابناء ابتغاء لمرضات اللہ وہم یترکون المال للہ ویذلون انفسہم بالتواضع لایرغبون فی الشہوات وفضول الدنیا ویجتمعون فی بیت ... ... من بیوت اللہ تعالیٰ مغمومین محزونین من حب اللہ قلوبہم الی اللہ وروحہم من اللہ وعملہم للہ۔

وایں حدیث در تمہید مذکور است۔

(از مکتوب ملتانی مطبوعہ صفحہ ۲۱)

بسلسلہ صفحہ (۱۷۵) سے۔

ہونے والے ہیں کہ ان کی شان انبیاء کے مانند ہے اور وہ خدا کے پاس شہدا کے ہم مقام ہیں خدا کی خوشنودی کے لئے وہ اپنے ماں باپ اور بھائی بہن اور بچوں سے بھاگیں گے اور وہ خدا کے لئے مال کو ترک کر دیں گے اور اپنے نفس کو تواضع سے ذلیل کر دیں گے شہوتوں اور فضولیات دنیا میں نہ ڈوبیں گے اور کسی ایک مسجد میں جمع ہوں گے خدا کی محبت میں مغموم اور محزون ہوں گے ان کے دل خدا کی طرف ہوں گے ان کی روح خدا سے واصل اور ان کا سارا کام خالص اللہ کے لئے ہو گا۔ اور یہ حدیث تمہید میں مذکور ہے۔

(از مکتوب ملتانی صفحہ ۲۱)

ہجرت کردہ آمدزیراکہ آخر کسیکہ ہست اول کس رادیدہ آمدہ است پس ناچار اول مرشد آخر است ونیز **نقلست** از سید الشہداء بندگی میاں سید خوندمیرؓ در عقیدۂ خود نبشتہ اند کہ حضرت میرانؑ چنیں فرمودند کہ پیش ایں بندہ تصحیح میشود و فرمان میشود کہ ای سید محمد ہر کہ پیش تو صحیح شد او مقبول حضرت ماست و ہر کہ پیش تو صحیح نشد او عند اللہ مردود است ونیز سید الشہداء فرمودند ایں زماں کسانیکہ ہجرت کردہ می آیند ہماں کسانند کہ ارواحہای ایشاں پیش آں ذات صحیح شدہ اند نہ بمجرد واسطہ بیان ما می آیند پس پسیناں را باید کہ مہاجران پیشنیاں را غل و غش نکنند و نیک خواہان ایشاں باشند کما قال اللہ تعالیٰ والذین جاؤ من بعدھم یقولون ربنا اغفر لنا ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان ولا تجعل فی قلوبنا غلا للذین امنوا ربنا انک روف رحیم (جز ۲۸ رکوع ۴) ونیز **نقلست** در نین پور کہ پورہ ایست از احمد آباد نزدیک قبر میاں عبد المجید رضی اللہ عنہ اکثر مہاجرانؓ محضر کردہ بودند ہمچو میاں سید خوندمیرؓ و میاں شاہ نظام رضی اللہ عنہ و میاں نعمتؓ

ہجرت کر کے آیا اس لئے کہ جو شخص آخر میں آیا ہے پہلے شخص کو دیکھ کر آیا ہے پس ناچار پہلا مرشد آخر کا ہے اور نیز سید الشہداء بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے آپ نے اپنے رسالہ عقیدہ شریفہ میں تحریر فرمایا ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے ایسا فرمایا ہے کہ اس بندہ کے سامنے تصحیح ہوتی ہے اور فرمان ہوتا ہے کہ ای سید محمد جو تیرے سامنے صحیح ہوا وہ ہماری درگاہ میں مقبول ہے اور جو تیرے سامنے صحیح نہ ہوا وہ اللہ کے پاس مردود ہے اور نیز بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس زمانہ میں جو اشخاص ہجرت کر کے آتے ہیں وہی اشخاص ہیں کہ جن کی روحیں مہدی علیہ السلام کے حضور میں صحیح ہو چکی ہیں نہ صرف ہمارے بیان کے واسطے سے آتے ہیں پس بعد والوں کو چاہیئے کہ اگلے مہاجرین سے کدورت نہ رکھیں اور اُن کی بھلائی کے خواہاں رہیں جیسا کہ فرمان خدا ہے کہ اور جو لوگ آئے ان کے بعد کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار بخش دے ہم کو اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے اور پیدا نہ کر ہمارے دلوں میں کینہ ایمان والوں کی بابتہ اے ہمارے پروردگار تو ہی شفیق مہربان ہے۔ اور نیز نقل ہے کہ نین پور میں جو احمد آباد کا ایک محلہ ہے میاں عبد المجید رضؓ کی قبر کے پاس اکثر مہاجروں نے محضر کیا تھا مثلاً میاں سید خوندمیرؓ میاں شاہ نظام رضی اللہ عنہ میاں نعمت رضی اللہ عنہ و میاں ملک جیو رضی اللہ عنہ

ومیاں ملک جیو رضؓ و میاں دلاور رضؓ و میاں
لاڑ امام رضؓ و میاں ملک معروف رضؓ و ورای ایشان
دراں مجلس بعضی قاعداں ہم نشستہ بودند
سید الشہداء فرمودند کہ از مجلس مہاجراں
رضی اللہ عنہ قاعداں را استادہ کنید بعد از
اتفاق خواہم طلبید و این ناقل حاضر بود و نیز
بندگی سید الشہداء در انوقتی کہ سوی شہر
نہروالہ رفتند مشورت با ملک فخر الدین و با
ملک لطیف کردہ بودند ایشاں خلاف
مشورت کردند بعدہ بندگی میاں رضی اللہ عنہ
فرمودند کہ بندہ مشورت بعد ازیں با قاعداں
نکند چرا کہ ایشاں سوی خویش خواہند
کشید و معلوم باد تا زمانیکہ مردمانِ
دائرہ در دائرہ نیامدہ بودند ایشانرا بندگی
سید خوندمیر رضی اللہ عنہ قاعداں و لسانیاں
و دنیا داراں فرمودند وقتیکہ در دائرہ آمدند
و ہم در دائرہ نقل شدند ایشاں را بشارت
ہا دادند چنانچہ در وقت رسول ؑ دہ کساں
مخلصاں مشورت با قاعداں کردہ بودند از
رسول ؑ علیحدہ ماندند و کسانیکہ از رسول ؑ پس
ماندند در حق ایشاں آیتہای نفاق نازل شدہ
بعدہ آں دہ کساں مخلصاں پشیمان شدند
ہفت کساں خود را در بستہ کنانیدند و سہ
کساں بکوہہا رفتند و چنداں زاری کردند
کہ توبہ ایشاں قبول شد کما قال
اللہ تعالیٰ لقد تاب اللہ

میاں دلاور رضی اللہ عنہ میاں لاڑ امام رضی اللہ عنہ
اور میاں ملک معروف رضی اللہ عنہ اور اس مجلس میں انکے
سوائے بعضے قاعدین بھی بیٹھے ہوئے تھے سید الشہداء
رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مہاجرینؓ کی مجلس سے قاعدین
کو اٹھادو اتفاق کے بعد طلب کرلوں گا اور یہ ناقل حاضر
تھا اور نیز بندگی سید الشہداء رضی اللہ عنہ نے اس
وقت جبکہ آپ شہر نہروالہ گئے تھے ملک فخر الدین
اور ملک لطیف کے ساتھ مشورت کی تھی انہوں نے
مشورہ میں مخالفت کی اس کے بعد بندگی میاں
رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بندہ بعد ازیں قاعدوں سے
مشورہ نہیں کرے گا اس لئے کہ یہ لوگ اپنی طرف کھینچیں گے
اور واضح ہو کہ جب تک دائرہ کے لوگ دائرہ میں
نہیں آئے ان کو بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ
نے قاعداں اور لسانیاں اور دنیا داراں فرمایا اور
جب دائرہ میں آگئے اور دائرہ ہی میں انتقال کئے
تو ان کو بشارتیں دیں چنانچہ رسول ؐ کے وقت میں دس
مخلص اشخاص نے قاعدوں سے مشورت
کی اور رسول ؑ سے الگ رہے جو لوگ (بوقت ہجرت)
رسول ؐ سے الگ رہے ان کے حق میں نفاق کی آیتیں
نازل ہوئیں اس کے بعد یہ دس مخلص اشخاص پشیمان
ہوئے سات اشخاص اپنے دروازے بند کر لئے
اور تین اشخاص پہاڑوں پر چلے گئے اور
اس قدر زاری کی کہ ان کی توبہ قبول ہوئی
چنانچہ فرمان خدا ہے کہ البتہ تحقیق توبہ
قبول کی اللہ نے نبی ؐ کی اور مہاجرین
کی اور انصار کی جنھوں نے پیروی کی اس کی

على النبي والمهجرين والا
نصار الذين اتبعوه في
ساعة العسرة من بعد
ما كاد يزيغ قلوب فريق
منهم ثم تاب عليهم
انه بهم رءوف رحيم ٥
على الثلثة الذين خلفوا
حتى اذا ضاقت عليهم
الارض بما رحبت وضاقت
عليهم انفسهم وظنوا ان
لا ملجا من الله الا اليه
ثم تاب عليهم ليتوبوا
ان الله هو التواب الرحيم
(جز ۱۱ رکوع ۳) فرمان شد کہ با قاعدان مشورت
مکنید با مہاجران رض و صادقان مشورت کنید
کما قال الله تعالیٰ یا ایها الذین
امنوا اتقوا الله وکونوا مع
الصادقین و صادق ایشانند کہ
خدائے تعالیٰ گفتہ است للفقراء
المهجرين الذين اخرجوا
من ديارهم واموالهم
يبتغون فضلا من الله
ورضوانا وينصرون الله
ورسوله اولئك هم
الصدقون ونیز معلوم باد کہ در احمد آباد
در دائرہ نین پور در دائرہ بی بی بون رض و بندگی

تنگی کے وقت میں من بعد اس
کے کہ قریب تھا کہ کج ہو جاتے دل ان میں
سے ایک فریق کے پھر توبہ قبول کرلی اللہ
نے ان کی تحقیق کہ اللہ ان پر رافت والا
مہربان ہے اور توبہ قبول کی تین آدمیوں کی جو
پیچھے رہ گئے اس وقت تک کہ تنگ ہو گئی
ان پر زمین باوجود کشادگی کے اور تنگ
آگئیں ان پر ان کی جانیں اور گمان کیا
انہوں نے کہ نہیں پناہ اللہ کے غصہ سے
مگر اس کی طرف پھر جب اللہ نے انہیں
توبہ کی توفیق دی تاکہ وہ توبہ کریں
تحقیق اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان
ہے فرمان ہوا کہ قاعدوں سے مشورہ
مت کرو اور مہاجرین اور صادقین سے
مشورہ کرو۔ چنانچہ فرمان خدا ہے کہ اے
مومنو ڈرو اللہ سے اور ہو جاؤ تم صادقین
کے ساتھ اور صادق یہی لوگ ہیں کہ جن کے متعلق
خدائے تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ مہاجر فقیروں کے لئے
ہے جو نکالے گئے ان کے گھروں سے اور
ان کے اموال سے چاہتے ہیں وہ فضل
کو اللہ کے اور رضا مندی اور مدد
کرتے ہیں اللہ کی اور اس کے رسول
کی وہی لوگ صادق ہیں اور نیز
واضح ہو کہ احمد آباد میں نین پور
کے دائرہ میں یعنی بی بی بون رضی اللہ عنہ
اور بندگی سید ابراہیم ۔ ن

سید ابراہیم رضؓ بن میراں سید محمد مہدیؑ در مسجد ایشاں محضر شدہ بود و بعضی قاعداں دریں محضر نشستہ بودند بندگی سید خوندمیر رضؓ فرمودند کہ از مجلس مہاجراں رضؓ قاعداں را استادہ کنید۔ بعدہ برادراں دست احمد شہ خدن و محمود ملتانی گرفتہ استادہ گردانیدند میاں عبدالحلیم پیش ایں بندہ ولی یوسف گفتند کہ میاں شیر ملک رضؓ ہم خواستند کہ از مجلس استادہ شوند بندگی سید خوندمیر رضؓ فرمودند کہ شما چرا استادہ می شوید شما برابر آنحضرتؑ بودید بعدہ نشستند و نیز بندگی سید خوندمیر رضؓ فرمودند باید کہ در مسجد جامع و در نماز عید مستعد شدہ و جامہ نیک پوشیدہ و باسلاح و جمعیت بردیم تا مخالفاں خشم خورند و سوختہ شوند و بگویند کہ ایشاں ایں چنیں بسیار ہستند و از مومناں تبرسند پس کسانِ مہدویاں را ایں چنیں باید کرد کہ در مسجد جامع و نماز عید بدیں طریق بروند و ہیچ کیفیت نہ کنند۔ کما قال اللہ تعالیٰ ما کان لاھل المدینۃ ومن حولھم من الاعراب ان یتخلفوا عن رسول اللہ ولا یرغبوا بانفسھم عن نفسہ ذٰلک بانھم لا یصیبھم ظما ولا نصب

میراں سید محمد مہدی علیہ السلام کے دائرہ کی مسجد میں جمع ہوئے تھے اور بعضے قاعدین اس مجلس میں بیٹھے تھے بندگی سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مہاجروں کی مجلس سے قاعدوں کو اٹھا دو اس کے بعد برادروں نے احمد شہ خدن اور محمود ملتانی کا ہاتھ پکڑ کر اٹھا دیا میاں عبدالحلیم نے اس بندہ ولی ابن یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے کہا کہ میاں شیر ملک رضی اللہ عنہ بھی چاہتے تھے کہ مجلس سے اٹھ جائیں بندگی سید خوندمیر رضؓ نے فرمایا کہ تم کس لئے اٹھتے ہو کیونکہ تم حضرت مہدیؑ کے ساتھ تھے اس کے بعد بیٹھ گئے اور نیز بندگی سید خوندمیر رضؓ نے فرمایا کہ چاہیئے کہ جامع مسجد اور عیدگاہ کو (الغرض تبلیغ) مستعد ہو کہ اچھا لباس پہنے ہوئے باتھیار جمعیت کے ساتھ جائیں تاکہ مخالفین غصہ کی آگ میں جلیں اور کہیں کہ یہ لوگ اتنے بہت ہیں اور مومنوں سے ڈریں پس مہدیوں کو ایسا ہی کرنا چاہیئے کہ جامع مسجد اور عیدگاہ کو اسی طرح جائیں اور کوئی کیفیت نہ کریں جیسا کہ فرمان خدا ہے کہ مناسب نہ تھا اہل مدینہ اور ان کے گرد و نواح کے گنواروں کو کہ پیچھے رہ جائیں رسول صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی ہمراہی سے اور نہ یہ کہ اپنی جانوں کو زیادہ چاہیں رسولؐ کی جان سے یہ اس لئے کہ ان جہاد کرنے والوں کو نہیں پہنچتی پیاس اور نہ رنج اور نہ بھوک اللہ کی راہ میں اور نہ چلتے ہیں

ولا مخمصة فی سبیل اللہ
ولا یطؤن موطئا یغیظ الکفار
ولا ینالون من عدو نیلا
الا کتب لھم بہ عمل صالح
ان اللہ لا یضیع اجر المحسنین
ولا ینفقون نفقة صغیرة
ولا کبیرة ولا یقطعون
وادیا الا کتب لھم لیجز
یھم اللہ احسن ما کانوا یعملون

(جزو ۱۱ رکوع ۴) پس باید کہ اکثر صفتہای مومنان خدائے تعالیٰ دریں ذکر کردہ است تمام آن درعمل آرد چوں تمام آں درعمل آوردہ باشد آنگہ عمل صالح تمام گردد و مرتب شود نہ بمجرد ذکر و نماز و روزہ تمام شود

نقلست از بندگی سید خوندمیر رضؓ حضرت میراں ؑ فرمودند کسانیکہ از گجرات بخراسان می روند و در راہ خدائے تعالیٰ ہیزم و آب می آرند و دیگدانہا می کاوند ہمہ فعل عمل صالح است چراکہ ایں ہمہ فعلہا برائے خدائے تعالیٰ اختیار کردہ اند و برابر کودکاں لعب کردن تمام عمل صالح است

ایسے مقام پر جو غصہ دلائے کافروں کو اور نہ حاصل کرتے ہیں دشمن سے کوئی چیز مگر کہ ان کے لئے لکھا جاتا ہے ہر کام کے بدلے بے شک اللہ نہیں ضائع کرتا اجر نیک کام کرنے والوں کا اور نہ خرچ کرتے ہیں کوئی خرچ چھوٹا اور نہ بڑا اور نہ طے کرتے ہیں کوئی میدان مگر کہ یہ سب ان کے نام لکھ لیا جاتا ہے تاکہ ان کو اللہ بدلہ دے بہتر سے بہتر ان کے اعمال کا پس خدائے تعالیٰ نے مومنوں کی جو صفتیں اس آیت میں بیان کی ہیں ان تمام پر عمل کرے جب ان تمام پر عمل کیا جائے اس وقت عمل صالح کامل و مکمل ہوتا ہے نہ صرف ذکر اور نماز و روزہ سے مکمل ہوتا ہے۔ بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ سے منقول ہے حضرت مہدی ؑ نے فرمایا جو لوگ گجرات سے خراسان جاتے ہیں (ہجرت کرتے ہیں) اور خدائے تعالیٰ کی راہ میں لکڑی اور پانی لاتے ہیں اور چولھے کھودتے ہیں یہ سب کام عمل صالح ہیں اس لئے کہ یہ سب کام خدائے تعالیٰ کے لئے اختیار کئے ہیں اور بچوں کے ساتھ کھیلنا[1] تمام عمل صالح ہے مومنوں کے کاموں سے ہے اور نقل ہے کہ

---

[1] حضرت مہدی علیہ السلام نے خدا کے حکم اور خدا کی کتاب سے آٹھ پہر کے ذکر کو فرض فرمایا ہے اور سلطان اللیل سلطان النہار کی حفاظت کی سخت تاکید فرمائی ہے۔ لہٰذا دائرہ میں نماز فجر و مغرب کے بعد کوئی شخص قرآن شریف بھی بلند آواز سے نہیں پڑھتا تھا اگر کسی طالب مولیٰ کا بچہ گڑبڑ کرتا تو وہ طالب اس مقصد سے کہ دوسرے طالبین ذاکرین کے ذکر میں خلل نہ ہو اپنے بچے کو دائرہ

باقی صفحہ ۱۸۲ پر

امور منان است و **نقلست** کہ حضرت میرانؑ فرمودند در وقت رسولؐ بعضی مہاجرانؓ بودند و بعضے انصار و در وقت مہدیؑ انصار نباشند کہ میرانؑ فرمودند ناصر مہدیؑ خدا است و مہدیؑ را جز مہاجرانؓ نباشند و تارکان ہجرت را حضرت میرانؑ منافقان فرمودند پس کسانیکہ در حق ایشان منافقان فرمودند سوی ایشان میل نباید کرد و در خانہ ایشان نباید رفت و نیز خوشنودی میران سید محمودؓ و میاں سید خوند میرؓ و میاں نعمتؓ نبود کہ با قاعدان سابقہ کنند و با اہل فراغ و اغنیا مصاہرت کردن منع فرمودند و نیز **نقلست** کہ در دائرہ مہدیؑ روش یاران مہدیؑ ایں بود کہ اگر کسی طالب نو آمدی تا کہ یکسال در دائرہ نماندی دختر دائرہ ندادی اول طریق او میدیدند اگر طالب صادق و مشغول با خدائے تعالیٰ بودی و ثابت قدم در دائرہ ماندے آنگہ دختر دائرہ نکاح کردہ دادندی و در وقت نکاح شرط ایں چنیں

حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت بعضے مہاجرین تھے اور بعضے انصار اور مہدیؑ کے زمانے میں انصار نہ ہوں گے کیوں کہ مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ مہدیؑ کا ناصر خدا ہے اور مہدی علیہ السلام کے لئے مہاجرین کے سوائے دوسرے نہ ہوں گے اور ہجرت ترک کرنے والوں کو حضرت مہدیؑ نے منافق فرمایا پس جن لوگوں کے حق میں منافق فرمایا ہے ان کی طرف رغبت نہیں کرنی چاہیئے اور ان کے گھر نہیں جانا چاہیئے اور نیز قاعدین سے سابقہ کرنے میں میراں سید محمود رضی اللہ عنہ، میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ، اور میاں نعمت رضی اللہ عنہ کی خوشنودی نہ تھی اور توانگروں اور مالداروں کے بیٹا بیٹی سے عقد کرنے کو منع فرمایا اور نیز نقل ہے کہ مہدیؑ کے دائرہ میں یاران مہدیؑ کی روش یہ تھی کہ اگر کوئی نیا طالب مولیٰ آتا جب تک ایک سال دائرہ میں نہ رہتا دائرہ کی لڑکی سے عقد نہیں کرتے اول اس کا طریق دیکھتے تھے اگر طالب صادق اور خدائے تعالیٰ کی یاد میں مشغول اور دائرہ میں ثابت قدم رہتا تو اس وقت دائرہ کی لڑکی سے عقد کر دیتے

(حاشیہ بسلسلہ صفحہ ۱۸۱ سے) سے باہر لے جا کر کھیل میں لگاتا اسی کے متعلق حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ بچوں کے ساتھ کھیلنا عمل صالح ہے مومنوں کے کاموں سے ہے چنانچہ حضرت بندگی میاں ولیؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ مہدیؑ اور یاران مہدیؑ کے زمانے میں نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد کوئی شخص قرآن شریف بلند آواز سے نہیں پڑھتا اور اگر کسی (طالب مولیٰ) کا بچہ روتا تو باپ اس کو اٹھا لے کر دائرہ کے باہر لے جاتا اس خیال سے کہ ایسا نہ ہو کہ ہمسایہ کے حضرات رونے کی آواز سنیں اور ان کے ذکر میں خلل پیدا ہو۔ (از انصاف نامہ باب ۱۱)

می کردند کہ دختر دائرہ از دائرہ بیرون نہ بری و در میان طالبان دنیا نہ روی و واضح باد کہ بندگی میاں نعمت رضؓ را دختری بود شخصی از دائرہ کہ پدر او در اقرابت بود بندگی میاں نعمت رضؓ را گویا بندہ کہ دختر شما را با فلاں کس نکاح کردہ بدہید بندگی میاں نعمت رضؓ جواب فرمودند کہ دختر خود کسی را خواہم داد کہ بر ازار او سہ پیوند بالا باشد بر یکدیگر و ایں چنیں طالبان خدائے تعالیٰ باشند و نیز حضرت میراںؑ ملک برہان الدین مہاجر رضؓ را دختر خود نکاح کردہ دادہ بودند و بندگی سید خوندمیر رضؓ یکی دختر را با میاں ملک جیو بن خواجہ طٰہٗ مہاجر رضؓ را نکاح کردہ دادہ بودند و میاں مذکور سید نبودند و لیکن اشراف بودند و دومی دختر را با ملک اسمٰعیل نکاح کردہ دادند و سیومی دختر ملک اسمٰعیل بن ملک حماد را نکاح کردہ دادند ایشاں ہر سہ سید نبودند فاما طالبان خدا و تارکانِ دنیا بودند و نیز بندگی میاں نعمت رضؓ ہر دو دختران فقیراں را نکاح کردہ دادند بعضی یارانِ میراںؑ ملامت کردند کہ غیر کفو را دادند بندگی میاں نعمت رضؓ فرمودند کہ بندہ طالبان خدای را دیدہ دادیم و بریں آیت عمل کردیم قال اللہ تعالیٰ ان اکرمکم عند اللہ اتقٰکم و نیز خوشنودی بندگی میاں رضؓ نبود کہ دختر میاں سید عطن با ملک میاں بادیوال نکاح کنند با ایں ہم کہ جدہ مادری آں دختر را عیش ایشاں

اور عقد کے وقت (اس سے) یہ شرط کرتے تھے کہ دائرہ کی لڑکی دائرہ سے باہر نہ لے جائے اور طالبان دنیا کے پاس نہ جائے اور واضح ہو کہ بندگی میاں نعمت رضی اللہ عنہ کی ایک لڑکی تھی دائرہ کا ایک شخص کہ اس کا باپ قرابت دار تھا بندگی میاں نعمت رضؓ کو کہلا بھیجا کہ آپ اپنی لڑکی کو فلاں کے ساتھ نکاح کر دو تو بندگی میاں نعمت رضؓ نے جواب دیا کہ میں اپنی لڑکی ایسے شخص کو دوں گا جس کے پائیجامہ پر ایک پر ایک تین پیوند ہوں خدائے تعالیٰ کے طالب ایسے ہوتے ہیں اور نیز حضرت مہدیؑ نے ملک برہان الدین مہاجر رضؓ سے اپنی لڑکی کا عقد کر دیا اور بندگی سید خوندمیر رضؓ نے اپنی لڑکی کو میاں ملک جیو ابن خواجہ طٰہٗ مہاجر رضؓ سے نکاح کر دیا حالانکہ میاں مذکور سید نہ تھے ولیکن اشرف تھے اور دوسری لڑکی کو ملک اسمٰعیل سے نکاح کر دیا اور تیسری لڑکی کو ملک اسمٰعیل ابن ملک حماد سے نکاح کر دیا یہ تینوں (حضرات) سید نہ تھے مگر خدا کے طالب اور تارک دنیا تھے اور نیز بندگی میاں نعمت رضؓ نے اپنی دونوں لڑکیوں کو فقراء سے عقد کر دیا (اس پر) مہدی علیہ السلام کے بعض صحابہ رضؓ نے ملامت کی کہ غیر کفو (شخص) کو دیدیئے۔ بندگی میاں نعمت رضؓ نے فرمایا کہ بندہ طالبان خدا کو دیکھ کر دیا ہے اور اس آیت پر عمل کیا ہے فرمان خدا ہے کہ تحقیق زیادہ شریف تم میں کا وہ ہے نزدیک اللہ کے جو تم میں کا سب سے زیادہ خدا سے ڈرنے والا ہے اور نیز میاں سید عطن کی لڑکی ملک میاں باڑی والی سے نکاح کرنے میں بندگی میاںؓ کی خوشنودی نہ تھی باوجودیکہ اس لڑکی کو اس کی نانی نے

صغیر گرفتہ بود و دختر خود کردہ بود و نیز بندگی میاںؓ بر میاں عادلشہ بسیار زجر کردند بلکہ از دائرہ کشیدند کہ دختر خود را از قرابتان دنیادار دادہ بود۔ و نیز بر میاں قطب الدین یعقوب بسیار زجر کردند بلکہ چندہ ماہ با میاں قطب الدین میاںؓ حکایت نکردند طرف روی ایشاں ندیدند کہ زن ایشاں دختر خود را در میان طالبان دنیا دادہ بود و نیز دختران ایشاں نکاح کردہ در دائرہ می آوردند ولیکن خوشنودی دریں نبود کہ دختران دائرہ با طالبان دنیا نکاح کنند بندگی سید خوندمیرؓ را ازیں جہت خوشنودی نبود کہ حضرت میرانؑ فرمودند کہ ہر کہ وجود حیات دنیا بہ طلبد او کافر است و ایں نقل مشہور است فصل در بیان آں کہ بخانہای موافقاں برای طعام خوردن رفتن کہ اکثر نہ رفتہ اند نقلست از بندگی میاں لاڈ شاہؓ کہ حضرت میرانؑ در خراسان از مسجد جامع سوی دائرہ می آمدند یکی خراسانی کہ خانہ در راہ بود بسیار عرض کرد حضرت میرانؑ را کہ خوندکار کرم فرمایند و در خانہ بندہ بیایند میران علیہ السلام فرمودند کہ عفو فرمائید آں خراسانی چند بار پیش میرانؑ عرض کرد کہ کرم کنید بیائید میرانؑ ہمیں جواب فرمودند کہ عفو فرمائید حضرت میرانؑ نرفتند و برادراں را رضا دادند کہ شما بروید بعضی یاراں رفتند و نیز نقلست از بندگی میاں دلاورؓ کہ حضرت میرانؑ را در خراسان

ان کے سامنے چھوٹپن سے لیکر اپنی لڑکی بنالیا تھا اور نیز بندگی میاںؓ نے میاں عادلشہ پر بہت ملامت کی بلکہ دائرہ سے چلادیا کیونکہ انہوں نے اپنی لڑکی دنیادار عزیزوں کو دی تھی اور نیز میاں قطب الدین یعقوب کو بہت دھمکایا بلکہ چند ماہ میاں قطب الدین سے میاںؓ نے بات موقوف کر دی اور ان کا منھ نہیں دیکھا اس لئے کہ ان کی عورت نے اپنی لڑکی طالبان دنیا میں دی تھی اور نیز ان کی لڑکیوں کو نکاح کرکے دائرہ میں لاتے تھے ولیکن خوشنودی اس میں نہ تھی کہ دائرہ کی لڑکی طالبان دنیا کے ساتھ بیاہی جائے اور بندگی سید خوندمیرؓ کی خوشنودی اس وجہ سے نہ تھی کہ حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ جو شخص حیات دنیا کے وجود کو طلب کرے وہ کافر ہے۔ اور یہ نقل مشہور ہے فصل موافقوں کے گھروں کو کھانا کھانے کے لئے جانے کے بیان میں کہ اکثر نہیں گئے بندگی میاں لاڈ شاہؓ سے منقول ہے کہ حضرت مہدیؑ خراسان میں جامع مسجد سے دائرہ کی طرف آرہے تھے ایک خراسانی کہ اس کا مکان راستہ میں تھا حضرت مہدیؑ سے بہت عرض کیا کہ خوندکار کرم فرما کر بندہ کے گھر آئیں مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ معاف فرمائے اس خراسانی نے مہدیؑ کی حضور میں چند بار عرض کیا کہ کرم کرکے تشریف لائیں مہدیؑ نے یہی جواب دیا کہ معاف فرمائے حضرت مہدیؑ نہیں گئے اور برادروں کو اجازت دی کہ تم جاؤ بعضے اصحاب گئے اور نیز بندگی میاں دلاورؓ سے منقول ہے کہ حضرت مہدیؑ کو خراسان میں کسی نے دعوت دی مہدیؑ نہیں گئے اور میاں دلاورؓ کو اور برادروں کو اجازت

ساتھ دیکر بہت عاجزی کے ساتھ بھیجا اس وقت قبول کئے اور نیز نقل ہے کہ احمد نگر میں نظام الملک نے مٹھانہ دار سے کہا کہ تین سو ہون اور دو سو کھنڈی گیہوں (لے جاکر) میاں نعمت رض کے حوالہ کرو اور اپنے آدمی کو بھیجا اوس آدمی نے میاں نعمت رض کے پاس آکر کہا کہ میرے ساتھ تمہارے ایک نوکر کو بھیجو تاکہ صراف کی دکان میں ہون دکھلا کردوں اس کے بعد بندگی میاں نعمت رض نے فرمایا کہ ہمارے پاس نوکراں نہیں ہیں اس کے بعد اس آدمی نے کہا کہ تمہارے پاس کون لوگ رہتے ہیں فرمایا کہ برادران رہتے ہیں اس کے بعد اس نے کہا کہ ایک برادر کو بھیجو تاکہ یہ ہون صراف کو دکھلا کردوں بندگی میاں نعمت رض نے فرمایا کہ کوئی شخص نہیں آئے گا اس کے بعد میاں نعمت رض نے فرمایا ایسا نہ ہو کہ کوئی لینے کو جائے اس کے بعد نہ ہون آئے اور نہ گیہوں اور نیز نقل ہے کہ ملک الہداد رض کو ایک شخص نے کہا کہ بندہ نے عشر کے متعلق نیت کی ہے کہ خدائے تعالیٰ کی راہ میں دوں ولیکن میرے پاس دیانت دار نوکر نہیں ہیں خوندکار ایسا کریں کہ بندگان خدا سے دو اشخاص کو بھیجیں کہ وہاں سے حاصل کرکے لائیں اس کے بعد ملک الہداد رض نے فرمایا کہ تجھ پر لعنت ہو کہ بندگان خدا عشر لینے اور رقم حاصل کرنے کے لئے گاؤں کو جائیں نقل ہے کہ شہر ناگور سے دولت شاہ ناگوری جو وہاں کا وزیر تھا ملک الہداد رض کو چند بنڈی غلہ بھیجا آپ نے قبول نہیں کیا واپس کردیئے اس لئے کہ ایک طالب مولی گاڑی پر بیٹھا ہوا آیا اور اس طالب کا

آں طالب عمر شاہ جالوری بود **نقلست** وقتی کہ ملک الہداد رضؓ از جالور سوی گجرات می آمدند شب در موضع سالہ منزل کردند جمال بلوخ یک نوکر خود باکتبتہ فرستاد کہ برادری من یعقوب در شہر نہروالہ ہست از دو دو صد فیروزی بگیرند چونکہ آں کتابت بدست ملک الہداد رضؓ داد پارہ پارہ کردند و پرتاب کردند چند سخنان باخشم گفتند کہ بندگان خدا ایں چنیں شدند کہ کاغذ برات تو گرفتہ پیش کسی بروند و **نقلست** کہ پیش بندگی میراں بندگی میراں سید محمود رضؓ برادران بی بی کد بانو رضؓ چیزی مبلغ میراں رضؓ را گذرانیدند قبول نہ کردند و فرمودند کہ مارا از جہت قرابتی میدہید واگر از جہت اللہ میدہید پس دائرہ میاں اخوند میر رضؓ و میاں نظام رضؓ و بسیار دائرہ ہستند آنجا چرا نمی دہید بعدہ از میراں رضؓ پنہاں کردہ بی بی کد بانو رضؓ را دادند بی بی رضؓ خرج کردند چوں حضرت میراں رضؓ را معلوم شد فرمودند کہ در خانہ برادران خود بروید و در آنجا خورید **نقلست** از میاں عبدالقادر بن بندگی میاں نظام رضؓ کہ یک برادر سلام از سید مصطفیٰ عرف غالب خاں بندگی میاں نظام رضؓ را آورد میاں نظام رضؓ بر آں برادر بسیار تہدید کردند کہ شما آنجا چرا رفتید کہ سلام آورید **نقلست** کہ غالب خاں چند صد تنکہ بدست میاں حیدر رضؓ میراں

نام عمر شاہ جالوری تھا نقل ہے کہ جس وقت کہ ملک الہداد رضؓ جالور سے گجرات کی طرف آرہے تھے رات کو موضع سالہ میں اقامت کی جمال بلوخ نے اپنے ایک نوکر کو رقعہ دے کر (حضرت رضؓ کی خدمت میں) بھیجا کہ میرا بھائی یعقوب شہر نہروالہ میں ہے اس سے دو سو فیروزی حاصل کر لیں جوں ہی وہ رقعہ ملک الہداد رضؓ کے ہاتھ میں پہونچایا پارہ پارہ کر دیئے اور دور پھینک دیئے اور چند باتیں خشم آمیز کیں کہ بندگان خدا ایسے ہو گئے کہ تیری برات کا کاغذ لے کر لوگوں کے پاس جائیں اور نقل ہے کہ بی بی کد بانو رضؓ کے برادروں نے بندگی میراں سید محمود رضؓ کی خدمت میں کچھ مبلغ پیش کیا آپ نے قبول نہیں کیا فرمایا کہ تم رشتہ داری کی وجہ ہم کو دیتے ہو اگر اللہ کے واسطے دیتے ہو تو پس میاں سید خوندمیر رضؓ اور میاں نظام رضؓ کا دائرہ اور بہت سے دائرے ہیں وہاں کیوں نہیں دیتے اس کے بعد انہوں نے میراں رضؓ سے چھپا کر بی بی کد بانو رضؓ کو دیا اور بی بی رضؓ خرچ کر دیئے جب حضرت میراں رضؓ کو معلوم ہوا تو فرمایا کہ اپنے بھائیوں کے گھر چلے جاؤ اور وہیں کھاؤ۔ میاں عبدالقادر بن بندگی میاں نظام رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ ایک برادر دائرہ نے سید مصطفیٰ عرف غالب خاں کا سلام بندگی میاں نظام رضی اللہ عنہ کو پہونچایا میاں نظام رضی اللہ عنہ اس برادر کو بہت دھمکی دی کہ تم وہاں کیوں گئے جو سلام لائے نقل ہے کہ غالب خاں نے کئی سو تنکے میاں حیدر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے

میراں سید محمود رضی اللہ عنہ را فرستاد سید السادات واصل الحق واپس فرستادند از موضع بھیلوٹ ومیاں حیدر را فرمودند کہ میاں شما چرا آوردید۔ **نقلست** کہ در جالور ملک علی شیر سہ ہزار فیروزی توضیح نام کردہ بود تمام باخیل خود ملک الہداد رضؓ شنیدند بعد شنیدن ایں خبر آسودی بلوچینی را فرستادند ملک علی شیر را گویانیدند کہ توضیح نام میرزادی من نام ملت بود آنکس قبول نہ کرد بندہ چگونہ قبول کند روی تو بہ بیں کدام کس ہستی وایں کار کنی بعد ازاں ملک الہداد رضؓ سوگند خوردند کہ در اینجا نخواہم ماند بعد ازاں ملک علی شیر با سبب ترس ملک الہداد رضؓ ازیں حکایت منکر شد ما ایں نکردیم و در تمام خیل گفت کہ شما ہم قبول کنید کہ توضیح نام نکردہ بودیم تا مارا دروغ ندانند بعدہ توبہ کرد و بسیار پشیمان شد۔ **نقلست** کہ بعضی زناں برائے ملاقات زنان میاں نعمت رضؓ آمدند وچیزی پنہاں گزرانیدند بعد شنیدن میاں نعمت فرمودند شما از بندہ پنہاں مدارید آنچہ خدائے تعالیٰ شمارا دادہ است مارا نمائید بعدہ آنچہ زنانرا خدائے تعالیٰ رسانیدہ بود پیش بندگی میاں نعمت رضؓ عرض کردند پس میاں نعمت رضؓ نصف آں زنانرا دادند ونصف آں سویت کردند بعدہ طریق زناں ہمیں بود کہ آنچہ خدائے تعالیٰ تخصیص برای ایشاں رسانیدے نصف آں برادران دائرہ را سویت کردہ می دادند۔

میراں سید محمود رضؓ کو بھیجے سید السادات واصل الحق رضؓ نے موضع بھیلوٹ سے واپس کردیا اور میاں حیدر کو فرمایا کہ میاں تم کس لئے لائے۔ نقل ہے کہ جالور میں ملک علی شیر نے تین ہزار سکۂ فیروزی توجی (علی الحساب تنخواہ دینے کو کہتے ہیں) مقرر کیا تھا اپنے تمام لشکر میں (مشہور بھی کردیا تھا) ملک الہداد رضؓ نے سنا اس خبر کو سننے کے بعد آسودی بلوچینی کو بھجوائے ملک علی شیر سے کہلوائے کہ توجی کو ہمارے ہاں کے میر زادے جو ملت سے تھے قبول نہیں کئے بندہ کس طرح قبول کرے تیرا منھ دیکھ تو کون ہے اور یہ کام کرتا ہے بعد ازاں ملک الہداد رضؓ نے سوگند کھائی کہ میں یہاں نہیں رہونگا بعد ازاں ملک علی شیر نے ملک الہداد رضؓ کے خوف سے اس بات سے انکار کیا کہ ہم نے یہ کام نہیں کیا اور اپنے لشکر میں کہلا بھیجا کہ تم بھی یہی کہو کہ میں نے توجی کا تقرر نہیں کیا تاکہ مجھ کو جھوٹا نہ جانیں توبہ کیا اور بہت پشیمان ہوا۔ نقل ہے کہ بعضے مستورات میاں نعمت رضؓ کی مستورات سے ملنے آئیں اور کوئی چیز پوشیدہ گزرانیں میاں نعمت رضؓ نے سننے کے بعد فرمایا کہ تم بندہ سے پوشیدہ مت رکھو جو کچھ خدائے تعالیٰ نے تم کو دیا ہے دکھاؤ اس کے بعد جو کچھ مستورات کو خدائے تعالیٰ نے بھیجا تھا بندگی میاں نعمت رضؓ سے عرض کیں پس میاں نعمت رضؓ نے نصف ان مستورات کو دیا اور نصف سویت کردی اس کے بعد مستورات کا طریق یہی رہا کہ جو کچھ خدائے تعالیٰ مخصوص ان کو بھیجتا نصف اس کا برادران دائرہ کو سویت کردیتے تھے۔

باب دہم

حضرت میراں علیہ السلام منع کردند علم خواندن جز ذکر خدائے تعالیٰ

از بندگی میاں نعمت رض **نقلست** کہ پیش حضرت میراںؑ عرض کردند اگر اذن باشد چیزی بخوانیم حضرت میرانؑ منع کردند وفرمودند کہ اگر شما چیزے علم خواندہ بودید ایں بندہ را مہدیؑ کردہ قبول نہ کردید **نقلست** حضرت میرانؑ را از برادراں کسی پرسیدند میراںجیو اگر رضا باشد وقت قیلولہ چیزی بخوانیم حضرت میرانؑ فرمودند ایں وقت ہم مخوانید بخسپید **نقلست** کہ در کھانبیل پیش بندگی میاں سید خوندمیر رض ملک بخن رض پرسید کہ فلاں کس قرآن بسیار می خواند چیزی از خواندن فائدہ می شود بعدہ بندگی میاں رض فرمودند اگر قرآن را بطلوحدے حق تلاوتہ میخوانند ہم پردہ نور میاں بندہ و خدامی شود و از یاد خدا پردہ نور ہم دریدہ شود حضرت عیسیٰؑ گفت کہ من از مردہ زندہ کردن عاجز نیامدم واز معالجۂ احمق عاجز آمدم وایں کسی بود کہ مدتی اندک بطلب علم مشغول شود ونیز **نقلست**

دسواں باب

حضرت مہدی علیہ السلام نے علم پڑھنے سے منع کیا سوائے خدائے تعالیٰ کے ذکر کے

بندگی میاں نعمت رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ آپ نے حضرت مہدیؑ کے حضور میں عرض کیا کہ اگر حکم ہو تو کچھ پڑھوں حضرت مہدی علیہ السلام نے منع کیا اور فرمایا اگر تم کچھ علم پڑھے ہوتے اس بندہ کی مہدیت کو قبول نہ کرتے ۔ نقل ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام سے برادروں میں سے ایک برادر نے پوچھا کہ میراں جیو اگر اجازت ہو تو قیلولہ کے وقت کچھ پڑھوں حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا اس وقت بھی مت پڑھو سو جاؤ نقل ہے کہ کھانبیل میں بندگی میاں سید خوندمیر رض سے ملک بخن رض نے پوچھا کہ فلاں شخص قرآن بہت پڑھتا ہے تو کیا پڑھنے سے کچھ فائدہ ہوگا ۔ اس کے بعد بندگی میاں رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر قرآن کو پڑھنے کے طور پر پڑھا جائے تو بھی بندے اور خدا کے درمیان نور کا پردہ پیدا ہوتا ہے اور خدا کے ذکر سے نور کا پردہ بھی پھٹ جاتا ہے حضرت عیسیٰؑ نے فرمایا کہ میں مردہ کو زندہ کرنے سے عاجز نہیں آیا احمق کے معالجہ سے عاجز آیا اور یہ (احمق) ایسا شخص ہوتا ہے جو تھوڑی مدت تک علم کی طلب میں مشغول

از میاں ملک جیوین برخوردار کہ بعضی خراسانی پیش بندگی میراں ع گفتند کہ یاران میراں ع نماز گزاردن نمیدانند حضرت میراں ع زجر کردند فرمودند این مقدار ریش از کجا دراز کردید و نماز گزاردن ہم نمیدانید و فرمودند میاں یکدیگر بیاموزید بعدہ بار دیگر آں خراسانی پیش بندگی حضرت میراں ع گفتند کہ ایشاں چہ نماز میگزارند بعدہ میراں ع فرمودند کہ این چنیں نماز شما گزارید چنانچہ ایشاں میگزارند و نیز **نقلست** از میاں لاڈ شہ رض کہ حضرت میراں ع نیز فرمودند کہ علم لابدی می باید تا نماز و روزہ و مانند این افعال در دین رسول ع درست شود و نیز حضرت میراں ع فرمودند کہ برای فہم کردن معانی قرآن وقتیکہ بیان کردہ شود نور ایمان بس است **نقلست** کہ یک روز میراں سید محمود رض تمہید می خواندند حضرت میراں ع پرسیدند چہ می خوانید میراں سید محمود رض عرض کردند کہ تمہید می خوانم بندگی حضرت میراں ع فرمودند بگذارید و کوشش ذکر بکنید تا حالتی پدید آید کہ این را فہم کردن بتواند و نیز **نقلست** میراں سید محمود رض ہر وقت کہ برای مشغولی میرفتند در کوچہ میاں ابوبکر رض و میاں سید سلام اللہ رض ایشاں ہر دو کوشش علم میکردند میراں سید محمود رض پیش میراں ع عرض کردند کہ ایشاں ہمچنیں میگویند حضرت میراں ع فرمودند کہ شما در کوچہ ایشاں مروید

مشغول رہتا ہے اور نیز میاں ملک جیوین برخوردار سے منقول ہے کہ بعض خراسانی نے حضرت مہدی ع سے کہا کہ مہدی ع کے یاراں نماز پڑھنا نہیں جانتے حضرت مہدی ع نے دھمکی دی اور فرمایا کہ اس قدر داڑھی کہاں بڑھائے کہ نماز پڑھنا بھی نہیں جانتے اور فرمایا آپس میں ایک دوسرے سے سیکھو اس کے بعد دوسرے بار اس خراسانی نے حضرت مہدی ع سے کہا کہ یہ لوگ کیا نماز پڑھتے ہیں اس کے بعد مہدی ع نے فرمایا کہ ایسی نماز تم بھی تو پڑھو جیسی کہ یہ پڑھتے ہیں۔ اور نیز میاں لاڈ شہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے بھی فرمایا ہے کہ لابدی علم چاہیئے تا کہ نماز و روزہ اور مانند اس کے افعال دین رسول ع میں درست ہوں اور نیز حضرت مہدی ع نے فرمایا کہ جس وقت بیان کیا جاتا ہے قرآن کا معنی سمجھنے کے لئے نور ایمان کافی ہے نقل ہے کہ ایک روز میراں سید محمود رض تمہید پڑھتے تھے حضرت مہدی ع نے پوچھا کہ کیا پڑھتے ہو میراں سید محمود رض نے عرض کیا کہ تمہید پڑھتا ہوں حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ چھوڑ دو اور ذکر کی کوشش کرو تا کہ ایسی حالت پیدا ہو کہ اس کو (تمہید کو) سمجھ سکو اور نیز نقل ہے کہ میراں سید محمود رض جس وقت کہ میاں ابوبکر رض اور میاں سید سلام اللہ رض کی گلی میں مشغولی (ذکر) کے لئے جاتے تھے یہ ہر دو (بزرگان) علم کی کوشش کرتے تھے میراں سید محمود رض نے مہدی ع کے حضور میں عرض کیا کہ یہ ایسا کہتے ہیں حضرت مہدی ع نے فرمایا کہ تم ان کی گلی میں مت جاؤ اور خدائے تعالیٰ کی یاد میں رہو تا کہ باطن کھلے اور نیز میاں عبد الفتح رض سے منقول ہے کہ

و در یاد خدائے تعالیٰ باشید تا باطن بکشاید
و نیز **نقلست** از میاں عبد الفتح رضی اللہ عنہ
کہ در شہر نہروالہ بدست بندگی میاں نظامؓ کتاب
میزان دیدہ حضرت میراںؑ پرسیدند میاں
نظام رضی اللہ عنہ شما چہ می خوانید میاں مذکور
گفت کہ میراںؑ جیو میزان میخوانیم حضرت
میراںؑ کتاب از دست گرفتند و منع کردند
کہ نخوانید بعد از چند روز کہ در ناگور رفتند
باز میاں نظامؓ بدست کتاب گرفتند بندگی
حضرت میراںؑ باز منع کردند چونکہ حضرت میراںؑ
در خراساں عزم فرمودند بندگی میاں نظامؓ
ہوس تمام خواندن از دل منقطع کردند بعد
از مدتی حضرت میراںؑ میاں نظامؓ را
فرمودند کہ چیزی علم حدیث بخوانید یعنی چونکہ
کامل شد خواندن زیاں ندارد و نیز **نقلست**
کہ حضرت میراںؑ را خدائے تعالیٰ علم ظاہری
ایں چنیں دادہ بود کہ پیش از مہدیت
در علماء ظاہری اسد العلماء گفتند و نیز
نقلست کہ بعد از مہدیت پیش خدائے تعالیٰ
حضرت میراںؑ عرض کردند کہ ای بار خدایا
بعد از مہدیت ایں چنیں علم لدنی عطا کردی
پس آں علم ظاہری را چہ مقصود بود فرمان شد
برای حجت خلق را پیش از آں علم ظاہری
دادیم کہ تا علماء ظاہر ہم ملزم شوند و نیز
نقلست حضرت میراںؑ فرمودند ہر کہ امی
باشد اورا از جانب حق تعالیٰ علم لدنی عطا شود

شہر نہروالہ میں بندگی میاں شاہ نظام
رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں میزان کی کتاب حضرت
مہدیؑ نے دیکھ کر دریافت کیا کہ میاں نظام رضی اللہ عنہ
تم کیا پڑھتے ہو میاں مذکور نے کہا کہ میراںؑ جیو
میزان پڑھتا ہوں حضرت مہدی علیہ السلام
نے کتاب ہاتھ سے لے لی اور منع کیا
کہ مت پڑھو چند روز کے بعد جو ناگور
گئے پھر میاں نظام رضی اللہ عنہ نے کتاب ہاتھ میں
لی حضرت مہدیؑ نے پھر منع کیا جب حضرت مہدیؑ
نے خراسان کا قصد فرمایا۔ بندگی میاں نظامؓ نے
پڑھنے کی ساری ہوس دل سے منقطع کر دی بہت
دنوں کے بعد حضرت مہدی علیہ السلام نے میاں نظامؓ
سے فرمایا کہ کچھ علم حدیث پڑھو یعنے چونکہ کامل
ہو چکے پڑھنا نقصان نہیں دیتا۔ اور نیز نقل ہے
کہ حضرت مہدیؑ کو خدائے تعالیٰ نے علم ظاہری
ایسا دیا تھا کہ دعویٰ مہدیت سے پہلے علم ظاہر
نے آپ کو اسرالعلماء کہا اور نیز نقل ہے کہ
بعد از دعویٰ مہدیت خدائے تعالیٰ کے حضور
میں حضرت مہدی علیہ السلام نے عرض کیا کہ
اے باری تعالیٰ تو نے دعوی مہدیت کے بعد اس قدر
علم باطن جو عطا کیا پس اس علم ظاہری کا کیا مقصود
تھا فرمان خدا ہوا کہ ہم نے خلق کی حجت کے لئے
اس سے پہلے علم ظاہر عطا کیا تاکہ علماء ظاہر بھی
ملزم ہوں اور نیز نقل ہے کہ حضرت مہدیؑ نے
فرمایا کہ جو امی ہوتا ہے اس کو حق تعالیٰ کی طرف سے
علم لدنی عطا ہوتا ہے۔ یا اس کو جبلی

یا اور ا جعلی امی کنند انگاہ از جانب حق تعالیٰ علم لدنی عطا شود و نیز **نقلست** کہ حضرت میراں ؑ فرمودند کہ ایں بندہ را پیش از مہدیت علمی کہ ظاہری بود فراموش گردانید انگہ علم لدنی روزی گردانید **نقلست** حضرت میراں ؑ فرمودند کہ غیر امی را از جانب حق تعالیٰ علم لدنی عطا نشود یا امی اصلی باشد یا امی جعلی کنانند امی جعلی آں باشد کہ علماء را کہ علم کسبی باشد آں علم را فراموش کنانند انگاہ از جانب حق تعالیٰ علم لدنی عطا شود۔ قال سبحانہ و تعالیٰ انما یخشی اللہ من عبادہ العلمٰؤا و کما قال سبحانہ و تعالیٰ فمن یعمل (جزء ۲۲ رکوع ۱) مثقال ذرۃ خیرا یرہ و من یعمل مثقال ذرۃ شرا یرہ مروی است (جزء ۳۰ رکوع ۲۴) کہ مردی از پیغمبر ؑ ایں آیت شنیدہ گفت حسبی حسبی لا ابالی ان لا اسمع غیرھا۔ یعنی بسند است مرا باک ندارم اگر ندانم و گویند کہ مردی پیش پیغمبر ؑ آمد امیر المومنین علی رض را فرمود تا اورا قرآن بیاموزد امیر المومنین علی رض اورا سورت اذا زلزلت الارض آموخت گفت بسند است قرآن آموختم پیغمبر ؑ فرمود دعلی فقد فقہ الرجل بگذار

امی کرتا ہے اس وقت حق تعالیٰ کی طرف سے علم لدنی عطا ہوتا ہے اور نیز نقل ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ اس بندہ کو (دعویٰ) مہدیت سے پہلے جو علم کہ ظاہری تھا فراموش کرا دیا گیا اس وقت علم باطن عطا کیا نقل ہے حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ غیر امی کو حق تعالیٰ کی جانب سے علم باطن عطا نہیں ہوتا یا امی اصلی ہوتا ہے یا امی جعلی کر دیا جاتا ہے امی جعلی وہ ہے کہ علماء کا علم جو کسبی ہے اس علم کو فراموش کر دیا جاتا ہے۔ اس وقت حق تعالیٰ کی جانب سے علم باطن عطا ہوتا ہے۔ چنانچہ حق سبحانہ و تعالیٰ نے فرمایا کہ بس اللہ سے اس کے بندوں میں عالم ہی ڈرتے ہیں۔ چنانچہ اللہ پاک نے فرمایا پس جو ذرہ برابر نیک عمل کرے تو خدا اس کو دیکھتا ہے اور جو ذرہ برابر برائی کرے تو بھی خدا اس کو دیکھتا ہے مروی ہے کہ ایک مرد نے پیغمبر علیہ السلام سے یہ آیت سنی اور کہا کہ مجھے کافی ہے اب دوسری آیت کے سننے کی مجھے حاجت نہیں یعنی کافی ہے میرے لئے خوف نہیں رکھتا ہوں اگر (کچھ) نہیں جانتا ہوں اور کہتے ہیں کہ ایک مرد پیغمبر ؑ کے حضور میں آیا (پیغمبر ؑ نے) امیر المومنین علی رض کو فرمایا کہ اس کو قرآن سکھاؤ امیر المومنین علی رض نے اس کو سورہ اذا زلزلت الارض (جب زلزلہ میں لائی جائے گی زمین) سکھائی اس نے کہا کافی ہے میں قرآن سیکھ لیا

کہ ایں مرد نقیہ شد قﷺ فقطرت قطرۃ فی فمی علمت بہا علم الاولین والاخرین بر تو روشن و پیدا گردد و ایں مقام باشد کما قال سبحانہ وتعالیٰ فوجدا عبدا من عبادنا اتینٰہ رحمۃ من عندنا وعلمنٰہ من لدنا علما (جز ۱۵ رکوع ۲) پدید آید کما قالؑ ان من العلم کھیئۃ المکنون لایعلمہ الا العلماء باللہ۔ ایں باشد کہ آنرا علم لدنی خوانند و ایں علم خدا باشد برہمہ خلق پوشیدہ باشد موؤدب ایں علم خدا باشد کما قالؑ ادبنی ربی و احسن تادیبی و سر کتاب ایں علم الرحمٰن علم القراٰن خلق الانسان علمہ البیان و مراد انہ انسان ذات مہدیؑ است انچہ مہدیؑ بامر اللہ ایں بیان فرمودہ اند ای بلسان المہدی علیہ السلام

ونیز **نقلست** کہ حضرت میرانؑ فرمودند ہر کہ امی ہست تختہ دل او صاف است بر آں دل ہیچ نہ نوشتہ است او ہر چہ لشنود بر دل بہ نشیند۔ ونیز حضرت میرانؑ فرمودند ہر کہ سیاہی لیپارمی بیند دل

پیغمبر علیہ السلام نے فرمایا دعــــہ فقد فقہ الرجل اس کو چھوڑ دو لیس وہ آدمی عالم ہوگیا نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ میرے منہ میں ایک قطرہ ٹپکایا گیا اس سے میں اولین و آخرین کا علم دیا گیا (یہ علم) تجھ پر روشن اور واضح ہو جائے اور یہ مقام حاصل ہو چنانچہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے فرمایا پس انہوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ کو پایا اس کو ہم نے اپنے پاس سے رحمت عطا فرمائی اور اس کو ہم نے اپنے پاس سے علم عطا فرمایا۔ وقوع میں آئے۔ چنانچہ نبی علیہ السلام نے فرمایا بعض علوم پوشیدہ ہیئت میں ہیں جن کو علما باللہ کے سوائے دوسرے نہیں جانتے۔ یہ علم ہے کہ جس کو علم باطن کہتے ہیں اور یہ خدا کا علم ہے تمام مخلوق سے پوشیدہ ہے اس علم کا سکھانے والا خدا ہے نبی علیہ السلام نے فرمایا مجھے میرے رب نے ادب سکھایا اور میری تعلیم اچھی کی۔ اور اس علم کی کتاب کا بھید رحمٰن نے تعلیم دی قرآن کی انسان کو پیدا کیا اس کو بیان سکھایا۔ اور انسان سے مراد مہدیؑ کی ذات ہے جو کچھ کہ مہدی علیہ السلام نے اللہ کے حکم سے یہ بیان فرمایا ہے (وہی اس علم کی کتاب کا بھید ہے) یعنے مہدیؑ کی زبان سے (یہ بھید ظاہر ہوا ہے) اور نیز نقل ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ جو کوئی امی ہے اس کے دل کا تختہ صاف ہے

او سیاہ میشود۔ کما قال سبحانہ و تعالیٰ ھو الذی بعث فی الامیین رسولا منھم یتلوا علیھم اٰیتہ ویزکیھم ویعلمھم الکتٰب والحکمۃ وان کانوا من قبل لفی ضلٰل مبین وّاٰخرین منھم لما یلحقوا بھم وھو العزیز الحکیم ذٰلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم ونیز نقلست از میاں نظام غالب در خراسان حجرۂ ملک معروف رضؓ و میاں مذکور متصل بود میاں نظام رضؓ را ملک معروف رضی اللہ عنہ پرسیدند شما چیزی خواندن می دانید میاں نظام رضؓ گفت اندک خواندن می دانم بعدہ ملک معروف رضؓ فرمودند گاہی بعد از مشغولی چیزی بخوانید میاں مذکور فرمود چرا نہ بعدہ ملک معروف رضؓ فرمودند ما حضرت میراںؑ را بپرسیم وہ حضرت فرمودہ بودند ہر چہ بکنید ایں جانب را پرسیدہ بکنید میاں نظام رضؓ و ملک معروف ہر دو پیش حضرت میراںؑ رفتند بندگی حضرت میراںؑ در خلوت نشستہ بودند پیش حضرت میراںؑ ایں معاملہ ہنوز بسمع مبارک عرض نرسانیدہ

اس دل پر کچھ لکھا ہوا نہیں ہے وہ جو کچھ سنتا ہے دل پر بیٹھ جاتا ہے اور نیز حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص بہت سیاہی دیکھتا ہے اس کا دل سیاہ ہو جاتا ہے چنانچہ حق سبحانہ تعالیٰ نے فرمایا کہ وہی ہے جس نے بھیجا ان پڑھ لوگوں میں ایک رسول اُن ہی میں سے وہ اُن پر پڑھتا ہے اس کی آیتیں اور اُن کو پاک صاف بناتا اور ان کو سکھاتا ہے کتاب اور عقل مندی اور اس سے پہلے تو یہ لوگ صریح گمراہی میں پڑے ہوئے تھے اور بھیجا آخرین میں رسول کو انھیں میں سے جو نہیں ملے امیین سے اور وہی زبردست حکمت والا ہے یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے اور نیز میاں نظام غالب سے منقول ہے کہ خراسان میں ملک معروف رضؓ اور میاں نظام غالب کا حجرہ متصل تھا میاں نظام رضؓ سے ملک معروف رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ تم کچھ پڑھنا جانتے ہو تو میاں نظام رضی اللہ عنہ نے کہا تھوڑا تھوڑا پڑھنا جانتا ہوں اس کے بعد ملک معروف رضؓ نے فرمایا کبھی بعد از مشغولی (ذکر) کچھ پڑھا کرو میاں نظام رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیوں نہیں اس کے بعد ملک معروف رضؓ نے فرمایا کہ ہم حضرت مہدیؑ کو پوچھ لیں اس لئے کہ حضرتؑ نے فرمایا ہے کہ تم جو کام کرو ہم سے پوچھ کر کیا کرو میاں نظام رضی اللہ عنہ اور ملک معروف رضؓ ہر دو (حضرات) حضرت مہدی کے حضور

بودند کہ حضرت میرانؑ این رباعی خواندند

علمی بطلب کہ با تو ماند
آں دم کہ ترا ز تو رہاند
تا علم فریضہ را نخوانی
تحقیق صفات حق ندانی

و نیز فرمودند کسیکہ بسیار خواند بسیار خواری شود و طلب دنیا می کند و کسیکہ طلب دنیا نمی کند او را عجب بسیار می شود بعدہٗ حضرت میرانؑ فرمودند آنچہ بندہ می گوید ہمچناں بکنید یعنی ذکر خدائے تعالیٰ بکنید تا بینائی خدائے تعالیٰ حاصل شود قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ویل لاولاد امتی فی اخر الزمان من اٰبائھم قیل یا رسول اللہ من اٰبائھم المشرکین قال لا بل اٰبائھم المومنین فانھم یتعلمون العلم فاذا تعلم اولادھم العلم منعوھم عن تعلم علم الدین ولا یرضون من اولادھم الا بشیٔ من عرض الدنیا فاذا اصلحت لھم دنیاھم لا یبالون ان افسدت اٰخرتھم فھم منی بری

میں گئے حضرت مہدیؑ خلوت میں بیٹھے تھے ابھی یہ معاملہ حضرت مہدیؑ کی سمع مبارک تک نہیں پہونچایا گیا تھا کہ حضرت مہدیؑ نے یہ رباعی پڑھی۔

ایسا علم طلب کر جو تیرے ساتھ رہے
وہ دم جو تجھ کو تجھ سے رہائی دے
جب تک تو علم فریضہ نہیں پڑھے گا
تحقیق حق کے صفات کو تو نہیں جانیگا

اور نیز حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص بہت پڑھتا ہے بہت ذلیل ہوتا ہے اور دنیا طلب کرتا ہے اور جو دنیا کو طلب نہیں کرتا اس کو غرور بہت ہوتا ہے اس کے بعد حضرت مہدیؑ علیہ السلام نے فرمایا کہ جو کچھ بندہ کہتا ہے ویسا ہی کرو یعنی خدائے تعالیٰ کا ذکر کرو تا کہ خدائے تعالیٰ کی بینائی حاصل ہو فرمایا نبی علیہ السلام نے میری آخری زمانہ کی امت کی اولاد پر ان کے ماں باپ کی طرف سے ویل ہے عرض کیا گیا یا رسول اللہ کیا ان کے مشرک ماں باپ کی طرف سے ہلاکت ہوگی تو آپ نے فرمایا نہیں بلکہ ان کے مومن ماں باپ کی طرف سے کیونکہ وہ علم سیکھیں گے اور جب ان کی اولاد علم سیکھے گی تو اس کو علم دین سیکھنے سے منع کریں گے اور وہ اپنی اولاد سے اسباب دنیا کے سوائے کسی اور چیز سے راضی نہ ہوں گے اور جب ان کی دنیا

فانا بری منهم الا ان یتوبوا او لا وقد ورد فی الخبر فضل العالم علی العابد کفضلی علی امتی والاشارة فی هذا العلم لیس الی علم البیع والشری والنکاح والطلاق والعتاق وانما الاشارة الی العلم بالله وقوة الیقین وقد یکون العبد عالما بالله والیقین کاملا ولیس عنده علم من فروض الکفایات وقد کان اصحاب رسول الله اعلم من علماء التابعین بحقایق الدین ودقایق المعرفة چنانچہ شیخ حمید الدین ناگوری صوفی میفرماید رباعی

در نحو و صرف در لغتے ہیچ مپیچ
رو علم خدا خوان کز دنا ید ہیچ
فردا ز تو معرفت چو خواہند طلبید
خواہی تو ز گمرہاں شوی خواہی گیج

قلم بشکن ورق سوز و سیاہی ریز و دم درکش
حمید این قصۂ عشق است در دفتر نمی گنجد

شد موی سرت برفی در نحو و در صرفی
ذو فہم نشد حرفی علمیست کہ ربانی

درست ہو جائے گی تو اپنی اولاد کی آخرت بگڑنے کی پروانہ کریں گے وہ لوگ مجھ سے جدا ہیں اور میں ان سے بیزار ہوں مگر یہ کہ توبہ کر لیں۔ اور حدیث میں آیا ہے کہ عالم کی فضیلت عابد پر ایسی ہے جیسی کہ میری فضیلت میری امت پر ہے اشارہ اس علم میں علم بیع و شریٰ و نکاح و طلاق و عتاق کی طرف نہیں ہے اس علم کا اشارہ علم باللہ اور قوت یقین کی طرف ہے کبھی بندہ عالم باللہ صاحب یقین کامل ہوتا ہے اور اس کو فرض کفایہ کا علم نہیں ہوتا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب دین کے حقایق اور معرفت کے دقایق میں علماء تابعین سے زیادہ عالم تھے چنانچہ شیخ حمید الدین ناگوری صوفی نے یہ رباعی فرمائی ہے

تو علم صرف و نحو اور علم لغت میں مشغول مت ہو
جا خدا کا علم سیکھ کہ ان علوم صرف و نحو و لغت سے کچھ حاصل نہیں ہوتا
کل تجھ سے علم معرفت طلب کریں گے تو تو کیا جواب دیگا اب چاہے
تو گمراہ بن جا یا سرگرداں ہو جا (ہم نے تو جو اچھی بات کہنی تھی کہدی)

قلم توڑ دے ورق جلا دے اور سیاہی پھینک دے دم روک لے ای حمید یہ عشق کا قصہ ہے دفتر میں نہیں سما سکتا۔

نحو اور صرف کی تحصیل میں تیرے سر کے بال برف کی مثال سفید ہو گئے
جو علم کہ ربانی ہے تو اسکا ایک حرف بھی نہیں جان سکا

ای عالم نادانی چندانکہ کتب خوانی
حرفیکہ مفید تست دانم کہ نمی دانی
ای عالم نادانی در علم تو مغروری
نزدیک [illegible] حق دوری
در خلوت دل تا نکنی الفت توحید
حق را نشناسی تو بدین کنز و قدوری
علمت زعمل چو بی نصیب است
اسلام بشہر تو غریب است
از علم و عمل مباش مغرور
میدان ہمہ را ہباء منثور
علمت ہمہ رخصت است و حیلہ
این حیلہ شود ترا عقیلہ

ونیز **نقلست** از قاضی قادن یکروز ایشان چیزی تفسیر می خواندند حضرت میراں علیہ السلام یکایک بر سر ایشان آمدند پرسیدند کہ چہ می خوانید ایشان عرض کردند کہ تفسیر میخوانیم میراں علیہ السلام فرمودند کسیکہ تفسیر می خواند خدائی را نہ بیند

رباعی

گوئی کہ بعلم و عقل جوییم
نادیدہ کسی ترا چہ گوییم
آنجا کہ مجال آندم آمد
این ہر دو حجاب اعظم آمد

قال المحققون العلم حجاب اللہ الاکبر وفی

ای نادان عالم تو کتنی کتابیں پڑھیگا
جو حرف کہ تیرے مفید ہے میں جانتا ہوں کہ تو نہیں جانتا
ای نادان عالم تو اپنے علم میں مغرور ہے
تو حق کے نزدیک نہیں ہے سچ تو یہ ہے کہ تو حق سے دور ہے
دل کے گوشہ میں تو جب تک توحید کی الفت پیدا نہ کرے گا۔
اس کنز و قدوری سے حق کو نہیں پہچان سکیگا
جب تیرا علم عمل سے دور ہے
اسلام تیرے شہر میں نادر ہے
علم و عمل سے مغرور مت ہو
اپنی ہر چیز کو پراگندہ غبار سمجھ
تیرا تمام علم رخصت اور حیلہ ہے
یہ حیلہ تیری بیڑی بن جائے گا

اور نیز قاضی قادن سے منقول ہے کہ ایک روز وہ کچھ تفسیر پڑھتے تھے حضرت مہدی علیہ السلام یکایک انکے پاس آئے اور پوچھے کہ کیا پڑھتے ہو انہوں نے عرض کیا کہ تفسیر پڑھتا ہوں مہدی علیہ السلام نے فرمایا جو شخص کہ تفسیر پڑھتا ہے خدا کو نہیں دیکھتا۔

رباعی

تو کہتا ہے کہ علم اور عقل کے ذریعہ تلاش کرونگا
تو نا دیدہ آدمی ہے میں تجھے کیا کہوں
جہاں کہ ان باتوں کی گنجائش آگئی ہے
تو یہ دونوں (علم اور عقل) بڑا پردہ ہوگئے ہیں

محققین نے کہا ہے کہ علم (بندے اور خدا کے درمیان) بڑا پردہ ہے۔ اور کافی میں ہے کہ علم بڑا ہے اور

فی الکافی العلم قبیح
والجہل محسن ای علم
الریاء والمباحثہ وہر
کہ در علم مشغول شود و ذکر خدائے تعالیٰ
نکند بدعت و ضلالت است و نیز
نقلست کہ چوں طالب چیزی
خواندن و نبشتن شروع کردی بعضی یاران
میراںؑ فرمودند کہ منافق است توشہ می
کند از جہت گریختن از دائرہ می خواہد۔

جہل اچھا ہے یعنی علم ریا و مباحثہ
برا ہے جو شخص علم پڑھنے میں مشغول
ہوا ور خدا کا ذکر نہ کرے تو یہ بدعت اور
گمراہی ہے اور نیز نقل ہے کہ جب طالب
ہوئی لکھنا اور پڑھنا شروع
کرتا تو بعضے یاران مہدی علیہ السلام
نے فرمایا کہ منافق ہے دائرہ
سے بھاگنے کے لئے توشہ
تیار کرتا ہے۔

باب یازدہم

در بیان ذکر خدائے تعالیٰ

اکثر مہاجران مہدی علیہ السلام در موضع کھانبیل اجماع کردہ بودند در کاغذ ہا نبشتند۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ ھدیتنا وھب لنا من لدنک رحمۃ انک انت الوھاب۔ یعنی یاران سید محمد مہدی ؑ از آں ذات تحقیق کردہ اند کہ مومن آنرا گویند کہ بینای حق باشد بچشم سر و بچشم دل و یا در خواب و دیگر کسے کہ ایں صفت ندارد و طلب ایں صفت دارد او را ہم حکم ایمان کردہ اند و نیز فرمودند کہ طالب را چہ چیز فرض است کہ بدال بخدا رسد و باز فرمودند کہ آں چیز عشق است و نیز فرمودند کہ عشق چگونہ حاصل میشود۔ باز فرمودند کہ توجہ دل دائم سوئے خدائے تعالیٰ دارد چنانکہ در دل ہیچ چیز مائل نشود و برای ایں معنی ہمیشہ خلوت

گیارھواں باب

خدائے تعالیٰ کے ذکر کے بیان میں

اکثر مہاجران مہدی علیہ السلام نے موضع لھانبیل میں اجماع کیا تھا اور محضر لکھا تھا۔ میں شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن اور رحیم ہے اے ہمارے رب تو ہمارے دلوں کو ٹیڑھے نہ کر بعد اس کے کہ تو نے ہم کو ہدایت کی اور تو ہم کو اپنے پاس سے رحمت عطا فرما بے شک تو ہی بخشنے والا ہے۔ سید محمد مہدی علیہ السلام کے بعض یاروں نے مہدی ؑ سے تحقیق کی ہے کہ مومن اس کو کہتے ہیں جو سر کی آنکھ سے یا دل کی آنکھ سے اور یا خواب میں خدا کو دیکھتا ہو اور دوسرا وہ شخص جو یہ صفت نہ رکھتا ہو مگر اس صفت کی طلب رکھتا ہو تو اس پر بھی ایمان کا حکم کیا ہے اور نیز فرمایا کہ طالب کے لئے کیا چیز فرض ہے کہ اس سے خدا کو پہونچے اور پھر فرمایا کہ وہ چیز عشق ہے اور نیز فرمایا کہ عشق کیوں کر حاصل ہوتا ہے پھر فرمایا کہ ہمیشہ دل کو خدائے تعالیٰ کی طرف متوجہ رکھے اس طرح کہ دل میں کوئی چیز نہ آئے اور

اختیار کند و با ہیچکس نہ پردازد نہ با یار و نہ با اغیار
ہمہ حال ملاحظہ حق کند در ایستادن و نشستن و غلطیدن
و خوردن و آشامیدن در ہمہ حال ملاحظہ با حق کند

فصل من الرسالة المکیة فی
کیفیة الذکر قال اللہ تعالیٰ واذکر
ربك فی نفسك تضرعا وخیفة
ودون الجهر من القول بالغدو
والاصال ولا تکن من الغفلین
اعلم ان من شرائط الذکر ان
یکون الذاکر علی طهارة کاملة
من الوضوء والغسل وطهارة
البدن وطهارة الثیاب
وطهارة الموضع وان یقعد
متربعا متوجها الی القبلة
واضعا یدیه علی فخذیه
او یاخذ براحة کفه الیمنی
علی ظهر کفه الیسری وباطن
ابهامه الیمنی کما فعل فی
الصلوٰة صلعم اورده الحملیؒ
فی کتابه - ویکون لا اله
الا اللہ بقلب حاضر مع اللہ
تعالیٰ حافظا صوته
غامضا عینیه ویخرج
لا اله من صمیم فواده
بقوة شدیدة مع قطع
کل تعلق من قلبه نافیا

اس بات کے لئے ہمیشہ خلوت اختیار کرے اور کسی کے
ساتھ مشغول نہ ہو نہ ساتھ یار کے اور نہ ساتھ اغیار
کے ہر حالت میں حق کا ملاحظہ کرے کھڑے ہوئے لیٹے ہوئے
اور کھانے پینے کے وقت ہر حالت میں حق کا ملاحظہ کرے

فصل ذکر کے بیان میں رسالہ مکیہ کا انتخاب فرمایا
اللہ تعالیٰ نے تو اپنے جی میں اپنے رب کو عاجزی سے
اور پوشیدہ طور پر بغیر پکار کر کہنے کے صبح شام یاد کر اور
غافلوں سے مت ہو جا تو ذکر کے شرائط یہ ہیں کہ (۱) ذاکر
وضو اور غسل اور طہارت بدنی اور کپڑوں کی طہارت اور مقام
ذکر کی طہارت اچھی طرح کرے (۲) چار زانو ہو کر رو بقبلہ
اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے دونوں زانوں پر رکھے
ہوئے بیٹھے یا اپنی سیدھی ہتھیلی اور سیدھے انگوٹھے
کے باطنی حصہ سے بائیں ہاتھ کی پیٹھ کو پکڑے جیسا کہ
نماز میں نبی ؐ کا عمل تھا حملیؒ نے اپنی کتاب میں اس
کا ذکر کیا ہے اور حضور قلب سے اپنی آواز
کی حفاظت کرتے ہوئے دونوں آنکھوں کو بند
کئے ہوئے لا الٰہ الا اللہ کہتا جائے لا الٰہ کو
سخت قوت کے ساتھ خالص دل سے اپنے دل کے
کل تعلقات کو قطع کر کے تمام اچھے برے
واردات قلبی کی نفی کرتے ہوئے نکالے اور
الا اللہ کو سخت قوت سے دلی توجہ
کو خدا کی طرف قائم کر کے اپنے دل میں داخل
کرے تاکہ معنی ذکر کا ماحصل یہ ہو کہ وجود میں
اللہ کے سوائے کوئی اور نہیں ہے

میں چاہتا ہوں کہ اغیار کی صحبت
کی بیخ کنی کر دوں دل کے باغ میں نہال دوست

جمیع خواطر ضرا کان او نفعا ویدخل الا اللہ بالقوۃ الشدیدۃ فی قلبہ مثبتا لتوجہ قلبہ الی اللہ تعالیٰ لیکون جوا مع معنی الذکر ان لیس فی الوجود سوی اللہ۔

خواہم کہ بیخ صحبت اغیار بر کنم
در باغ دل رہا نکنم جز نہال دوست
از دل بروں کنم غم دنیا و آخرت
یا خانہ جای رخت بود یا وصال دوست

مداوما علی الذکر وموا ظبا علیہ مراقبا بقلبہ ـ ف من آداب الذکر ان یکون جمیع اوقاتہ مستغرقا فی ذکر الحبیب بحیث لا یخلو لسانہ وقلبہ من الذکر ومعنا لاحتی بجوہر ذات القلب بجوہر ذات الذکر وترفع الحجب المانعۃ من مشاہدۃ المذکور بفناء الذاکر فی المذکور **فصل** ذکر اللہ تعالیٰ فرض دائم علی المسلمین والمسلمات قال اللہ تعالیٰ افمن شرح اللہ

کے سوائے کوئی پودہ نہ لگاؤں (مجھ کو چاہئے کہ) دنیا اور آخرت کے غم کو دل سے دور کر دوں (اس لئے کہ) یا تو خانہ (دل) اسباب دنیوی کا کوٹھا بنے گا یا وصال دوست کا مسکن۔

دلی مراقبہ کرتے ہوئے ذکر پر مداومت اور مواظبت کرے۔ اور ذکر کے آداب یہ ہیں کہ اپنے تمام اوقات میں ذکر حبیب میں اس طرح مستغرق ہو کر زبان و دل ذکر اور معنی ذکر سے خالی نہ رہے حتیٰ کہ جوہر ذات قلب سے جوہر ذات ذکر کے ساتھ ذکر کرے اور ذاکر مذکور میں فنا ہو کر مشاہدۂ مذکور کے مانع جو پردے ہیں وہ اٹھ جائیں۔ **فصل** مسلمان مردوں اور عورتوں پر اللہ تعالیٰ کا ذکر فرض دوام ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا بھلا وہ شخص جس کا سینہ کھول دیا اللہ نے اسلام کے لئے پس وہ اپنے پروردگار کی جانب سے نور پر ہے (کہیں سخت دل برابر ہوسکتا ہے)

صدرہ للاسلام فھو علی نور من ربہ فویل للقاسیۃ قلوبھم من ذکر اللہ (جزء ۲۳ رکوع ۷) و فیہ اشارۃ الی ان یذکر العبد بقوۃ شدیدۃ لانہ ذکر القلب بصفۃ القسوۃ والقسوۃ صفت الحجر قال اللہ تعالیٰ ثم قست قلوبکم من بعد ذٰلک فھی کالحجارۃ او اشد قسوۃ (جزء ۱ رکوع ۹) والحجر اذا کان قاسیا لاینکسر الا بضرب شدید لجمود قوی قال اللہ تعالیٰ ومن یعش عن ذکر الرحمٰن نقیض لہ شیطٰنا فھو لہ قرین (جزء ۲۵ رکوع ۱۰) قال علیہ السلام الشیطٰن جاثم علی قلب ابن آدم فاذا ذکر اللہ تعالیٰ خنس فتولیٰ واذا غفل قلبہ حدثہ ومناہ

فصل فی اول التصدیق

قائل لا الٰہ الا اللہ یحتاج الی اربعۃ اشیاء تصدیق وتعظیم وحلاوۃ وحرمۃ

ہے، تو ہلاکت ہے ان کے لئے جن کے دل سخت ہو گئے ہیں اللہ کے ذکر کو چھوڑ کر اور اس میں اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ بندہ قوت شدیدہ سے ذکر کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے دل کو سختی کی صفت سے ذکر فرمایا ہے اور سختی پتھر کی صفت ہے۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے پھر اس کے بعد تمہارے دل سخت ہو گئے اور وہ مانند پتھر کے ہو گئے بلکہ ان سے بھی زیادہ سخت اور پتھر جب سخت ہو تو سخت مار سے ہی پھوٹتا ہے اور وہ مار بھی کسی سخت گھن کی ہی ہونی چاہیئے۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے جو آدمی ذکر خدا سے غافل ہو کر زندگی کرے تو ہم اس کے لئے شیطان مقرر کر دیتے ہیں۔ اور وہ اس کے ساتھ رہتا ہے فرمایا نبی علیہ السلام نے شیطان انسان کے دل پر اپنا سینہ رکھا ہوا ہوتا ہے پس جب وہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے تو پیچھے ہٹ جاتا ہے اور منہ پھیر لیتا ہے اور جب اس کا دل ذکر سے غافل ہوتا ہے تو اس میں اس کی آرزوؤں کو پیدا کر دیتا ہے۔

فصل

تصدیق کے اوائل زمانہ میں لا الٰہ الا اللہ کا قائل چار چیزوں کا محتاج ہوتا ہے۔

ومن له تصدیق فهو صادق
فی قول لا اله الا الله والصادق
لا عجب له فینبغی للقائل
ان ینفی وجوده عند قول
لا اله لیکون صادقاً فیما
یقول ومعنی لا اله ای لا وجود
من الموجودات فی مذهب
السالکین والاشیاء کلها
متعلق بوجود القائل
فاذا نفی القائل وجوده لا
لا یبقی اثر من الاشیاء
کلها وذلک تصدیق والثانی
التعظیم فوجب علی القائل
اذا قال لا وجود من الموجودات
ان یثبت الحق لیکون له
تعظیم کتعظیم نفسه فی قوله
تعالی کل شیء هالك الا وجهه
لان اثبات الحق بعد فناء الکل
تعظیم له والثالث الحلاوة کما
هی القائل اذا نفی سوی الله
وثبت الحق فعلیه حق الیقین
ان لا یتکلم به الا هو۔ قیل
فاذا ینفی الذاکر فی المذکور
فیبقی للمذکور خلیفة الذاکر
فاذا حصل هذه الحالة للقائل
یجد الحلاوة کما هی والرابع

تصدیق تعظیم حلاوت اور حرمت جس کو تصدیق
حاصل ہوتی ہے تو وہ لا الہ الا اللہ کہنے میں
سچا ہوتا ہے اور سچے میں خود پسندی کا مادہ نہیں
ہوتا (جیسا کہ اس زمانہ کے بعض تارکین و
کاسبین کے حال سے واضح ہے) پس قائل کو
چاہیئے کہ لا الہ کہنے کے وقت اپنے وجود
کی نفی کرے تاکہ اپنے قول میں سچا
ہو اور سالکین کے مذہب میں لا الہ کے معنی
موجودات میں سے کوئی وجود نہیں ہے
کے ہیں کل اشیاء کا تعلق قائل کے وجود
سے ہوتا ہے جب قائل اپنے وجود کی نفی
کرے تو کسی شیٔ کا اثر باقی نہیں
رہے گا اور اس کو تصدیق کہتے ہیں۔
ثانی تعظیم ہے قائل پر واجب
ہے کہ جب موجودات سے
کوئی وجود نہیں ہے کہے تو حق کو ثابت کرے تاکہ
اس کی تعظیم ہو جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے قول کل شیٔ
ہالک الا وجہہ میں اپنی تعظیم کا اظہار فرمایا ہے کیونکہ کل
کو فانی سمجھنے کے بعد حق کو ثابت سمجھنا حق کی تعظیم
کرنا ہے ثالث حلاوت ہے چنانچہ قائل جب ماسوی
اللہ کی نفی کرے اور حق کو ثابت کرے تو اس کو
واجب ہے کہ یقین کرے کہ اس سے وہی متکلم
ہوتا ہے یہ بھی کہا گیا ہے کہ مذکور میں جب
ذاکر اپنی نفی کر دے تو بجائے ذاکر کے
مذکور ہی رہ جائے گا اور جب یہ حالت
حاصل ہو تو قائل کو حلاوت ملے گی جیسا کہ

الحرمة فينبغي للقائل ان
يعلم علم اليقين ان لا سامع
الا الحق لان الذكر قديم
لا يسمع بسماع الحدث
كقوله تعالى في كلام قدسي
لا يزال العبد يتقرب الي
بالنوافل اي بالطاعة
الخالصة حتى كنت له
سمعا وبصرا ولسانا ويدا
ورجلا الى اخره فمن حصل
هذا المعنى فهو حافظ حد
الحرمة ومن لم يكن له
تصديق فهو منافق لانه
قال باللسان ما ليس
في قلبه. والاية ومن
الناس من يقول امنا بالله
وباليوم الاخر وما هم
بمؤمنين (جزء ۱ رکوع ۲) تدل
على هذا اكذبهم
في قلوبهم امنا بالله
وباليوم الاخر فما منع
الفعل ومن لم يكن
له تعظيم فهو مبتدع ف
من لم يثبت الوحدانية
بعد نفي سوى الله فهو
مبتدع لانه ظهر منه مالم

جیسا کہ چاہیئے۔ رابع حرمت ہے قائل کو چاہیئے
کہ بہ یقین تمام اس امر کو جانے کہ حق کے
سوائے کوئی سامع نہیں ہے کیونکہ ذکر
قدیم ہے جو حادثہ سماعت سے سنا
نہیں جاتا چنانچہ کلام قدسی میں ہے ہمیشہ
بندہ نفل عبادت سے میرے نزدیک
ہوتا ہے یہاں نفل عبادت کے معنی
خالص بندگی کے ہیں حتیٰ کہ میں اس کے
کان اس کی آنکھ اس کی زبان اس
کا ہاتھ یا پاؤں بن جاتا ہوں جس
کو یہ بات حاصل ہو جائے تو وہ
حرمت کی حفاظت کر سکتا ہے اور جس
کو تصدیق نہ ہو وہ منافق ہے کیونکہ
وہ صرف زبان سے قائل ہے اس کے
دل میں کچھ بھی نہیں ہے اور آیت۔ اور بعض
لوگ ایسے بھی ہیں جو کہتے ہیں کہ ہم
اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان
لائے اور در اصل وہ مومن نہیں ہیں
اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ وہ دل
میں اللہ اور آخرت پر ایمان لانے کی
تکذیب کرتے ہیں اور جس کو تعظیم حاصل
نہ ہو تو وہ بدعتی ہے اور جو ماسوی اللہ
کی نفی کے بعد وحدانیت کو
ثابت نہ کرے تو وہ بھی بدعتی
ہے کیونکہ اس سے وہ بات
ظاہر ہوئی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

یصدر عن رسول اللہؐ بل ھو کامل فی اثبات الوحدانیۃ حتی قال انا احمد بلا میم وبھذا الحدیث یفھم تعظیم المذکورۃ ومن لم یحصل لہ ھذہ الحالۃ فھو مبتدع ومن لم یکن لہ حلاوۃ فھو مرائی ای من لم یرا لحق قائلا لا الہ الا اللہ ببصارۃ الحق فھو مرائی لانہ رای نفسہ قائلا فی قولہ لا الہ الا اللہ لم یذق حلاوۃ ذکر اللہ والریاء شرک خفی یبعد عن حلاوۃ ذکر اللہ لقولہ تعالی ولا یشرک بعبادۃ ربہ احدا ومن لم یکن لہ حرمۃ فھو فاسق ای من لم یکن فارغا عن سماع عند قول لا الہ الا اللہ فھو فاسق ومن لم یکن لہ یقینا ان لا یسمع الا اللہ ولا یتکلم بہ الا ھو فھو خارج عن طبقۃ الموحدین فکانہ فی دعوی المقام الوحدانیۃ

سے ظاہر نہ ہوئی بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو وحدانیت کے ثابت کرنے میں کامل ہیں حتیٰ کہ فرمایا کہ میں احمد بلا میم ہوں یعنی میں احد ہوں (آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم توحید میں اس قدر کامل تھے کہ اپنی ہستی کی نفی فرما دی اور اس کو احد سے ہی تعبیر فرمائی) اور اسی حدیث سے تعظیم مذکور سمجھ میں آتی ہے اور جس کو یہ حالت حاصل نہ ہو تو وہ ریاکار ہے۔ یعنی جس نے لا الہ الا اللہ کہتے ہوئے بصارت حق سے حق کو نہ دیکھا تو وہ ریاکار ہے کیونکہ وہ لا الہ الا اللہ کہتے ہوئے اپنے نفس کو دیکھ رہا ہے ایسے آدمی کو اللہ کے ذکر کی حلاوت نہیں مل سکتی اور ریاکاری شرک خفی ہے جو اللہ کے ذکر کی حلاوت سے دور ڈال دیتی ہے مانند قول اللہ تعالیٰ کے نہ شریک کرے اپنے رب کی عبادت میں کسی کو۔ اور جس کی حرمت حاصل نہ ہو تو وہ فاسق ہے یعنی جو آدمی لا الہ الا اللہ کہتے کے وقت یہ نہ سمجھے کہ حق کے سوائے دوسرا سامع نہیں ہے تو وہ فاسق ہے اور جس کو ایسا یقین نہ ہو کہ اللہ ہی سامع

كاذب فيما يدعى حيا بغير حقيقة فما اسهل الدعوى واعلم ان الطاعات كالصلوٰة والزكوٰة والحج وغير ذلك قد يشوبها الرياء والصدقة يشوبها الشبهات واما كلمة لا اله الا الله فان المؤمن لا يذكرها الا بصميم فؤاده فالاخلاص فيها موجود فلهذا وجب له الاخلاص فلو قالها بغير اخلاص لم يكن مومنا ولا خلاصا من عذاب الآخرة لقوله عليه السلام من قال لا اله الا الله حقا يقينا خالصا مخلصا دخل الجنة بلا حساب ولا عذاب كما قال التستری رح خرج يوم الجمعة من المسجد ونظر الى الناس فقال اهل لا اله الا الله كثير والمخلصون منهم قليل ونیز نقلست کہ حضرت میران ع فرمودند کہ کلمہ لا الہ الا اللہ بر چہار قسم است یکی لا الہ الا اللہ گفتنی [1] است دوم لا الہ الا اللہ دانستنی است

ہے اور اس سے اللہ ہی متکلم ہے تو وہ موحدین کے طبقہ سے خارج ہے گویا کہ وہ مقام وحدانیت کے دعویٰ میں جھوٹا ہے وہ زندہ ہے مگر زندگی کی حقیقت نہیں رکھتا اور دعویٰ تو ایک آسان بات ہے (مگر دعویٰ کا ثبوت مشکل ہے) اور جانو کہ طاعات مثلاً نماز زکوٰۃ اور حج وغیرہ کبھی ان سے بھی ریا مل جاتی ہے اور صدقہ میں شبہات آجاتے ہیں لیکن کلمہ لا الہ الا اللہ کا ذکر مومن خلوص دل ہی سے کرتا ہے اور اس میں اخلاص موجود رہتا ہے لہٰذا ذاکر کے لئے اخلاص واجب ہے اگر بغیر اخلاص کے کہے گا تو مومن نہ رہے گا اور نہ آخرت کے عذاب سے نجات پائے گا۔ بقول علیہ السلام کے جو شخص لا الہ الا اللہ یقین خالص سے کہیگا تو جنت میں بغیر حساب و عذاب کے داخل ہوگا چنانچہ تستری رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ مسجد سے جمعہ کے دن نکلے اور لوگوں کو دیکھا تو کہا لا الہ الا اللہ کہنے والے تو بہت ہیں اور خلوص سے کہنے والے تھوڑے ہیں اور نیز نقل ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ کلمہ لا الہ الا اللہ کی چار قسمیں ہیں اول لا الہ الا اللہ گفتنی ہے دوم لا الہ الا اللہ دانستنی ہے سوم

[1] گفتنی مثلاً سنگ در آب دانستنی مثلاً سنگ در آتش چشیدنی مثلاً شمع در آتش شدنی مثلاً نعل در آتش (از بیاض قلمی)

سوم لا الہ الا اللہ چشیدنی است چہارم لا الہ الا اللہ شدنی است این ہر سہ مرتبہ ہمہ انبیاء و اولیاء دارند یعنی علم الیقین وعین الیقین وحق الیقین ویکی قسم کہ لا الہ الا اللہ گفتنی ماندہ است ازمیان چہارم قسم صفت منافقان است کہ نفس ایمان ہم ندارند وکسیکہ نفس ایمان ہم ندارد از عذاب خدا چگونہ رہد مگر طالب صادق کہ روی دل خود را از غیر حق گردانیدہ است و روی دل خود را سوی مولی آوردہ است وہموارہ مشغول باخدا باشد واز دنیا واز خلق عزلت گرفتہ است وہمت از خود بیرون آمدن میکند این چنین کس راہم حکم ایمان کردہ اند ایمان این ست ای برادر مومن را باید کہ در مقام گفتن لا الہ الا اللہ یعنی لا الہ الا اللہ رود یعنی چنانچہ گویای لا الہ الا اللہ شدہ است دانای لا الہ الا اللہ شود چون دانائی لا الہ الا اللہ شدہ است روا بود کہ بنیادی لا الہ الا اللہ شود ہر کہ بنیادی لا الہ الا اللہ شد در حیرت وویل افتد از گفت و دانش وعلم باز ماند فلا علم ولا حس ولا شوق ولا انس ودر کلمہ لا الہ الا اللہ نفی معبود نیست جز حضرت جلت او و نفی چیز یکہ اثبات آں در عقل محال است

لا الہ الا اللہ چشیدنی ہے چہارم لا الہ الا اللہ شدنی ہے یہ تینوں مرتبے تمام انبیاء اور اولیاء رکھتے ہیں یعنے علم الیقین عین الیقین اور حق الیقین ان چاروں اقسام میں سے ایک قسم جو لا الہ الا اللہ گفتنی کی ہے وہ منافقوں کی صفت ہے جو نفس ایمان بھی نہیں رکھتے اور جو شخص کہ نفس ایمان بھی نہیں رکھتا ہے خدا کے عذاب سے کیونکر نجات پائے گا مگر طالب صادق جو اپنے دل کے رخ کو غیر حق سے پھیر لیا ہے اور اپنے دل کے رخ کو خدا کی طرف لایا ہے اور ہمیشہ خدا کے ساتھ مشغول رہتا ہے دنیا اور خلق سے عزلت اختیار کیا ہے اور خود سے باہر آنے کی ہمت کرتا ہے ایسے شخص پر بھی ایمان کا حکم کئے ہیں ایمان یہ ہے ای بھائی مومن کو چاہیئے کہ لا الہ الا اللہ کہنے کے مقام میں لا الہ الا اللہ کے معنی کا دھیان رکھے یعنے جیسا کہ لا الہ الا اللہ کا قائل ہوا ہے (اسی طرح) لا الہ الا اللہ کا دانا ہو جائے اور جب لا الہ الا اللہ کا دانا ہوا ہے تو جائز ہے کہ لا الہ الا اللہ کا بینا ہو جائے جو شخص کہ لا الہ الا اللہ کا بینا ہوتا ہے حیرت وتباہی میں پڑ جاتا ہے کہنے سمجھنے اور جاننے سے باز رہتا ہے پس نہ علم رہتا ہے نہ حس نہ شوق رہتا ہے نہ انس اور لا الہ الا اللہ کے کلمہ میں اس معبود کی نفی کرنا ہے جو خدائے تعالی کے سوائے ہے اور اس چیز کی نفی کرنا ہے جس کا ثبوت عقلاً محال ہے

ای برادر اگر عاشقی و در عشق صادقی نظر از حرف بردار و بر حقیقت آں معنی گمار تا مدّ و قصر از راہ توحید برخیزد و در ذیل وجودت در آوان شہودت نیاویزد و نباید کہ بحرف از معنی محجوب شوی وانچہ خواجۂ عالم صلی اللہ علیہ وسلم وا فرمود فاعلم انّہ لا الٰہ الا اللہ ترا ایں معنی است یعنی نظر از حرف بردار زیرا کہ حرف در عالم گفتنی بود نہ در عالم علم ای عزیز اگر از نفس کلمہ لبر معنی آں رسیدہ باسرار لاھو الا ھو روا بود کہ مکاشف شوی و نیز نقلست کہ حضرت میراں علیہ السلام فرمودند لا الٰہ الا اللہ بر دل کسی ایں مقدار بماند کسیکہ دانہ مونگ بر سر شاخ گاؤ بیندازد و آواز کند کند کار او تمام شود و نیز نقلست حضرت میراںؑ فرمودند کہ اگر لا الٰہ الا اللہ بر دل مومن ایں مقدار بماند چنانچہ خانہ پر پنبہ باشد آنجا ذرۂ آتش باندازند و فی الحال بیروں آرند آنجا کہ آں ذرہ افتادہ باشد آنجا سوختہ گردد ولیکن صفت لا الٰہ الا اللہ ایں چنیں ہست کہ ہمہ محبت ہای غیر حق تعالیٰ را سوختہ کند دای بر ما کہ در تمام عمر خود یک بار ایں چنیں نشد کہ بر دل ما لا الٰہ

اے بھائی اگر تو عاشق ہے اور عشق میں صادق ہے تو حرف پر نظر مت کر اس کے معنی کی حقیقت کو دیکھ تا کہ توحید کے راستہ سے مدّ و قصر اٹھ جائے اور شہود کے وقت تجھے وجود کے دامن میں نہ لٹکادے اور ایسا نہ ہو کہ حرف کے لحاظ سے معنی سے دور ہو جائے اور جو کچھ کہ خدا نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا کہ تو لا الٰہ الا اللہ کو جان اسی معنی کا بھید ہے یعنی حرف سے نظر اٹھاوے اس لئے کہ حروف کہنے کے مقام میں ہے نہ کہ علم کے مقام میں۔ ای عزیز اگر تو نفس کلمہ سے اس کے معنی کے بھید کو پہونچ جائے تو جائز ہے کہ تو لاھو الا ھو کے اسرار سے مقام کشف کو پہونچ جائے اور نیز نقل ہے کہ حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ لا الٰہ الا اللہ کسی کے دل پر اتنی مقدار ٹھیر جائے (جس طرح کہ) کوئی شخص مونگ کا دانہ گائے کی سینگھ پر ڈالے اور آواز کرے اس کا کام تمام ہو جائے اور نیز نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا اگر لا الٰہ الا اللہ مومن کے دل پر اس قدر ٹھیر جائے جیسا کہ ایک گھر روئی سے بھرا ہوا ہو وہاں ایک چنگاری ڈال دی جائے اور اسی وقت نکال لی جائے تو جس جگہ کہ وہ چنگاری ڈالی جاتی ہے وہ جگہ جل جاتی ہے ولیکن لا الٰہ الا اللہ کی صفت ایسی ہے کہ غیر اللہ کی ساری محبتوں کو جلا دیتی ہے ہم پر

الا اللہ ایں مقدار بماند قولہ تعالیٰ
فاذا قضیت الصلوٰۃ فانتشروا[1]
فی الارض وابتغوا من فضل
اللہ واذکروا اللہ کثیرا لعلکم
تفلحون واذا راوا تجارۃ او
لھوا انفضوا الیھا وترکوک
قائما قل ما عند اللہ خیر
من اللھو ومن التجارۃ واللہ
خیر الرازقین (جزء ۲۸ رکوع ۱۲)
وبندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ میر فرمودند
خدائے تعالیٰ تجارت را در قرآن لہو فرمودہ
است اللہ نور السمٰوٰت والارض
مثل نورہ کمشکوٰۃ فیھا
مصباح المصباح فی زجاجۃ الزجاجۃ
کانھا کوکب دری یوقد من
شجرۃ مبارکۃ زیتونۃ لا
شرقیۃ ولا غربیۃ یکاد زیتھا
یضیٔ ولو لم تمسسہ نار نور
علیٰ نور یھدی اللہ لنورہ
من یشاء ویضرب اللہ الامثال
للناس واللہ بکل شیٔ علیم

افسوس ہے کہ ہماری تمام عمر میں ایک بار بھی ایسا نہ ہوا کہ ہمارے دل پر لا الہ الا اللہ اتنی مقدار ٹھیر جائے فرمان خدا ہے کہ اور جب نماز ادا کردی جائے تو زمین پر (مسجد) میں پھیل جاؤ اور اللہ کے فضل کو چاہو (اللہ کی بینائی کو چاہو) اور اللہ کا ذکر کثیر کرو شاید تم کامیاب ہوسکو اور جب وہ کسی تجارت یا لہو کو دیکھتے ہیں تو اوس پر ٹوٹ پڑتے ہیں یا تجھے کھڑا کا کھڑا چھوڑ دیتے ہیں کہدے کہ اللہ کے پاس لہو اور تجارت کوئی عمدہ چیز نہیں اور اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔ اور بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ خدائے تعالیٰ قرآن میں تجارت کو لہو فرمایا ہے اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے اس کے نور کی مثال ایک طاقچہ کی ہے جس میں چراغ ہے اور چراغ ایک شیشے میں ہے شیشہ ایسا ہے گویا کہ وہ چمکتا ہوا تارہ ہے وہ چراغ روشن کیا جاتا ہے زیتون کے ایک مبارک درخت سے جو نہ مشرق میں ہے اور نہ مغرب میں قریب ہے کہ اس درخت کا تیل روشن ہوئے اگرچہ اس کو

---

[1] فانتشروا فی الارض - فتفرقوا فی المسجد وابتغوا من فضل اللہ - اطلبوا ما ھو افضل لکم یعنی علم السر والتوحید والزھد والتوکل (ملاحظہ ہو تفسیر ابن عباسؓ) تو زمین پر پھیل جاو - یعنی علیحدہ علیحدہ ہوجاؤ مسجد میں اور اللہ کے فضل کو چاہو اس چیز کو طلب کرو جو تمہارے لئے افضل ہے یعنی علم باطن توحید زہد اور توکل طلب کرو۔

فی بیوت اذن اللّٰہ ان ترفع ویذکر فیہا اسمہ یسبح لہ فیہا بالغدو والاصال رجال لاتلھیھم تجارۃ ولا بیع عن ذکر اللّٰہ (جزو ۱۸ رکوع ۱۱)

یعنی مرد خدا را بیع مشغول نکند از یاد خدائے تعالیٰ قال علیہ السلام لا الہ الا اللّٰہ ۔ ینبت الایمان کما ینبت الماء البقلۃ ۔

پیش ازیں بود ہزار اندیشہ
اکنوں ہمہ لا الہ الا اللّٰہ

کقولہ تعالیٰ کلا بل ران علی قلوبھم ما کانوا یکسبون کلا انھم عن ربھم یومئذ لمحجوبون ثم انھم لصالوا الجحیم (جزو ۳۰ رکوع ۸)

انفاس پاسدار اگر مرد عارفی
ملک دو کون ملک تو گردد بیک نفس
ہر یک نفس کہ میرود از عمر گوہر لیست
کانرا خراج ملک دو عالم بود بہا
مپسند کایں خزانہ دہی رائگاں بیاد
انگہ روی بخاک تہیدست وبی نوا

آگ نہ بھی چھوئے تو نور علی نور ہو گیا اللہ جس کو چاہتا ہے اپنے نور کا راستہ بتا دیتا ہے اللہ لوگوں کے فائدے کے لئے مثالیں بیان کرتا ہے اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے (وہ چراغ روشن ہوتا ہے) ایسے گھروں میں کہ اللہ نے حکم دیا ہے ان کے درست کرنے کا اور اس کا کہ وہاں اس کا نام لیا جائے اس میں اللہ کی تسبیح کرتے رہتے ہیں صبح وشام ایسے لوگ جن کو نہیں غافل کرتی سوداگری اور نہ خرید وفروخت اللہ کے ذکر سے

یعنی طالب مولیٰ کو خرید وفروخت خدا کے ذکر سے غافل[1] نہیں کرتی ۔ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ لا الہ الا اللّٰہ کا ذکر ایمان کو ایسا اگاتا ہے جیسا کہ پانی ترکاری کو ۔

اس سے پہلے ہزار اندیشے تھے
اب سب لا الہ الا اللہ ہو گیا ہے

مانند قول اللہ تعالیٰ کے نہیں نہیں بلکہ زنگ جما دیا ان کے دلوں پر ان اعمال نے جو وہ کیا کرتے تھے نہیں نہیں بیشک وہ اپنے پروردگار سے اس روز محجوب ہوں گے پھر یہ لوگ ضرور دوزخ میں داخل ہوں گے اگر تو مرد عارف ہے تو انفاس کی حفاظت کر (تاکہ

---

[1] یعنی تارک دنیا طالب مولیٰ کو اگر کوئی چیز خدا کی راہ میں آئی اور وہ طالب مولیٰ اس کو بیچ کر کچھ ضرورت کی چیز خریدے تو یہ خرید وفروخت اس کو خدا کے ذکر سے غافل نہیں کرتی ۔ ۱۲

دلی کز یاد مولیٰ نیست خرم
مبادا ہیچگاہے خالی از غم
کس این کند کہ دل از یار خویش بردارد
مگر کسیکہ دل از سنگ سخت تر دارد
تا بجاروب لا نروبی راہ
کی رسی در سرائے الا اللہ

قال علیہ السلام لکل شئی مصقلۃ ومصقلۃ القلب ذکر لا الٰہ الا اللہ۔ قال سبحانہ وتعالیٰ ومن اعرض عن ذکری فان لہ معیشۃ ضنکا ونحشرہ یوم القیٰمۃ اعمیٰ قال رب لم حشرتنی اعمیٰ وقد کنت بصیرا قال کذالک اتتک ایٰتنا فنسیتہا وکذٰلک الیوم تنسیٰ (جز ۱۶ رکوع ۱۶) کلام قدسی یا ابن آدم تفرغ لعبادتی املأ صدرک غنا واسد فقرک وان لم تفعل ملأت یدک شغلا ولم اسد فقرک۔ قول۔ لکل شئی عقوبۃ وعقوبۃ المحبۃ الانقطاع عن الذکر

پس لعنت بر آں حیات کہ دراں تنگی باشد وبغیر ذکر یک دم ہم برود۔

دونوں جہاں کا ملک تیری ایک سانس کی ملک ہے
ہر ایک دم جو عمر سے جاتا ہے وہ ایک ایسا گوہر ہے
کہ اوسکی قیمت دونو جہاں کا محصول ہے
پسند نہ کر کہ یہ خزانہ تو برباد کردے
اس وقت تو خالی ہاتھ اور بغیر توشہ کے خاک میں جائگا
جو دل کہ مولیٰ کی یاد سے خوش نہیں
ایسا نہ ہو کہ وہ کسی وقت غم سے خالی رہے
کون یہ کر سکتا ہے کہ اپنے یار سے دل ہٹالے
مگر وہی شخص جو پتھر سے زیادہ سخت دل رکھتا ہے
جبتک کہ تو لا کی جھاڑو سے راستہ صاف نہ کرے
الا اللہ کے محل میں کیونکر پہونچے

نبی علیہ السلام نے فرمایا ہر چیز کا ایک صیقل ہوتا ہے اور دل کا صیقل لا الٰہ الا اللہ کا ذکر ہے اور اللہ پاک فرماتا ہے جو میرے ذکر سے منھ پھیرے تو اوس کے لئے تنگ معیشت ہوگی اور قیامت کے دن ہم اوس کو اندھا اٹھائیں گے وہ کہیگا اے رب میرے تونے مجھے اندھا کرکے کیوں اٹھایا میں تو بینا تھا تو فرمائے گا کہ کیا یوں ہی تیرے پاس ہماری آیتیں آئی تھیں جو تو بھول گیا اور اسی طرح آج تو بھولا جائے گا کلام قدسی ہے اے آدم کے بیٹے تو میری عبادت کے لئے وقف ہوجا میں تیرے سینہ کو توانگری سے بھردونگا اور تیری محتاجی کو بند کردونگا۔ اور اگر تو میری عبادت نہیں کریگا تو تیرے ہاتھ کو شغل سے بھردونگا اور تیرے فقر کو بند نہیں کرونگا ایک قول ہے کہ ہر چیز کے لئے عذاب ہے اور محبت کا عذاب معشوق کو یاد نہ کرنا ہے پس لعنت اوس حیات پر کہ جس میں تنگی ہو اور ایک سانس بھی بغیر ذکر کے جائے۔

رباعی

آں روز خود مباد کہ بے یار بگذرد
گرچہ ہزار عیش بود زار بگذرد
افسوس صد ہزار کہ بے تو رود دمے
لعنت بر آں حیات کہ بے یار بگذرد

سعدی چو وصل یار میسر نہ می شود

باری بیاد دوست زمانہ بسر بری
با ما بزبان یاری دل با دگراں داری
انصاف چنیں باشد شاباش زہی یاری
زندگانی نتواں گفت حیاتیکہ مراست
زندہ آنست کہ با دوست وصالی دارد

رباعی

تا دل ز وجود خویش برکندہ نۂ
در بند خودی خدای را بندہ نۂ
گیرم کہ تو جانی و جہاں زندہ بتست
تا زندہ بجاناں نشوی زندہ نۂ
ہر دمی کاں غیر یاد حق رود
اندراں دم غافل و میت بود

انما الذکر روح الذاکرین فانہم ماتوا اذا لم یذکروا مولیہم قال علیہ السلام الانفاس معدودۃ وکل

رباعی

وہ دن ہی نہ آئے کہ بغیر یار کے گزرے
اگرچہ ہزار عیش ہو زاری میں گزرے
افسوس صد ہزار افسوس کہ بغیر تیرے (ذکر کے) ایک دم جائے
اس حیات پر لعنت ہو جو بغیر یار کے گزرتی ہے

اے سعدی جب دوست کا وصل حاصل نہیں ہوتا ہے

تو کم سے کم دوست کی یاد میں تو زندگی بسر کر
زبان سے ہمارے ساتھ دوستی جتاتا ہے دل اغیار سے لگا رکھا ہے
کیا انصاف اسی کو کہتے ہیں شاباش کیا اچھا دوستی جتاتا ہے
جو میری زندگی ہے اس کو زندگی نہیں کہہ سکتے
وہی شخص زندہ ہے جو دوست میں واصل ہے

رباعی

جبتک کہ تو اپنے وجود سے برداشتہ نہ ہو جائے
خودی کے دام میں ہے خدا کا بندہ نہیں ہے تو
میں نے مانا کہ تو سبکی جان ہے اور جہان تجھ سے زندہ ہے
لیکن جب تک تو جاناں کی محبت میں مر کر زندہ نہ ہو تو زندہ نہیں ہے
جو دم کہ غیر اللہ کی یاد میں نکلتا ہے اس وقت غافل اور میت ہے
سوائے اس کے نہیں کہ ذکر ذاکرین کی روح ہے

کیونکہ جب وہ ذکر نہیں کرتے تو مر جاتے ہیں نبی علیہ السلام نے فرمایا انسان کی سانس گنی ہوئی ہیں جو سانس بغیر یاد الہٰی کے نکلتی ہے وہ مردہ ہے۔ کہتے ہیں کہ آدمی کے وجود میں

نفس یخرج بغیر ذکر اللہ فھو میت
ومیگویند کہ در وجود آدمی در شب و روز بست
و چہار ہزار دم روانست اندراں وجہا یکدم
ہم بغیر ذکر خدائے تعالیٰ برود مردہ است

ایں دم کہ دمی داری دریاب بکن کارے
ایں فرصت یکدم را عمر ابدی گرداں

پس صفت مردگی مومن را نباشد قال علیہ
السلام المؤمن حی فی الدارین
قال علیہ السلام الا ان اولیاء
اللہ لا یموتون بل ینتقلون
من دار الی دار۔ ایں صفت مردگی
از آں کافراں است کما قال اللہ تعالیٰ
انک لا تسمع الموتیٰ ولا تسمع
الصم الدعاء اذا ولوا مدبرین
الآیۃ وما انت بمسمع من
فی القبور از کلام خدا و از قول رسول
علیہ السلام معلوم شد کہ اگر یکدم بغفلت
برود آنکس مردہ است و غافل تواں گفت
کقولہ تعالیٰ واذکر ربک
فی نفسک تضرعا وخیفۃ
ودون الجہر من القول
بالغدو والآصال ولا تکن
من الغافلین (جزء ۹ رکوع ۴)
وقال سعید بن عبد اللہ
ما من احد ذھب منہ
نفس واحد بغیر ذکر اللہ الا

دن اور رات میں چوبیس ہزار بار سانس چلتی
ہے اونمیں سے ایک سانس بھی جو بغیر ذکر خدا کے
نکلتی ہے مردہ ہے۔

اس وقت جو دم رکھتا ہے ضائع مت کر کوئی کام کر لے
اس ایک دم کی فرصت کو عمر جاوید بنا

پس مردگی کی صفت مومن میں نہیں ہونی چاہئے نبی
علیہ السلام نے فرمایا مومن دارین میں زندہ ہے نبی علیہ السلام
نے فرمایا سنو تحقیق کہ اولیاء اللہ مرتے نہیں بلکہ ایک
گھر سے دوسرے گھر میں منتقل ہوتے ہیں۔ یہ مردگی
کی صفت کافروں کی ملک سے ہے چنانچہ اللہ
تعالیٰ فرماتا ہے کہ تو نہیں سنا سکتا مُردوں
کو اور نہیں سنا سکتا بہروں کو پکارنا جب
کہ وہ روگردانی کریں منہ پھیر کر نیز جو لوگ قبروں میں
ہیں تو ان کو سنانے والا نہیں ہے خدا کے کلام اور
فرمان رسول علیہ السلام سے معلوم ہوا کہ اگر ایک دم غفلت
میں (بغیر ذکر خدا) جائے تو وہ شخص مردہ ہے
اور (اوس کو) غافل کہہ سکتے ہیں مانند قول اللہ
تعالیٰ کے تو اپنے رب کو اپنے جی میں عاجزی
سے اور پوشیدہ بغیر پکار کر کہنے کے صبح و شام
یاد کر اور غافلوں سے مت ہو اور سعید ابن عبد اللہ
نے فرمایا کوئی آدمی ایسا نہیں ہے کہ اوس
کی ایک سانس بغیر یاد الٰہی کے
نکلی ہو مگر وہ غافل ہے پس غفلت
مومن کی صفت نہیں۔ اور
اور حق تعالیٰ نے جہاں کہیں غفلت

وھو غافل پس غفلت صفت
مومن نیست وغفلت ہر جا کہ فرمود در
حق کافراں فرمود بلکہ صفت کافران است
ومصطفیٰ علیہ السلام را نہی کرد کہ مباش
یا محمد از جملہ غافلاں پس ماراچوں باید کہ
درغفلت باشیم پس اگر غفلت ہست
صفت ایمان کجا است پس ایں غفلت
در دوزخ ببرد کما قال اللہ تعالیٰ
ولقد ذرانا لجہنم کثیراً
من الجن والانس لھم قلوب
لایفقھون بھا ولھم
اعین لایبصرون بھا ولھم
اذان لایسمعون بھا اولئک
کالانعام بل ھم اضل
اولئک ھم الغفلون (جزء ۹
رکوع ۱۲) ودر باب غفلت بسیار آیتہا
است ۔ وحق تعالیٰ ہر دو وقت را بہ تخصیص
یاد کرد وفرمود کہ مراد ازیں ہر دو وقت
تمام شب وروز است ونیز نقلست
حضرت میراں علیہ السلام فرمودند کیے وقت
سلطان اللیل ویکے وقت سلطان النہار
است وکلام میراں علیہ السلام است کہ ہر
کہ ایں ہر دو وقت را ضائع کند آنکس فقیر
دین خدا نیست پس از کلام خدا ورسول ؑ
وقول مہدی ؑ معلوم شد کہ بغیر ذکر کثیر
از دوزخ فلاح نیست کقولہ تعالیٰ

کا ذکر فرمایا ہے کافروں کے حق میں فرمایا بلکہ
غفلت کافروں کی صفت ہے اور مصطفیٰ
علیہ السلام کو منع کیا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ
وسلم غافلوں سے مت ہو پس ہمارے
لئے کیونکر روا ہوسکتا ہے کہ غفلت میں رہیں
پس اگر غفلت ہے تو ایمان کی صفت
کہاں رہی پس یہ غفلت دوزخ میں لے جائے گی
چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور ہم
نے پیدا کئے ہیں جہنم کے لئے
بہتیرے جن اور انسان ان کے دل ہیں کہ ان
سے سمجھتے نہیں اور ان کی آنکھیں ہیں کہ ان سے
دیکھتے نہیں اور ان کے کان ہیں کہ ان سے سنتے
نہیں وہ لوگ مانند چارپایوں کے ہیں بلکہ ان
سے بھی زیادہ گمراہ ہیں وہی لوگ غافل ہیں
اور غفلت کے باب میں بہت سی آیتیں ہیں۔
اور حق تعالیٰ نے دونوں وقتوں (صبح وشام)
کو بہ تخصیص یاد کیا اور فرمایا ان دونوں
وقت سے مراد تمام رات اور تمام دن ہے۔
اور نیز نقل ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام
نے فرمایا ایک وقت سلطان اللیل ہے اور ایک وقت
سلطان النہار ہے اور حضرت مہدی ؑ کا کلام ہے کہ
جو شخص کہ ان دونوں وقتوں کو ضائع کرے
وہ دین خدا کا فقیر نہیں۔ پس کلام خدا ورسول ؑ
اور قول مہدی علیہ السلام سے معلوم ہوا
کہ ذکر کثیر کے بغیر دوزخ سے نجات
نہیں مانند قول اللہ تعالیٰ کے تم اللہ

و اذکروا اللّٰہ کثیرا لعلکم تفلحون۔ پس ہر کہ بعد از فارغ شدن از ہر نمازی پراگندہ نشود و در زمین فضل خدائے تعالیٰ بجوید یعنی بینائی و ذکر کثیر نکند تحقیق از عذاب خدا فلاح نیابد وایں نشستن دو کسال بعد از ہر نمازی و حکایت لایعنی کردن خلاف کلام خدائے تعالیٰ وخلاف رسول علیہ السلام وخلاف مہدی علیہ السلام است و نیز نقلست حضرت مہدی علیہ السلام ذکر پنج پاس را ذکر کثیر فرمودند و ذکر کثیر بدیں ترتیب فرمودند کہ از اول صبح تا یک و نیم پاس و بعد از ظہر تا وقت عشاء در یاد خدا باشند تا شب و روز ازو ضائع نرود و ذکر قلیل را صفت منافقاں فرمودند قولہ تعالیٰ ان المنٰفقین یخٰدعون اللّٰہ و ھو خادعھم و اذا قاموا الی الصلوٰۃ قاموا کسالیٰ یراءٓون الناس ولا یذکرون اللّٰہ الا قلیلا (جزء ۵ رکوع ۱۸) و میراں جیو سہ پاس را ذکر قلیل فرمودند و چہار پاس ذکر مشرکاں فرمودند یعنی چہار پاس در یاد حق باشد و چہار پاس بغیر حق مشغول شود یعنی دوستی حق و دوستی شیطان برابر کند کقولہ تعالیٰ ومن الناس من یتخذ من

کا بہت ذکر کرو شاید تم کامیاب ہو۔ پس جو شخص کہ ہر ایک نماز سے فارغ ہونے کے بعد پراگندہ نہ ہو اور خدائے تعالیٰ کی زمین میں فضل نہ ڈھونڈے یعنی بینائی (طلب نہ کرے) اور ذکر کثیر نہ کرے تحقیق کہ وہ خدا کے عذاب سے نجات نہ پائے اور یہ دو اشخاص کا ہر نماز کے بعد بیٹھنا اور لایعنی حکایتیں بیان کرنا خدائے تعالیٰ کے کلام اور رسول و مہدی علیہما السلام کے خلاف ہے اور نیز نقل ہے حضرت مہدی علیہ السلام نے پانچ پہر کے ذکر کو ذکر کثیر فرمایا ہے اور ذکر کثیر اس ترتیب سے فرمایا کہ اول صبح سے ڈیڑھ پہر تک اور ظہر کے بعد سے عشاء کے وقت تک خدا کی یاد میں رہیں تاکہ اس سے رات دن ضائع نہ ہوں اور ذکر قلیل کو منافقوں کی صفت فرمایا (چنانچہ) اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تحقیق منافقین اللہ سے دغا بازی کرتے ہیں اور اللہ بھی ان کو دغا دے گا اور جب نماز پڑھنے اٹھتے ہیں تو سست و کاہل ہو کر کھڑے ہوتے ہیں لوگوں کو دکھانے کی نماز پڑھتے ہیں۔ اور اللہ کو بہت کم یاد کرتے ہیں۔ اور حضرت مہدی علیہ السلام نے تین پہر کے ذکر کو ذکر قلیل فرمایا اور چار پہر کے ذکر کو ذکر مشرکاں فرمایا یعنی چار پہر خدا کی یاد اور چار پہر غیر خدا کی یاد میں مشغول رہتے ہیں یعنی حق کی اور شیطان کی دوستی کو مساوی کرتے ہیں۔ مانند قول اللہ تعالیٰ کے

ومن الناس من یتخذ من دون اللہ اندادا یحبونھم کحب اللہ والذین آمنوا اشد حبا للہ (جزء ۲ رکوع ۴) پس ہر کسیکہ دوستی بسیار باشد ذکر او بسیار تر باشد قال علیہ السلام من احب شیئا اکثر ذکرہ قال اللہ تعالیٰ واذا ذکر اللہ وحدہ اشمأزت قلوب الذین لا یؤمنون بالآخرۃ واذا ذکر الذین من دونہ اذا ھم یستبشرون ہیچ یکی از مہاجران رضی اللہ عنہ نہ شنیدیم نہ از بندگی سید خوندمیر رضی اللہ عنہ و نہ از مہاجران رض دیگر کہ این نفاق را نفاق مراتبی گویند و بعضی کسان این را نفاق مراتبی میگویند پس او بیان میراں ع را تاویل و تحویل کردہ با حال خود موافق میکنند و این بیان از مہدی علیہ السلام نیست و نیز نقلست کہ در موضع بھیلوٹ میراں سید محمود رض بعد از یک دو ہفتہ محضر میکردند روزیکہ این محضر شدہ بود در انجا اکثر مہاجران رض حاضر بودند ہمچو میراں سید محمود رض و میاں دلاور رض و ملک معروف و میاں لاڑا امام رض و میاں سید سلام اللہ رض بلکہ اکثر مہاجران رض و چند طالبان خدا در دائرہ بودند و میراں سید محمود رضی اللہ عنہ نام ہر یک مہاجر رض را علیحدہ علیحدہ بزبان مبارک گرفتہ

اور لوگوں میں سے بعض وہ لوگ ہیں جو غیر اللہ کو شریک ٹھیراتے ہیں اور غیر اللہ سے ایسی محبت رکھتے ہیں جیسی کہ اللہ سے رکھنا چاہیئے اور مومنوں کو سب سے زیادہ محبت خدا ہی سے ہوتی ہے پس جس کسی کے ساتھ دوستی بہت ہوتی ہے اوس کا ذکر بھی زیادہ تر ہوتا ہے نبی ع نے فرمایا جس کو کسی چیز کی زیادہ محبت ہوتی ہے تو اس کو اس کی یاد بھی زیادہ ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جب خدائے واحد کا ذکر کیا جاتا ہے تو سخت ہو جاتے ہیں ان لوگوں کے دل جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہیں اور جب غیر اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو یکایک وہ خوش ہو جاتے ہیں ہم نے مہاجرین رضی اللہ عنہ میں سے نہ کسی ایک مہاجر رضی اللہ عنہ سے یہ بات سنی نہ بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ سے اور نہ دوسرے مہاجرین سے کہ اس نفاق کو نفاق مراتبی کہتے ہیں اور بعض اس کو نفاق مراتبی کہتے ہیں پس وہ مہدی علیہ السلام کے بیان میں تاویل اور تحویل کرکے اپنے حال کے مطابق کرتے ہیں حالانکہ یہ بات مہدی ع کے بیان سے نہیں ہے اور نیز نقل ہے کہ موضع بھیلوٹ میں میراں سید محمود رض ایک یا دو ہفتہ کے بعد محضر کرتے تھے جس روز کہ یہ محضر ہوا تھا وہاں اکثر مہاجرین حاضر تھے مثلاً میراں سید محمود رض و میاں دلاور رض ملک معروف رض و میاں لاڑا امام رض میاں سید سلام اللہ رض بلکہ اکثر مہاجرین رض و چند طالبان خدا دائرہ میں تھے اور میراں سید محمود رض نے ہر ایک مہاجر رضی اللہ عنہ کا نام علیحدہ علیحدہ

فرمودند کہ ایں بندہ درمیان شما برادر خردتر ہستم
انچہ از میراں علیہ السلام معلوم کردید شما بگوئید
بعدہ مہاجراں رضؓ فرمودند کہ خوندکار بفرمائید تا چند
بار میاں ہمدیگر ایں سخن تکرار شد۔ میراں السید محمودؓ
فرمودند کہ حضرت میراں علیہ السلام چنیں فرمودند
کہ ذکر کثیر کنید حضرت میراںؑ ذکر کثیر بکدام ترتیب
فرمودند ہمہ مہاجراں رضؓ عرض کردند بدیں ترتیب
کہ از اول صبح تا یک و نیم پاس در حجرہ باشید
و دو کس یکجا ننشینید و بعد از ظہر تا وقت عصر مشغول
باشید بعد عصر تا وقت مغرب بیان بشنوید بعد
از مغرب تا وقت عشاء ذکر کنید و اگر کسی از حجرہ
درمیان یک و نیم پاس بیرون آید حجرہ را پارہ
پارہ کنید و دست گرفتہ از دائرہ بکشید اگر
چہ ایں بندہ باشد ہمچناں بکنید ہمہ یاراں رضؓ قبول
کردند بعدہ میراں سید محمود رضؓ دیگر روز در حجرۂ میاں
خوند شیخ رضؓ پنہاں نشستند کہ تا بہ بینم کہ کدام کس
از حجرہ پیش از یک و نیم پاس بیروں خواہد آمد
بعد از چند ساعت یک مہاجر رضؓ از حجرۂ خود
آہستہ آہستہ بیروں آمد میراں سید محمود رضؓ
دیدند و فرمودند کہ دست گرفتہ بیارید میاں
خوند شیخ رضی اللہ عنہ اورا دست گرفت و گفت
کہ بیا کہ میراں سید محمود رضؓ می طلبند او گفت
کہ میراں رضؓ کجا اند میاں خوند شیخ رضؓ گفت
کہ در حجرۂ بندہ نشستہ اند آں برادر ہر دو
انگشت خود در دہاں آورد و گفت کہ مرا مبرید
میاں مذکور پیش میراں رضؓ آورد میراں رضؓ فرمودند

زبان مبارک سے لے کر فرمایا کہ یہ بندہ تمہارے درمیان
بہت چھوٹا بھائی ہے تم نے مہدی علیہ السلام سے
جو کچھ تعلیم پائی ہے بیان کرو اس کے بعد تمام مہاجرین
رضی اللہ عنہم نے فرمایا کہ خوندکار فرمائیں یہی گفتگو چند
بار آپس میں ہوئی (بالآخر) میراں سید محمود رضؓ نے فرمایا کہ
حضرت مہدی عؑ نے ایسا فرمایا کہ ذکر کثیر کرو حضرت مہدی
علیہ السلام نے ذکر کثیر کس ترتیب سے بیان فرمایا تمام
مہاجرین رضؓ عرض کئے اس ترتیب سے کہ اول صبح سے ڈیڑھ پہر
تک حجرہ میں رہیں اور دو شخص ایک جگہ نہ بیٹھیں اور
ظہر کے بعد سے عصر کے وقت تک خدا کی یاد میں مشغول
رہیں بعد نماز عصر مغرب تک بیان سنیں بعد نماز مغرب
عشاء تک ذکر کریں اور اگر کوئی شخص ڈیڑھ پہر کے درمیان
اپنے حجرہ سے باہر آئے تو اس کے حجرہ کو پارہ پارہ کریں اور اس کا
ہاتھ پکڑ کر دائرہ کے باہر کر دیں اگرچہ یہ بندہ ہو ایسا ہی کریں تمام
یاروں نے قبول کیا اس کے بعد میراں سید محمود رضؓ دوسرے
روز میاں خوند شیخ رضی اللہ عنہ کے حجرہ میں پوشیدہ بیٹھے
یہ دیکھنے کے لئے کہ ڈیڑھ پہر کے درمیان کون شخص حجرہ سے باہر
آتا ہے چند ساعت کے بعد ایک مہاجر رضؓ آہستہ آہستہ اپنے
حجرہ سے باہر آئے اور میراں سید محمود رضؓ نے دیکھا اور فرمایا کہ
ہاتھ پکڑ کر لاؤ۔ میاں خوند شیخ رضؓ نے ان کا ہاتھ پکڑ کر کہا کہ چلو
میراں سید محمود رضؓ نے بلایا ہے انہوں نے کہا کہ میراں رضؓ کہاں
ہیں میاں خوند شیخ رضؓ نے کہا کہ بندہ کے حجرہ میں بیٹھے
ہیں اس برادر نے دو انگلیاں منہ کے
پاس لائے اور کہا کہ مجھ کو مت
لے جاؤ (لیکن) میاں مذکور میراں
رضی اللہ عنہ کے حضور میں لائے میراں رضؓ

کہ ای فلاں کس ما و شما ہمہ برادراں چہ محضر کردہ بودیم بعدہ آنکس گفت کہ میراں جیو ہیزم دیروز یکجا کردہ گذاشتہ بودم کہ مبادا آنرا کسے بردازیں جہت شتاب بیروں آمدم میراں رضی اللہ عنہ فرمودند کہ واپس بروید کہ ہیچکس ہیزم شما نخواہد برد فائدہ جمعیت اینست وجمعیت ایں را میگویند. ونیز

نقلست کہ حضرت میراںؑ در حجرۂ میاں سید امین محمدؓ ومیاں یوسفؓ از جہت نماز فجر بسرما چوں بہ تنور گرم شدہ رفتند چہ بینند کہ در تنور نانہا چسپانیدہ اند حضرت میراںؑ فرمودند کہ میاں امین محمد ومیاں یوسف ایں کار شما نیست کہ دریں وقت نان بپزید ایشاں گفتند کہ میرانجیو تنور گرم شدہ بود ازیں جہت نان چفسانیدیم حضرت میراں علیہ السلام فرمودند کہ دریں وقت نباید پخت پس حضرت میراںؑ را مادام ایں کوشش بود کہ شب وروز دریاد حق تعالی باشید وہر دو کس یکجا منشینید وحکایت ہای دینوی بلکہ قرآن خواندن مبتدی را منع کردند فرمودند کہ دل غافل میشود و باید دانست کہ حدیث لایعنی بغایت زشت است ہر چیز یکہ دراں غایت دین ونیت تیمار دین تو ندارد آں ہمہ لایعنی است وہر قول وفعل کہ برای حق است وسوی حق راہ دارد آں لایعنی نیست کقولہ تعالی

نے فرمایا کہ اے فلاں شخص ہم اور سب بھائیوں نے کیا اتفاق کیا تھا اس کے بعد اس برادر نے کہا کہ میراں جیو گذشتہ روز میں نے لکڑیاں ایک جگہ رکھ چھوڑی تھیں اس خیال سے کہ کوئی نہ لے جائے جلد باہر آگیا میراں رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ واپس جاؤ تمہاری لکڑیاں کوئی نہیں لے جائے گا جمعیت کا فائدہ یہ ہے اور جمعیت (خدا کی جمعیت کا اجماعی اتفاق) اس کو کہتے ہیں اور نیز نقل ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام موسم سرما میں فجر کی نماز کے لئے میاں سید امین محمدؓ اور میاں یوسفؓ کے حجرہ میں گرم تنور کے پاس گئے تو آپ نے دیکھا کہ تنور میں روٹیاں لگائی گئی ہیں حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا میاں امین محمد و میاں یوسف یہ تمہارا کام نہیں کہ اس وقت روٹیاں پکائیں انہوں نے کہا کہ میراں جیو تنور گرم ہو چکا تھا اس لئے روٹیاں لگائی گئیں حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ اس وقت نہیں پکانا چاہیئے پس حضرت مہدیؑ کی ہمیشہ یہ کوشش تھی کہ رات دن حق تعالی کی یاد میں رہیں اور دو شخص ایک جگہ نہ بیٹھیں اور دنیا کے قصوں بلکہ قرآن پڑھنے سے مبتدی کو منع کیا اور فرمایا کہ دل غافل ہوتا ہے اور جاننا چاہیئے کہ بیکار باتیں بیحد بری ہیں ہر وہ چیز کہ جس میں دین کا مقصد اور تیرے دین کے معالجہ کی نیت نہ رکھتی ہو وہ سب فضول ہے اور جو قول و فعل کہ خدا کے لئے ہے اور خدا کے راستہ پہ ہے وہ فضول نہیں ہے مانند قول اللہ تعالی کے کہ کہدے

قل ان صلاتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ رب العلمین لاشریک لہ وبذلک امرت وانا اول المسلمین (جزء ۸ رکوع ۷) اعلم ان علامۃ اعراض اللہ عن العبد اشتغالہ بما لا یعنیہ وان امرءً ذہبت ساعۃ من عمرہ فی غیر ما خلق لہ لخسر وطالت حسرتہ ومن جاوز الاربعین ولم یغلب خیرہ علی شرہ فلیستحضر الی النار ومن عمرہ اللہ ستین سنۃ فقد اعذر فی العمر۔ پس از تفکر باید کرد کہ دعوی ما ہمچنان است کہ از ہمہ بازایم وخلایق را ہم گذاشتیم باایں ہم دنبالہ کار نباشیم و ذکر خدا نکنیم اگر در لایعنی عمر گذرانیم نہ دین باشد نہ دنیا۔ کقولہ تعالی خسر الدنیا والاخرۃ ذالک ہو الخسران المبین (جزء ۱۷ رکوع ۹)

از نکتہ مقصود نشد فہم حدیثی
لادین ولا دنیا بیکار ماندہ ایم

قولہ تعالی فاذکروا اللہ قیاما وقعودا وعلی جنوبکم فاذا اطمانتم

کہ میری نماز اور سب عبادتیں اور میرا جینا اور مرنا سب اللہ کے لئے جو سارے جہاں کا پروردگار ہے کوئی اس کا شریک نہیں اور اسی توحید کا مجھ کو حکم ہوا ہے اور میں سب سے پہلا مسلمان ہوں۔ جان کہ بندے سے خدا کی روگردانی کی علامت اس کا لایعنی کاموں میں مشغول ہونا ہے اگر آدمی کی عمر کی ایک ساعت بھی بیکار کاموں میں صرف ہو تو خسارہ میں آیا اور اس کی حسرت دراز ہو گئی اور جس کی عمر چالیس سال سے متجاوز ہو اور اس کی نیکی اس کی برائی پر غالب نہ ہو تو اس کو چاہیئے کہ دوزخ میں جلنے کے لئے تیار رہے اور جس کی عمر خدا نے ساٹھ برس کی ہو تو وہ عمر میں معذور ہو گیا ہے پس ہم کو فکر کرنی چاہیئے کہ ہمارا دعویٰ تو ایسا ہے کہ ہم نے ساری چیزوں کو ترک کر دیا اور اخلایق کو بھی چھوڑ دیئے اس پر بھی ہم کام کے درپے نہیں ہوتے اور خدا کا ذکر نہیں کرتے اگر ہم بیکاری میں عمر صرف کریں تو نہ دین رہے گا نہ دنیا مانند قولہ اللہ تعالی کے اس نے گنوائی دنیا اور آخرت۔ یہی ہے کھلا گھاٹا۔

مقصود کے نکتہ کی کوئی بات سمجھ میں نہ آئی
نہ دین ہے نہ دنیا بیکار ہی رہے

فرمان خدا ہے کہ پس تم اللہ کا ذکر کرتے رہو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے پھر جب تم مطمئن ہو جاؤ تو نماز

فاقیموا الصلوٰۃ ان الصلوٰۃ کانت علی المؤمنین کتٰبًا موقوتا (جزء ۵ رکوع ۱۲) پس ذکر اللہ فرض دوام است کسیکہ فرض دوام ادا نہ کند فرض وقت از و قبول نشود والا ہم للمبتدی قولہ لا الٰہ الا اللہ وھی دوام الذکر القوی الخفی بشرط النفی والاثبات بحیث ینفی بلا الٰہ الا اللہ ۔ الخواطر خیر کانت اوشرا ویثبت باللہ ویحضر بقلبہ قال علیہ السلام من لم یود فرضا دائما لم یقبل منہ الفرض الموقت ذکر اللہ فرض دوام است و ہیچ حالتی ساقط نہ شود زیرا کہ مشروط بہ شرطی نیست پس ازیں جہت ہم معلوم میشود کہ ذکر اللہ در جمیع فرائض اہم مطلوب است کما قال اللہ تعالیٰ اتل ما اوحی الیک من الکتٰب واقم الصلوٰۃ ان الصلوٰۃ تنھٰی عن الفحشاء والمنکر ولذکر اللہ اکبر واللہ یعلم ما تصنعون (جزء ۲۱ رکوع ۱) عن الفحشاء یعنی از اخلاق ذمیمہ کہ تعلق با قالب دارند والمنکر یعنی از اخلاق ذمیمہ کے تعلق با باطن دارند و ہر آئینہ ذکر اللہ بزرگ تر است از روی تاثیر و تزکیہ نفس از آں نماز کہ مخصوص

قائم کر دے بے شک نماز مومنوں پر مقررہ اوقات میں فرض ہے پس اللہ کا ذکر فرض دائم ہے جو شخص کہ فرض دائم کو ادا نہ کرے اس سے وقتیہ فرض قبول نہ ہوگا ۔ اور مبتدی کے لئے اہم لا الٰہ الا اللہ کہنا ہے اور یہ ذکر دوام قوی اور خفی ہے بشرط نفی اور اثبات کے اس طرح کہ لا الٰہ الا اللہ سے خواطر کی نفی کرے خواہ خواطر اچھے ہوں یا برے اور اللہ کو ثابت کرے اور حضور قلب رکھے فرمایا نبی علیہ السلام نے جس نے فرض دائمی کو ادا نہیں کیا تو اوس کا فرض موقت بھی قبول نہ ہوا ۔ اللہ کا ذکر ہمیشہ کا فرض ہے اور کسی حالت میں ساقط نہ ہوگا اس لئے کہ کسی شرط سے مشروط نہیں پس اس جہت سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ ذکر اللہ تمام فرائض میں اہم مطلوب ہے چنانچہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے تجھ پر جو کتاب نازل ہوئی تو اوس کو پڑھ دے اور نماز کو قائم کر تحقیق نماز فحش اور بری باتوں سے باز رکھتی ہے اور اللہ کا ذکر بہت بڑا ہے اور اللہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو فحش سے یعنی برے اخلاق سے جو جسم سے تعلق رکھتے ہیں والمنکر یعنی برے اخلاق سے جو باطن سے تعلق رکھتے ہیں اور البتہ اللہ کا ذکر تاثیر اور تزکیۂ نفس کے اعتبار سے زیادہ بزرگ ہے اس نماز سے جو مخصوص ہے پس جان اے

است ۔ پس بداں ای عزیز بغیر ذکر دوام تزکیہ نفس وتجرید وتفرید حاصل نشود و تفرقہ از دل نرود و جمعیت دست ندہد واز وسواس شیطانی واز مرادات ومطلوبات نفسانی بیروں نیاید پس باید کہ دریاد حق چنداں مداومت نماید کہ ہر وقتی از اوقات و ہیچ حالی از حالات خالی از یاد حق نباشد چہ در آمدن و رفتن و چہ در خوردن و خفتن و چہ در شنیدن و گفتن بلکہ در جمیع حرکات و سکنات حاضر وقت باید بود تا بہ بطالت نگذرد بلکہ واقف دم باشد تا بغفلت بر نیاید و طالب یک ساعت از یاد حق خالی نباشد ۔ قال علیہ السلام کل نفس یخرج بغیر ذکر اللہ فھو میت وقال علیہ السلام من ادعی محبۃ اللہ ونسی ذکرہ طرفۃ العین فھو کذاب مفتر علی اللہ تعالیٰ ۔ پس ہر کہ افترا بہ خدا کند او کافر باشد چنانچہ حضرت میراں علیہ السلام فرمودند ۔

ہر آنکو غائب از وی یک زمانست
در آندم کافر است اما نہانست
اگر خود غائبی پیوستہ باشد
در اسلام بر وی بستہ باشد

عزیز کہ ذکر دوام کے بغیر تزکیۂ نفس تجرید اور تفرید حاصل نہ ہوں گے اور دل سے تفرقہ دور نہ ہوگا اور جمعیت میسر نہ ہوگی اور شیطانی وسواس اور نفسانی مرادات و مطلوبات سے باہر نہیں آئے گا ۔ پس چاہئے کہ حق کی یاد میں اتنی مداومت کرے کہ ہر وقت اوقات سے اور ہر حال حالات سے حق کی یاد سے خالی نہ رہے خواہ آنا جانا ہو اور خواہ کھانا سونا اور خواہ سننا اور کہنا ہو بلکہ تمام حرکات و سکنات میں ہشیار رہنا چاہیئے تاکہ بے کاری میں نہ گزرے بلکہ سانس سے آگاہ رہے کہ غفلت میں نہ جائے اور طالب مولیٰ (کا فرض ہے کہ) ایک ساعت حق کی یاد سے خالی نہ رہے چنانچہ فرمایا نبی علیہ السلام نے جو سانس بغیر ذکر اللہ کے نکلتی ہے وہ مردہ ہے اور فرمایا نبی علیہ السلام نے جس نے خدا کی محبت کا دعویٰ کیا اور اس کے ذکر کو بھول گیا ایک چشم زدن کے عرصہ برابر بھی تو وہ جھوٹا ہے اللہ پر بہتان لینے والا ہے پس جو شخص کہ خدا پر افترا کرے وہ کافر ہے چنانچہ حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ

ہر وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے ایک وقت غافل ہے
تو اس دم میں کافر ہے لیکن اس کا کفر پوشیدہ ہے
اگر خود ہمیشہ غافل رہے گا تو
اس پر اسلام کا دروازہ بند ہو جائے گا

و فرمود کہ طالب خاشاکِ غیرِ حق از دل برکند چنانچہ مثنوی۔

پاسبانِ دل باش اندر کل حال
تا نیاید ہیچ دزد آنجا مجال
ہر خیال غیر حق را دزد دان
ایں ریاضت مومنانرا فرض خوان
نقد ہستی محو کن در لاالہ
تا بیابی دار ملک بادشاہ
لا کہ غیرش پردہ را می درد
از فنا سوی بقا رہ می برد
غیر حق ہر ذرہ کاں مقصود تست
تیغ لا[1] بر کش کہ آں معبود تست

پس حضرت میراں علیہ السلام اینچنیں فرمودند آنچہ درونِ دل خطرۂ غیر حق آید آنرا نفی کند و حالِ ما اینست کہ یک ساعت ہم ذکر حق نمی کنیم پس حالِ ما چہ خواہد شد و بندگی میراں ؑ را چہ روی خواہیم نمود

فصل بندگی سید الشہداؓ در رسالۂ خود نبشتہ اند کہ طالب حق را باید کہ آنچہ ورای ذاتِ خداست آنرا پس پشت انداز دو بغیر خدا بچیزی مشغول نشود زیرا چہ قوت وحیات و آرام و قرار از آں محب محبوب است قال علیہ السلام لا

اور (مہدی ؑ نے) فرمایا کہ طالب (مولیٰ کو چاہئے کہ) غیر حق کے کچرے کو دل سے نکال دے جیسا کہ مثنوی (میں مذکور ہے)

ہر حالت میں دل کا محافظ بنا رہ
تاکہ کسی چور کو وہاں آنے کی قدرت نہ ہو
غیر حق کے ہر خیال کو چور سمجھ
اس ریاضت کو مومنوں کے لئے فرض جان
اپنی ہستی کی پونجی کو لا الہ (کے ذکر) میں فنا کر دے
تاکہ تجھ کو بادشاہ کے ملک کا گھر (مقام قرب) نصیب ہو
لا (کا ذکر ایسا ہے) کہ اپنے غیر کے پردہ کو پھاڑ دیتا ہے
فنا سے بقا کی طرف لے جاتا ہے
ماسوی اللہ کے ہر اس ذرہ پر جسکو تو نے اپنا مطلوب بنایا ہے
لا کی تیغ پھیر دے اس لئے کہ وہ تیرا معبود بن گیا ہے

پس حضرت مہدی علیہ السلام نے ایسا فرمایا کہ دل میں جو کچھ غیر حق کا خطرہ آئے اس کی نفی کرے اور ہمارا حال یہ ہے ایک ساعت بھی ذکر حق نہیں کرتے پس ہمارا کیا حال ہوگا اور حضرت مہدی علیہ السلام کو کیا منہ دکھائیں گے۔

فصل بندگی سید الشہداؓ نے اپنے رسالہ میں لکھا ہے کہ طالب حق کو چاہئے کہ ماسوی اللہ کو پیٹھ کے پیچھے ڈال دے اور خدا کے سوا کسی چیز میں مشغول نہ ہو اس لئے کہ قوت وحیات و آرام و قرار اس محب کا محبوب کی ذات سے ہے نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ نہیں ہے راحت

[1] لا ترا از تو رہائی میدہد۔ با خدایت آشنائی میدہد۔ لا تجھ کو تیری خودی سے نجات دیتا ہے خدا کے ساتھ تجھ کو آشنائی کرا دیتا ہے۔

راحة للمؤمنين دون
لقاء الله تعالیٰ وچوں حال محب
اینچنیں است کہ ہمیشہ از برائے محبوب خود
در پریشانی وسرگردانی می باشد چگونہ بچیزے
مشغول شود پس معلوم شد کہ مومن بغیر
حق تعالیٰ بہ ہیچ چیز مشغول نشود واز جہت
طلب قوت از حضور خدائے تعالیٰ باز نماند
پس طالب حق را باید کہ در ہر کاریکہ مشغول
باشد بانصاف نظر کند اگر آں کار ذکر حق
را وتوجہ سوی حق را مانع آید آنرا ترک
دہد وحرام داند بلکہ بت خود پندارد
کما قال علیہ السلام ما
تشغلك عن الله فهو صنمك
ای فهو طاغوتك ونیز نقلست
کہ حضرت میراںؑ فرمودند کہ طالبانِ خدای
را حکایت ہای خدائے تعالیٰ زیاں کند
بلکہ قرآن خواندن وعلم خواندن ہم منع کردند
جز ذکر وکسانیکہ حکایت ہای دنیا و
دنیا داراں بر زبان ایشاں جاری شدی
بغیر حکایت دینی بلکہ ہیچ وقت از اوقات
ایں حکایت نکردند اگر کسی حکایت دنیا
ودنیا داراں شروع کردی حضرت میراںؑ
ویاراںؓ آں حکایت را منقطع کردندے
وفرمودندے کہ ایشاں را فراموش کنید
در یاد حق باشید در ہمہ حال ونیز نقلست
کہ خوشنودی حضرت میراںؑ وہمہ مہاجراںؓ

مومنین کے لئے سوائے اللہ تعالیٰ کے
دیدار کے اور جب محب کا حال ایسا ہے کہ ہمیشہ
اپنے محبوب کے لئے پریشانی اور سرگردانی میں
رہتا ہے تو وہ دوسری چیز میں کیونکر مشغول
ہوگا۔ پس معلوم ہوا کہ مومن حق تعالیٰ کے
سوائے دوسری چیز میں مشغول نہیں ہوتا اور غذا
کی طلب کے سبب سے خدائے تعالیٰ کی درگہ سے منہ
نہیں پھیرتا پس طالب حق کو چاہئے کہ جس کام میں کہ مشغول
ہے اس کو انصاف سے دیکھے اگر وہ کام اللہ کے ذکر
اور اللہ کی طرف متوجہ ہونے سے منع کرے تو
اس کام کو ترک کرے اور حرام جانے بلکہ اپنا بت
سمجھے چنانچہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ جو چیز تجھے
اللہ سے پھیرے وہ تیرا بت ہے یعنی وہ تیرا
طاغوت ہے اور نیز نقل ہے کہ حضرت مہدی
علیہ السلام نے فرمایا کہ خدا کے طالبوں کو خدا کی
حکایتیں نقصان دیتی ہیں بلکہ قرآن پڑھنے اور
علم پڑھنے سے بھی منع فرمایا سوائے ذکر کے اور
ان لوگوں کو جن کی زبان پر دین کی حکایت کے بغیر
دنیا اور دنیا داروں کی حکایتیں جاری ہوئیں (تو
منع کرتے) بلکہ کسی ایک وقت بھی یہ حکایت نہیں
کی اگر کوئی شخص دنیا اور دنیا داروں کی حکایت
شروع کرتا تو حضرت مہدی علیہ السلام اور آپ کے
صحابہ رضؓ اس حکایت کو منقطع فرما دیتے اور فرماتے
کہ ان (حکایتوں) کو بھلا دو اور ہر حال
میں اللہ کی یاد میں رہو اور نیز نقل ہے
کہ حضرت مہدی علیہ السلام اور تمام

نبود کہ طالبان خدا دو چہار کس یکجا نشستہ حکایت لایعنی کنید و نیز **نقلست** از میاں شیخ محمد کبیرؓ مہاجر مہدیؑ بودند گفتند کہ یک روز این بندہ غلہ باجری می کوفت حضرت میرانؑ برسر این بندہ آمدند و فرمودند کہ چہ کار می کنید گفتم میراں جیو باجری می کوبم حضرت میرانؑ فرمودند کہ میاں اگر یکمشت دانہ دادندی این کار میشود وقت خود را ضائع نباید کرد یک مشت بدہید و خود بیاد خدائے تعالیٰ باشید

یا دل از خانماں خود بر کن
یا تمنائے عشق کمتر کن
گر مرادی ز وصل می طلبی
ہمہ تدبیر خویش ابتر کن
تو نہ مرد عشق بازی را
برو ای خواجہ کار دیگر کن
ای مخنث رو کہ این جا باز نیست
عشق حق را با مخنث کار نیست
عاشق نہ صادق نہ دعوی کنی جاں باختن
این ختم شد پروانہ را ہم سوختن ہم ساختن
عشق با ما می کنی و من ترا رسوا کنم
بی تن و بیجاں کنم بی مسکن و ماوا کنم

نقلست از بندگی میاں نعمتؓ در ولایت سندہ با دائرہ بودند بعضی زناں کشیدہ می کشیدند از جہت قوت خود بندگی میاں نعمت رضؓ فرمودند کہ این فتوح حق آنکس است

مہاجروں کی خوشنودی نہ تھی کہ دو چار طالبان خدا ایک جگہ بیٹھ کر بیکار حکایتیں بیان کریں اور نیز میاں شیخ محمد کبیرؓ مہاجر مہدیؑ سے منقول ہے آپ نے کہا کہ ایک روز یہ بندہ باجرہ کوٹتا تھا حضرت مہدی علیہ السلام بندہ کے پاس آئے اور فرمایا کہ کیا کام کرتے ہو میں نے کہا میراں جیو باجرہ کوٹتا ہوں حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ میاں ایک مٹھی دانے (کسی کو مزدوری) دیدیتے تو یہ کام ہو جاتا اپنے وقت کو ضائع نہیں کرنا چاہئے ایک مٹھی دیدو اور خود خدائے تعالیٰ کی یاد میں لگے رہو۔

یا تو تو دل گھر بار سے اٹھالے
یا عشق کی تمنا مت کر
اگر تجھ کو وصل درکار ہے
تو اپنی ساری تدبیروں کو چھوڑ دے
تو مرد نہیں ہے عشق بازی کے لئے
جا اے خواجہ کوئی دوسرا کام کر
اے مخنث جا تیری یہاں رسائی نہیں ہے
عشق حق کو مخنث سے کام نہیں
نہ تو عاشق ہے نہ عشق میں سچا ہے جانبازی کا دعویٰ کرتا ہے
جلنا بھی جلنے کے ساتھ موافقت کرنا بھی یہ پروانہ پر ختم ہو چکا ہے
تو میرے ساتھ عشق کرتا ہے اور میں تجھ کو رسوا کروں گا
بے تن اور بے جان کروں گا بے گھر اور بے ٹھکانہ کروں گا

بندگی میاں نعمت رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ آپ ولایت سندھ میں دائرہ کے ساتھ رہتے تھے بعض عورتیں اپنی قوت بسری کے لئے کشیدہ نکالتی تھیں بندگی میاں نعمتؓ نے فرمایا کہ یہ فتوح

کہ بر خدائے تعالیٰ بماند کما قال اللہ تعالیٰ للفقراء الذین احصروا فی سبیل اللہ لایستطیعون ضربًا فی الارض یحسبھم الجاھل اغنیاء من التعفف تعرفھم بسیماھم لایسئلون الناس الحافًا وما تنفقوا من خیر فان اللہ بہ علیم (جزء ۳ رکوع ۵) کسانیکہ کشیدہ کشیدند آنکسانرا قسمت نداد ندو از دائرہ بیرون کردند

فصل در بیان خلوت و ذکر و بینائی است

کہ از زکریا علیہ السلام قال اللہ تعالیٰ فنادتہ الملٰئکۃ وھو قائم یصلی فی المحراب ولم یقل یدور فی الاسواق کلما سئل السائل ولازم الباب اتتہ الاجابت وفیہ اشارۃ الیٰ ان من لہ الی الملوک حاجۃ فعلیہ بملازمۃ الباب الیٰ وقت الاجابۃ ویقال حکم اللہ سبحانہ وتعالیٰ انہ لم یقبل بالاجابۃ الا من لہ موافقۃ للخدمۃ فاما من اعرض عن طاعۃ القاہ فی ذل الوحشۃ قولہ تعالیٰ

(جو خدا کی راہ میں آتی ہے) ان کا حق ہے جو خدا کے ہو رہتے ہیں چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا فتوح ان فقیروں کے لئے ہے جو اللہ کی راہ میں قید ہیں زمین پر چل پھر نہیں سکتے جاہل ان کو بے نیازی کی وجہ سے تو انگر سمجھتے ہیں تو ان کو ان کی پیشانی سے پہچان لیگا جو لوگوں سے اصرار کرکے نہیں مانگتے تم جو مال خرچ کرتے ہو بے شک اس کو اللہ جانتا ہے جو لوگ کشیدہ نکالتے تھے ان کو سویت نہیں دی اور دائرہ سے باہر کر دیئے

فصل خلوت اور ذکر اور بینائی کے بیان میں

چنانچہ زکریا علیہ السلام کے متعلق فرمایا اللہ تعالیٰ نے پس اس کو فرشتوں نے ندا کی اس حال میں کہ وہ مسجد میں کھڑا نماز پڑھ رہا تھا یہ نہیں کہا کہ بازاروں میں پھر رہا تھا جب کوئی سائل سوال کرے اور دروازہ نہ چھوڑے تو اس کی درخواست قبول ہوتی ہے اور اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ بادشاہوں کے پاس جب کوئی آدمی حاجت لے جاتا ہے تو حاجت برآری تک بادشاہ کے دروازہ پر پڑا رہنا لازم ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ حق سبحانہ تعالیٰ نے حکم کیا ہے کہ وہ صرف اپنے خدمت گزار بندہ کی دعا کو قبول کرتا ہے پس لیکن جس نے اللہ تعالیٰ کی طاعت سے روگردانی کی تو اس کو وحشت کی ذلت میں ڈالدیتا ہے فرمان خدا ہے کہ جو آدمی میرے ذکر سے روگردانی کرے تو تحقیق

ومن اعرض عن ذکری فان
لہ معیشۃ ضنکا ونحشرہ
یوم القیٰمۃ اعمیٰ قال رب
لم حشرتنی اعمیٰ وقد
کنت بصیرا (جزو ۱۶ رکوع ۱۶)
ونیز **نقلست** از میاں بھائی مہاجر رض
کہ حضرت میراں عم دو سہ بار آمدہ دید
تاکہ برادران دو سہ کس یکجا نشستہ اند دیدہ
فرمودند کہ شما چہ نشستہ اید برادراں عرض
کردند کہ میراں جیو چیزی حکایت دینی میکنیم
حضرت میراں ع فرمودند ای بھایاں خدائی
را بہ حکایت نخواہید یافت بجز ذکر لقولہ
تعالیٰ یا ایہا الرسل
کلوا من الطیبٰت واعملوا
صالحًا انی بما تعملون
علیم (جزو ۱۸ رکوع ۴) والثانی
شرع لکم من الدین ما
وصی بہ نوحًا والذی
اوحینا الیک وما وصینا
بہ ابراہیم وموسیٰ ان
اقیموا الدین ولا تتفرقوا
فیہ کبر علی المشرکین
ما تدعوہم الیہ اللہ
یجتبی الیہ من یشاء و
یہدی الیہ من ینیب
ونیز میاں سید خوندمیر رض فرمودند کہ خدائے تعالیٰ

ان کے لئے تنگ معیشت ہے اور قیامت
کے دن ہم اس کو نابینا بناکر اٹھائیں گے
تو کہیگا اے رب میرے تو نے مجھے نابینا
بناکر کیوں اٹھایا میں تو بینا تھا۔ اور نیز میاں
بھائی مہاجر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ
حضرت مہدی علیہ السلام نے دو تین بار
آکر دیکھا کہ دو تین برادر ایک جگہ بیٹھے
ہوئے ہیں دیکھ کر فرمایا کہ تم کیوں بیٹھے
ہو برادروں نے عرض کیا کہ میراں جیو کچھ
دین کی حکایت کر رہے ہیں۔ حضرت مہدی عم
نے فرمایا اے بھائیو ذکر خدا کے بغیر خدا کو دینی
حکایت کرنے سے نہ پاؤ گے چنانچہ فرمان خدا ہے
کہ اے پیغمبرو طیب کھانے کھاؤ اور عمل صالح
کرو تحقیق میں تمہارے اعمال کو جاننے والا
ہوں۔ ثانی یہ کہ اللہ نے وہی رستہ مقرر کر دیا
تمہارے لئے دین کا جس کا حکم فرمایا
تھا نوح کو اور جو ہم نے وحی بھیجی تیری طرف اور وہ کہ جس کا ہم نے حکم دیا تھا
ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ کو کہ قائم رکھو
دین کو اور اس میں تفرقہ نہ ڈالو
شاق گزرتا ہے مشرکین پر وہ (دین) جس کی
طرف تو ان کو بلاتا ہے اللہ کھینچ لیتا
ہے اپنی طرف جس کو چاہتا ہے اور راہ
دیتا ہے اپنی طرف اس شخص کو
جو رجوع لاتا ہے اور نیز میاں
سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا
کہ خدائے تعالیٰ نے اپنے کلام میں

شریعت در کلام خود این چنین فرموده بعضی
مردمان شریعت چنانچه کشت و زمین و
اجارت[1] و مضاربت[2] و تجارت فهم کردند
قوله تعالیٰ یعلمون ظاهرا
من الحیوٰة الدنیا وهم
عن الاخرة هم غفلون
(جزو ۲۱ رکوع ۴) قال سلیمان
ذکر الله اکبر من کل شیٔ
وافضل فقد قال علیه
السلام الا انبئکم بخیر
اعمالکم وازکاها عند
ملیککم وارفعها فی
درجاتکم وخیر من
اعطاء الذهب والفضة
وان تلقوا عدوکم فتضر
بوا اعناقهم ویضربوا اعنا
قکم قالوا ما ذلک یا
رسول اللهؐ قال علیه السلام
ذکر الله سید الاعمال
افضل وقال تفارق الدنیا
ولسانک رطب بذکر الله
این نقل در مدارک است در زمانه
میراں علیه السلام و یاران وی بعد از فجر
و بعد از مغرب کسی قرآن را بلند نخواندی و

شریعت (کے متعلق) اس طرح فرمایا (جو
اوپر مذکور ہوا) بعضے لوگوں نے جیسا کہ
زراعت اور زمین اور اجارت اور مضاربت
اور تجارت کو شریعت سمجھ لیا ہے (صحیح
نہیں چنانچہ) فرمان خدا ہے کہ وہ ظاہری
حیات کو جانتے ہیں اور وہ آخرت سے غافل
ہیں کہا سلیمانؑ نے اللہ کا ذکر ہر چیز سے بڑھا اور
افضل ہے نبی علیہ السلام نے فرمایا کیا میں تم کو
ایسے عمل کی خبر نہ دوں جو تمہارے مالک کے
پاس سب سے اچھا اور سب اعمال سے زیادہ پاک
اور تمہارے درجوں کو بڑھانے والا اور سونے
چاندی کی خیرات اور دشمن سے ملکر تم ان کی گردنیں
مارتے اور وہ تمہاری گردنوں کے مارنے سے
بھی اچھا ہے صحابہؓ عرض کئے یا رسول اللہؐ
وہ کیا عمل ہے تو آپؐ نے فرمایا اللہ کا ذکر ہے
جو سب اعمال کا سردار اور سب اعمال سے
افضل ہے اور فرمایا جب تیری زبان
یاد خدا میں تر رہتی ہے تو تو دنیا سے
علیحدہ رہتا ہے یہ نقل مدارک میں
ہے اور مہدی علیہ السلام اور یاران
مہدی علیہ السلام کے زمانہ میں نماز فجر
اور نماز مغرب کے بعد کوئی
شخص قرآن شریف بلند آواز
سے نہیں پڑھتا تھا اور اگر کسی طالب

---

[1] کرایہ پر دینا [2] کسی کو مال تجارت کے لئے دینا جس کا نفع شرکت میں ہو۔

اگر بچہ کسی گریہ کردی پدر بر داشتے و بیرون دائرہ بردی مبادا کہ ہمسایہ ایں را شنود و در شغل او خلل پیدا آید و ایں زمان در خانہای ما دریں وقت چناں شور و غوغا میشود گویا کہ زنان ماہی گیراں ایں محض خلاف کلام خدا و رسول ؑ و مہدی ؑ ہست و بعد از مغرب ہمچناں بود و نیز نقلست کہ حضرت میراں ؑ فرمودند بزبان ہندی۔

ہمپاٹا پہریں ٹوٹکا کھائیں
راول دیول کہیں نہ جائیں
ہمرے آئی یا ہی ریت
پانی لوریں اور مسیت

قال علیہ السلام حاکیا عن اللہ تعالیٰ من ادعی محبتی ثم ینسانی فقد کذب ومن ادعی محبتی ویذکر بلسانہ غیری فقد کذب ومن ادعی محبتی ویتلذذ بالطعام فقد کذب۔ واز شیخ جنید رح حکی است کہ سی سال در دہلیز شیخ عبداللہ سری سقطی رح پاسبانی دل کردم و غیر خدا در دل نگذرانیدم و سی سال نماز عشاء و فجر بیک وضو گذاردم و در دل من گذشتہ بود کہ بمقامی رسیدم ہاتف آواز داد کہ ای جنید وقت آمد کہ گوشۂ زنار بتو بنمائیم گفتم گناہ

مولیٰ) کا۔ بچہ روتا تو باپ اس کو اٹھا لے کر دائرہ کے باہر لے جاتا اس خیال سے کہ ایسا نہ ہو کہ ہمسایہ کے حضرات رونے کی آواز سنیں اور ان کے ذکر میں خلل پیدا ہو اور اب ہمارے گھروں میں اس وقت ایسا شور و غوغا ہوتا ہے گویا کہ مچھلیاروں کی عورتیں گڑ بڑ کر رہی ہیں۔ یہ محض کلام خدا اور رسول ؑ و مہدی ؑ کے خلاف ہے اور مغرب کے بعد بھی ایسا ہی ہوتا ہے اور نیز نقل ہے حضرت مہدی ؑ نے ہندی زبان میں فرمایا کہ

پھٹا پرانا کپڑا پہن لیں روکھا سوکھا کھائیں
امیروں کے گھروں اور خانوں کو نہ جائیں
ہمارا طریق یہی ہے کہ (سفر اور حضر میں)
پانی اور مسجد (یہ دو چیزیں) رکھتے ہیں

اللہ تعالیٰ سے حکایت کرتے ہوئے نبی علیہ السلام نے فرمایا جو شخص میری محبت کا دعویٰ کرے پھر مجھ کو بھول جائے تو وہ جھوٹا ہے اور جو شخص میری محبت کا دعویٰ کرے اور اپنی زبان سے غیر کا تذکرہ کرے تو وہ جھوٹا ہے اور جو شخص میری محبت کا دعویٰ کرے اور کھانے کی لذت حاصل کرے تو وہ جھوٹا ہے اور شیخ جنید رح سے حکایت کی گئی ہے آپ ؑ نے فرمایا کہ میں نے تیس سال شیخ عبداللہ سری سقطی رح کی دہلیز پر دل کی پاسبانی کی اور غیر خدا کو دل میں آنے نہ دیا اور تیس سال عشاء اور فجر کی نماز ایک وضو سے ادا کی تو میرے دل میں یہ خطرہ آیا کہ میں ایک مقام کو پہونچ گیا ہاتف نے آواز دی کہ اے جنید رح وقت ہے کہ زنار گوشہ تجھ

من چیست جواب آمد وجودک
ذنب لا یقاس بہا
ذنب۔ یعنی ہنوز ہستی خود می بینی و
در ما فانی نہ شدی ؎

چناں در اسم او کن جسم پنہاں
کہ چوں گردد الف در بسم پنہاں

لقولہ تعالیٰ واذکر ربک
اذا نسیت (جزء ۱۵ رکوع ۱۶) ای اذا
نسیت نفسک لغیر
اللہ ونیز **نقلست** کہ میاں سید خوندمیرؓ
فرمود نداین سوداگری چنانچہ فاقہ شد ابریق
یا آوند از خانہ فروخت و یا چیزی آوند
خرید کرد این سوداگری مشغول نکند از یاد
حق الکہ قال اللہ تعالیٰ
رجال لا تلہیہم تجارۃ
ولا بیع عن ذکر اللہ الآیۃ
نہ کہ در شہر از شہر ہا برای سوداگری و یا
برای رزق پریشان شوند از یاد خدا
غافل باشند و نیز **نقلست** مشہور کہ
در دائرہ حضرت میراںؑ سگی بود یکپاس
روز بدو زانوی خود بتوجہ نشستے ذکر خفی
میکردی کرات و مرات علی الخصوص میاں
ربع روز پیش او طعام داشتہ آزمودند
فاما میاں ربع روز سگ روی خود در طعام
نیاوردی خدائے تعالیٰ بصدقہ مہدی علیہ السلام
صفت آں سگ روزی کند و نیز **نقلست**

بتائیں گے میں نے کہا کہ میری خطا کیا ہے جواب آیا
کہ تیری ہستی خود ایک ایسا گناہ ہے جس کے مقابلہ میں کوئی
گناہ نہیں یعنی تو بھی اپنی ہستی دیکھتا ہے اور ہم
میں فنا نہیں ہوا۔

تو اس کے اسم (اللہ) میں اپنے جسم کو طرح چھپا دے
کہ جس طرح بسم میں الف چھپا ہوا ہے

چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اور تو اپنے رب کو یاد
کر جب بھول جائے یعنی جب تو اپنے نفس کو غیر اللہ
کے لئے بھول جائے اور نیز نقل ہے کہ میاں سید
خوندمیر رضی اللہ عنہ

نے فرمایا کہ یہ سودا
گری چنانچہ فاقہ پڑا تو چھاگل یا برتن گھر کا بیچ دیا
اور یا کوئی برتن خرید لیا تو یہ سوداگری خدا کی یاد
سے غافل نہیں کرتی چنانچہ اللہ تعالیٰ
فرماتا ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں جن کو نہ تجارت
اور نہ بیع اللہ کے ذکر سے بھیرتی ہے الخ
نہ کہ ایک شہر سے دوسرے شہروں کو سودا
گری کے لئے اور یا رزق کے لئے پریشان
پھریں (ایسی سوداگری میں) خدا کی یاد سے غافل رہتے
رہیں اور نیز مشہور نقل ہے کہ حضرت مہدیؑ کے دائرہ میں ایک کتا
تھا ایک پہر دن چڑھے تک دوزانو توجہ الی اللہ کیا تھا
بیٹھ کر ذکر خفی کرتا تھا ربع روز کے درمیان خصوصاً
اس کے سامنے کھانا رکھ کر بار بار آزمائے ولیکن ربع
روز کے درمیان وہ کتا کھانے کی طرف
رخ نہیں کرتا خدائے تعالیٰ مہدیؑ کے صدقہ سے
اس کتے کی صفت عطا کرے اور نیز نقل ہے کہ

کہ حجرۂ میاں سید خوندمیرؓ ومیاں مخدومؓ متصل بود میاں سید خوندمیرؓ میاں مخدومؓ را پرسیدند کہ حضرت میراں علیہ السلام بیان ایں آیت راچہ فرمودند یعنی بالغدو والاصال بعدہ میاں سید خوندمیرؓ آہ کردند کہ چہ وقت ضائع کردیم کہ بعد از مغرب سخن لایعنی گفتیم و پرسیدیم پس ہر کہ بعد از مغرب لایعنی کند جز ذکر ایں خلاف مہدی علیہ السلام است

ونیز **نقلست** کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم بر چاہ زمزم نشستہ بودند یکبار یا دو بار انگشتری بگردانیدند فرمان شد وما خلقنا السموات والارض وما بینہما لاعبین (جزء ۲۵ رکوع ۱۵)

ونیز **نقلست** از ملک پیر محمدؒ بن ملک الہدادؓ یک روز حضرت میراںؑ دیدند کہ یک برادر خاشاک را دو پارہ کرد میراںؑ فرمودند یک لمحہ فرشتگان را فرصت بادہید ونیز **نقلست** کہ یک خراسانی برائے آزمودن حلم حضرت میراںؑ آدند شراب در آستین خود آورد بعضی کساں عرض کردند اگر رضائے میراںؑ باشد آدند ایں بشکنیم بعدہ میراںؑ فرمودند شما ایں چنیں فہم کردید ایں مستی شراب بعد از دو ساعت دور خواہد شد پیش ایں بندہ مستان دنیا می آیند گذاشتہ بروند قال علیہ السلام من سکر بالدنیا ساعۃ لم یفق ابدا الماقال اللہ

میاں سید خوندمیرؓ اور میاں مخدومؓ کا حجرہ متصل تھا میاں سید خوندمیرؓ نے میاں مخدوم رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے اس دیہ آیت کا بیان کیا فرمایا یعنی بالغدو والاصال (صبح وشام) اس کے میاں سید خوندمیرؓ نے افسوس کیا کہ ہم نے کس قدر وقت ضائع کیا جو بعد مغرب لایعنی گفتگو کی اور پوچھا پس جو شخص کہ مغرب کے بعد ذکر کے سوائے لایعنی گفتگو کرتا ہے یہ مہدی علیہ السلام کے خلاف ہے اور نیز نقل ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چاہ زمزم پر بیٹھے ہوئے تھے ایک بار یا دو بار انگوٹھی پھرائی فرمان خدا ہوا کہ اور ہم نے نہیں پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو اور ان چیزوں کو جو ان میں ہیں کھیلنے کے لئے اور نیز ملک پیر محمدؒ بن ملک الہدادؓ سے منقول ہے کہ ایک روز حضرت مہدیؑ نے دیکھا کہ ایک برادر (صحابی رضی اللہ عنہ) نے گھاس کی کاڑی کے دو ٹکڑے کئے تو مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ ایک لمحہ فرشتوں کو فرصت دو اور نیز نقل ہے کہ ایک خراسانی نے حضرت مہدیؑ کا حلم آزمانے کے لئے اپنی آستین میں شراب کا پیالہ لایا بعضے برادروں نے عرض کیا اگر آپ کی اجازت ہو تو اس کی شراب کا پیالہ توڑ دیتے ہیں اس کے بعد مہدیؑ نے فرمایا کہ یہ تمہاری سمجھ کی بات ہے یہ شراب کی مستی دو ساعت کے بعد دور ہو جائے گی اس بندہ کے پاس مستان دنیا آتے ہیں دنیا کی مستی چھوڑ جاتے ہیں نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ جو آدمی ایک ساعت بھی دنیا کا متوالا ہوا تو کبھی ہوش میں نہ آیا

تعالیٰ ولا تکونوا کالذین
نسوا اللہ فانسٰھم انفسھم
اولٰئک ھم الفسقون (جزو ۲۸
رکوع ۶) پس فراموش گردانیدند ایشانرا
نفسہای ایشان پس از ذات خویش خبر
ندارند وکسانیکہ بدنیا مشغول شدند نمید
انند کہ در نماز چند رکعت نماز گزاردیم و
چہ خواندیم و دل شما کجا می رود۔

مست می ہشیار گردد تا سحر
مست دنیا تا قیامت بے خبر

کقولہ تعالیٰ یا یھا
الذین امنوا لا تقربوا
الصلوٰۃ وانتم سکاریٰ
حتیٰ تعلموا ما تقولون
(جزو ۵ رکوع ۴) ونیز نقلست کہ حضرت
میراں علیہ السلام مراد مستی دنیا داشتند و
کسانیکہ یاد خدا فراموش کردند شیطان لگام
در دہان شان کردہ۔ کقولہ تعالیٰ
لاحتنکن ذریتہ الا قلیلا
(جزو ۱۵ رکوع ۷) ونیز نقلست کہ حضرت
میراں علیہ السلام بیان عشق بدیں عبارت
فرمودند کہ شہباز عشق از لامکان پرواز
کرد و بر آسمان رسید جای خود ندید درگذشت
و بر کوہستان رسید جای خود ندید درگذشت
و بر خاک رسید جای خود یافت و نشست و
گفت من محبتم میان محبت و محنت فرق (

چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تم ان لوگوں کے مانند مت
ہو جو اللہ کو بھول گئے تو اللہ نے خود ان کو ان
کے نفسوں سے فراموش کر دیا وہی لوگ فاسق ہیں
اُن کے نفسوں نے ان کو بھلا دیا پس یہ اپنی
ذات کی خبر نہیں رکھتے اور جو لوگ دنیا میں مشغول
ہو گئے نہیں جانتے کہ نماز میں کتنی رکعتیں
گزاریں اور کیا پڑھے اور دل کہاں
کہاں جاتا ہے۔

شراب کی مستی رکھنے والا صبح تک ہشیار ہوجاتا ہے
دنیا کی مستی رکھنے والا قیامت تک بے خبر رہتا ہے

مانند قول اللہ تعالیٰ کے مومنو! نماز کے پاس نہ
جاؤ ایسی حالت میں کہ تم نشہ میں ہو یہاں تک کہ
سمجھنے لگو جو کچھ تم کہتے ہو۔ اور نیز نقل ہے حضرت
مہدیؑ نے سکاری سے دنیا کی مستی مراد لی ہے اور
جن اشخاص نے خدا کی یاد فراموش کر دی شیطان ان
کے منھ میں لگام دیا ہے مانند قول اللہ تعالیٰ
کے البتہ لبتھیہ (لگام) ڈالدوں گا میں اس
کی اولاد کو مگر تھوڑوں کو اور نیز نقل ہے کہ
حضرت مہدی علیہ السلام نے عشق کا بیان اس
عبارت میں فرمایا کہ عشق کا شہباز لامکاں سے
اڑا آسمان پر پہنچا اپنی جگہ نہ دیکھا آگے بڑھ
گیا اور پہاڑوں پر پہنچا اپنی جگہ نہ دیکھا آگے
بڑھ گیا اور خاک پر پہنچا اپنی جگہ پایا اور
بیٹھا اور کہا میں محبت ہوں محبت
اور محنت میں فرق نہیں ہے
مگر ایک نقطہ کا جب نیچے کا نقطہ

نیست مگر یک نقطہ چوں نقطۂ زیر زبر شود ہماں محبت محنت شود کقولہ تعالیٰ انا عرضنا الامانۃ علی السموٰت والارض والجبال فابین ان یحملنہا واشفقن منہا وحملہا الانسان (جزء ۲۲ رکوع ۶) ونیز **نقلست** کہ حضرت میراں علیہ السلام یک روز بیان بود حدیث عشق فرمود ملا درویش خراسانی نعرہ زد و گریبان خود چاک کرد و گفت کہ عشق از کجا بیاریم بعدہ حضرت میراں ؑ فرمودند بندہ عشق کسبی میگوید کار کنید و در عمل کوشش نمائید چیزی کار کنید تا بواسطہ آں عشق آید عشق عطائی مر انبیا را است کہ بغیر کسب آید و دیگراں را کسب باید کرد کما قال علیہ السلام تجوع ترانی تجرد تصل اجیعوا البطونکم واظمئوا اکبادکم واعروا اجسادکم لعلکم ترون اللہ فی الدنیا عیانا۔

فصل در بیان بینائی روی عن جابر بن عبد اللہ ان رسول اللہ ؐ کان فی غار حرا شہرا فلا یخرج من خلوتہ لازالۃ سآمتہ وملالتہ

اوپر ہو جائے تو وہی محبت محنت ہو جاتی ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تحقیق ہم نے امانت کو آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا پس ان سب نے اس کو اٹھانے سے انکار کیا اور اس سے ڈر گئے اور اس کو اٹھا لیا انسان نے۔ اور نیز نقل ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے ایک روز بیان کے موقع میں عشق کی بات فرمائی ملا درویش خراسانی نے نعرہ مارا اور اپنے گریبان کو چاک کیا اور کہا کہ عشق کہاں سے لائیں اس کے بعد حضرت حضرت مہدی ؑ نے فرمایا کہ بندہ کسبی عشق کہتا ہے کام کرو اور عمل میں کوشش کرو۔ کچھ کام کرو تاکہ اس کے واسطہ سے عشق پیدا ہو انبیاء کا عشق عطائی ہے جو بغیر کسب کے حاصل ہوا ہے اور دوسروں کو کسب کرنا چاہیئے چنانچہ نبی ؑ نے فرمایا تو بھوکا رہے گا تو مجھے دیکھے گا تو (دنیا سے) تجرد اختیار کر تو وصال حاصل کرے گا تم اپنے شکموں کو بھوکے رکھو اور اپنے جگروں کو پیاسے رکھو اور برہنہ رکھو اپنے اجساد کی شاید تم اللہ کو دنیا میں عیاں دیکھو فصل بینائی کے بیان میں حضرت جابر ابن عبد اللہ رح سے مروی ہے کہ حضرت رسول ؐ غار حرا میں ایک مہینہ تک رہے نہیں نکلتے تھے اپنے خلوت سے تھکن اور رنج دور کرنے کے لئے اور نہ کسی

ولا داعیه من دواعی الشهوات
والهوی بل کان خروجه من
ضرورة فی الدین کالوضوء وصلوٰة
الجمعة والجماعة وقال
النووی فی شرح المسلم اما
الخلاء فممدود وهی الخلوة
وهو شان الصالحین
وعباد الله العارفین وقال
ابومسلم الخطاب حبب
العزلة صلعم لان بالفراغ
بها وهو تعینه علی التفکر
وبها ینقطع عن مالوفات
البشر ویخشع قلبه ثم ان
النبی صلعم جاوز فی حراء
علی ما روی جابر بن عبد الله
رضی الله عنهما وقوله تعالی
عن ابراهیم۔ وقال انی
ذاهب الی ربی سیهدین
(جزء ۲۳ رکوع ۷) فالذهاب
الی الله تعالی هو الخلوة فی
ذالک هو ترک الاخوان ومفارقة
الاوطان فکذالک اصحاب
الکهف قوله تعالی واذ
اعتزلتموهم وما یعبدون
الا الله فأوٗا الی الکهف
(جزء ۱۵ رکوع ۱۴)

کسی باعث کے واسطے جو اسباب شہوت
و خواہش نفسانی سے ہو بلکہ آپ نکلتے تھے دینی
ضرورت پر مثلاً وضو نماز جمعہ اور نماز جماعت
کے لئے۔ اور نووی نے شرح مسلم میں فرمایا کہ خلاء ایک
محدود چیز ہے اور اسی کو خلوت کہتے ہیں اور یہ
صالحین اور اللہ کے عارف بندوں کی شان
ہے ابومسلم کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم
عزلت کو دوست رکھتے تھے کیونکہ آپ
کو فارغ البالی اسی سے ہوا کرتی تھی اور
آپ کی فارغ البالی یہی ہوتی تھی کہ آپ
ذکر فکر میں متعین ہو جاتے تھے اور اسی
سے مالوفات بشری سے منقطع ہو جاتے
تھے اور آپ کا قلب مبارک خشوع
وخضوع میں آجاتا تھا پھر اس کے بعد
نبیؐ غار حرا میں تشریف لے گئے موافق
روایت جابر بن عبد اللہ کے رضی اللہ
عنہما۔ اور قول اللہ تعالیٰ کا ابراہیمؑ کے
قول کو نقل کرتے ہوئے یہ ہے کہ ابراہیم
علیہ السلام نے کہا کہ میں اپنے رب کے
پاس جارہا ہوں قریب میں وہ میری
ہدایت کرے گا اللہ کے پاس جانے کے معنیٰ
خلوت میں رہنے کے ہیں اور خلوت
بھائی برادروں کو چھوڑنا اور وطن
سے جدا ہونا ہے اور اصحاب کہف
کا حال بھی یہی تھا قول اللہ تعالیٰ
کا ہے کہ جب تم کنارہ کش ہوئے

وهو الخلوة - وفی قصة مریم قوله تعالیٰ کلما دخل علیها زکریا المحراب وجد عندها رزقًا (جزء ۳ رکوع ۱۲) (المحراب هی الخلوة) وذٰلک تیعذر علیٰ اکثر الخلق بدون منع الخلوة - وکل مسلم یعلم ان الخلوة والعزلة امر جائز فی الشرع ولیس بحرام وقوله تعالیٰ وٰعدنا موسیٰ ثلٰثین لیلةً و اتممنٰها بعشر فتم میقات ربه اربعین (جزء ۹ رکوع ۷) هی الخلوة وکذا داؤد وقوله تعالیٰ وخر راکعًا واناب (جزء ۲۳ رکوع ۱) وفی حق سلیمان علیه السلام فلما خر تبینت الجن ان لو کانوا یعلمون الغیب ما لبثوا فی العذاب المهین (جزء ۲۲ رکوع ۸) وذٰلک رأ انه متی حین موته الیٰ ان خر کان میتا فلو لم یکن له عادة الخلوة والعزلة لا یطلبه علیٰ ذلک وهذا یدل علیٰ انه کانت الخلوة والعزلة عادة له کمن الانبیاء

ان کافروں سے اور ان معبودوں سے جن کو یہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں تو اب چل بیٹھو فلاں غار میں اسی کا نام خلوت ہے اور مریم علیہ السلام کے قصہ میں ہے کہ جب کبھی بی بی مریم علیہ السلام کے پاس حجرہ میں ذکریا آتے تو موجود پاتے تھے بی بی مریم علیہ السلام کے پاس کچھ کھانا (یہ محراب ہی خلوت ہے) اور یہ اکثر مخلوق پر بغیر عمل خلوت کے مشکل ہے اور ہر مسلمان جانتا ہے کہ خلوت اور عزلت شریعت میں ایک امر جائز ہے اور حرام نہیں ہے اور قول اللہ تعالیٰ کا ہم نے موسیٰ علیہ السلام سے تیس رات کا وعدہ ٹھیرایا اور ہم نے اس کو پورا کر دیا دس (دس رات کے اضافہ) سے تب پورا ہوگیا اس کے پروردگار کا وعدہ چالیس رات کا اسی کا نام خلوت ہے اور اسی طرح داؤد علیہ السلام کے حق میں ہے) قول اللہ تعالیٰ کا اور گر پڑا سجدہ میں اور اللہ کی طرف رجوع ہوا اور سلیمان کے حق میں ہے کہ پھر جب گر پڑے (سلیمان علیہ السلام) تو جان لیا جنات نے کہ اگر ہم غیب جانتے ہوتے تو نہ رہتے ذلت کی تکلیف میں واقعہ یہ تھا کہ سلیمان عؑ نے دیکھ لیا تھا کہ ان کی موت کا وقت کب ہے - یہاں تک کہ گر گئے میت ہو کر پس اگر خلوت اور عزلت کی عادت نہ ہوتی تو وہ (موت سے پہلے) اپنے کو اس طرح کھڑا نہ رکھتے اور یہ بات دلالت کرتی ہے کہ عزلت اور خلوت ان کی

پس ہمہ انبیاء را خلوت بود محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم را دائم خلوت بود و یاران مصطفیٰؑ و مہدیؑ را و تابعان را خلوت بود تا بینائی و وصال حق شد نہ ہمچو ما بیکارگان را۔ **فصل** النبوۃ والولایۃ کانتا فی النبی قال علیہ السلام کنت بنیاد'ادم بین الجسد والروح فیحتاج ظہورہا فی عالم الشہادۃ الی الخلوۃ والعزلۃ والانقطاع عن الخلق الی الخالق وکذالک الولایۃ فی الاولیاء کائنۃ یحتاج ظہورہا الی العزلۃ والخلوۃ قال علیہ السلام الناس معادن کمعادن الذہب والفضۃ فیحتاج الی کثرۃ ذکر وتلاوۃ ودوام الوضوء والصوم والصلوۃ وترک الشہوات واللذات ودوام المراقبۃ و فی الخضوع والخشوع مع اللہ تعالی والمناجات معہ عزوجل وذالک یتعذر علی اکثر الخلق بدون صنع الخلوۃ وکل مسلم یعلم ان الخلوۃ والعزلۃ امر جائز فی الشرع ولیس بحرام۔ **نقلست** کہ حضرت میراں علیہ السلام درون حجرہای طالبان می رفتند اگر درون حجرہا مشغول یافتی بسیار

تھی پس تمام انبیاء کے لئے خلوت تھی اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہمیشہ خلوت تھی اور یاران مصطفیٰؑ و مہدی علیہ السلام کے لئے اور (نبیؑ و مہدی علیہ السلام) کے تابعین کے لئے خلوت تھی یہاں تک کہ (ان کو خدا کی) بینائی اور حق کا وصال (نصیب) ہوا نہ کہ ہم جیسے بیکاروں کو **فصل** نبیؑ میں نبوت اور ولایت دونوں تھیں فرمایاؑ نے میں نبی تھا اس حال میں کہ آدم جسد اور روح کے درمیان تھے پس اس کا ظہور عالم شہادت میں خلوت عزلت اور خلق سے منقطع اور خالق سے متصل ہونے کا محتاج ہوتا ہے اور اسی طرح اولیاء میں ولایت ہوتی ہے جس کا ظہور عزلت اور خلوت کا محتاج ہے نبی علیہ السلام نے فرمایا لوگ معدن ہیں سونے اور چاندی کے معدنوں کے مانند پس کثرت ذکر تلاوت اور ہمیشہ باوضو رہنے روزے نماز ترک شہوت ولذت ہمیشہ مراقبہ خضوع وخشوع مع اللہ اور مناجات کے محتاج ہیں یہ باتیں اکثر مخلوق کو بدون خلوت کے حاصل نہیں ہوتیں اور ہر مسلمان جانتا ہے کہ خلوت اور عزلت امر جائز ہے شریعت میں حرام نہیں۔

نقل ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام طالبوں کے حجروں میں جاتے تھے اگر حجروں میں (خدا کی یاد میں) مشغول پاتے تو بہت مہربانی فرماتے اور اگر لیٹے ہوئے پاتے تو گوجری زبان میں فرماتے اچھے جی اچھے۔ اور اگر نہ پاتے تو فرماتے کہ بے ڈھنگے ہیں حجروں میں نہیں رہتے

لطف فرمودی واگر غلطیدہ یافتی فرمودی
گوجری اچھے جی اچھے واگر نیافتی فرمودی
بے ڈھنگے ہستند کہ در حجرہ ہاہمی مانند وہم فرمودند
کہ دو سہ کساں یکجا منشینند اگر کسی گفتی
دو سہ کساں یکجا نشستہ اند زجر فرمودی
وگفتندی کہ چوبہا بزنید کسانے راکہ نشستہ
اند وخوشنودی میراں سید محمود رضی اللہ عنہ
ومیاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ وہمہ مہاجران رض
ایں بود کہ کسی حکایت بجز ذکر خدائے تعالیٰ
کردی زجر فرمودی مگر امر ذکر کردی۔ قولہ
تعالیٰ یذکرون اللہ قیاما
وقعودا وعلیٰ جنوبہم ویتفکرون
فی خلق السموات والارض
ربنا ما خلقت ہذا باطلاً
سبحانک فقنا عذاب
النار (جزء ۴ رکوع ۱۱) وحضرت میراں
علیہ السلام بامر اللہ فرمودند کہ ایں صفت
مہدی ؑ ومہدویان است کہ ایستادہ و
غلطیدہ ونشستہ فی ذکر اللہ باشند واکثر
مہدویاں در طعام خوردن غفلت نہ کردند
کما قال اللہ تعالیٰ یایہا
الذین امنوا لاتحرموا طیبت
ما احل اللہ لکم ولا تعتدوا
ان اللہ لایحب المعتدین
(جزء ۷ رکوع ۲) ایضاً قولہ تعالیٰ
فکلوا مما ذکر اسم اللہ علیہ

اور یہ بھی فرماتے کہ دو تین اشخاص ایک جگہ مت
بیٹھو اگر کوئی کہتا کہ دو تین اشخاص ایک جگہ بیٹھے
ہیں تو دھمکی دیتے اور کہتے کہ جو اشخاص ایک
جگہ بیٹھے ہیں ان کو لکڑی سے مارو اور میراں
سید محمود رضی اللہ عنہ اور میاں سید
خوندمیر رضی اللہ عنہ اور تمام مہاجرین رض کی
خوشنودی اس میں تھی کہ اگر کوئی شخص خدائے
تعالیٰ کے ذکر کے سوائے دوسری باتیں کرتا تو
دھمکی دیتے مگر ذکر کا حکم فرماتے فرمان خدا ہے
کہ وہ اللہ کا ذکر کرتے ہیں کھڑے اور بیٹھے
اور لیٹے ہوئے اور آسمانوں اور زمین کی خلقت
میں غور کرتے ہیں (تو کہتے ہیں) اے ہمارے رب
تو نے اس کو بیکار نہیں پیدا کیا ہم تیری پاکی
کا اعتراف کرتے ہیں پس تو ہم کو دوزخ کے
عذاب سے بچا اور حضرت مہدی علیہ السلام نے
اللہ کے حکم سے فرمایا کہ مہدی علیہ السلام اور
مہدویوں کی یہ صفت ہے کہ کھڑے لیٹے اور بیٹھے
ہوئے خدا کے ذکر میں لگے رہتے ہیں اور اکثر
مہدویوں نے کھانے کے وقت بھی غفلت نہیں کی۔
چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے مومنو اللہ کی حلال
کی ہوئی پاک چیزوں کو حرام نہ بنالو اور حد
سے تجاوز نہ کرو تحقیق اللہ حد سے بڑھنے والوں
کو دوست نہیں رکھتا (نیز قولہ تعالیٰ) جس چیز پر
اللہ کا نام لیا گیا ہو اس کو کھالو اگر تم اللہ
کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہو۔ اور نیز نقل
ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے اپنے

ان کنتم بآیتہ مومنین (جزء ۸ رکوع ۶) ونیز نقلست در وقت خویش حضرت میراں علیہ السلام پرسیدند کہ چند سویت میشود برادراں عرض کردند چہار صد سویت حضرت میراں ؑ فرمودند بسیار خواری شد ونیز معلوم باد کہ در موضع بھیلوٹ در دائرہ میراں سید محمود رضؓ دو صد و پنجاہ سویت شد ہر وقت کہ یکصد زیادت شد میراں سید محمود رضؓ فرمودند بسیار خواری شد ونیز نقلست کہ حضرت میراں علیہ السلام بعد از بانگ نماز یک نوالہ طعام نخوردند بلکہ فرو کردند در صحنک ونیز میاں سید خوند میر رضؓ طعام خوردن نشستہ بودند پیش موذن خبر کنانیدند کہ قلیلے تاخیر کنید ونیز میاں نظام رضؓ در قصبہ بڑلی با دائرہ بودند جماعت وقت ظہر شدہ بود شاید یک رکعت یا دو رکعت از میاں خوند ملک مہاجر رضؓ از جماعت فوت شد میاں نظام رضؓ بعد از فارغ شدن از نماز فی الحال گفتند کہ میاں خوند ملک رضؓ در شما صفت منافقی می نماید میاں مذکور رضؓ گفت چرا ہمچو می گوئید گفتند کہ از شما دو رکعت نماز جماعت فوت شد بعدہ میاں مذکور رضؓ عذر خواہی کردہ گفتند کہ ایں بندہ بطعام خوردن نشستہ بود ازاں جہت تکبیر اولیٰ از ما فوت شد بعدہ میاں نظام رضؓ فرمودند کہ شما ایچنیں متابعت میراں علیہ السلام

وقت میں دریافت فرمایا کہ کتنی سویتیں ہوتی ہیں برادروں نے عرض کیا چار سو سویتیں ہوتی ہیں حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا بہت خواری ہوئی اور نیز واضح ہو کہ موضع بھیلوٹ میں میراں سید محمود رضی اللہ عنہ کے دائرہ میں دو سو پچاس سویتیں ہوئیں جس وقت کہ ایک سو (سویت) زیادہ ہوئی تو میراں سید محمود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بہت خواری ہوئی اور نیز نقل ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے اذاں ہونے کے بعد کھانے کا ایک لقمہ نہیں کھایا بلکہ لقمہ ہاتھ سے صحنک میں ڈال دیئے اور نیز میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ کھانے کے لئے بیٹھتے تھے تو پہلے موذن کو اطلاع کرا دیتے کہ (اذاں دینے میں) تھوڑی تاخیر کرو۔ اور میاں نظام رضی اللہ عنہ قصبہ بڑلی میں دائرہ کے ساتھ تھے نماز ظہر کی جماعت کا وقت تھا شاید ایک رکعت یا دو رکعت جماعت کے میاں خوند ملک مہاجر رضی اللہ عنہ سے فوت ہوئے تھے میاں نظام رضی اللہ عنہ نے نماز سے فارغ ہونے کے بعد اسی وقت کہا کہ میاں خوند ملک رضؓ تم میں منافقی کی صفت دکھائی دیتی ہے۔ میاں مذکور رضؓ نے کہا کیوں ایسا فرماتے ہو کہا کہ تم سے جماعت کی نماز کے دو رکعت فوت ہوئے اس کے بعد میاں مذکور رضؓ نے عذر خواہی کر کے کہا کہ یہ بندہ کھانے کے لئے بیٹھا تھا اس لئے تکبیر اولیٰ ہم سے فوت ہوئی اس کے بعد میاں نظام رضؓ نے فرمایا کہ تم مہدی علیہ السلام کی اتباع ایسی کرتے ہو کہ مہدی علیہ السلام اذاں کی آواز

